تازہ ترین خبروں کیلئے وزٹ کریں www.dailyhimmat.com

اللہ ہی ہے جو عقل شعور اور ہمت عطا کرتا ہے (حدیث)

ABC CERTIFIED کوئٹہ، مستونگ، گوادر، راولپنڈی، اسلام آباد اور چکوال سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت روزنامہ فون نمبر : 2834643 فیکس نمبر : 2827323

DAILY HIMMAT QUETTA

روزنامہ ہمت کوئٹہ

بانی زمرد حسین (مرحوم)

چیف ایڈیٹر : نادر حسین زمرد

جلد نمبر 25 | جمعرات 20 اگست 2026ء | 06 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 7 روپے | شمارہ نمبر 310

بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی کے فیصلے پر نظر ثانی درخواست دائر

درخواست میں کہا گیا کہ عدالت کا حکم اختیار سماعت سے تجاوز ہے، اس پر نظر ثانی ہونی چاہیے، بانی پی ٹی آئی کو 5 اگست 2023 کو ایڈیشنل سیشن جج نے 3 سال قید کی سنائی ہے

پاکستان پریزن رولز 1978 کے رول 197 میں قیدی کو جیل سے باہر ہسپتال منتقل کرنے کا طریقہ کار موجود ہے، ہسپتال منتقل کیے گئے قیدی کی پولیس نگرانی بھی لازم ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کی بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی کے فیصلے پر نظر ثانی درخواست دائر کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی کے فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست دائر کر دی گئی ہے۔ ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد کے توسط سے درخواست گزار چیف کمشنر اسلام آباد نے درخواست میں موقف اپنایا کہ سپریم کورٹ نے 18

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان کے اعزاز میں ڈاکٹر عمران شریف کا خصوصی عشائیہ

عشائیے میں پاکستانی امریکن کمیونٹی، امریکی سیاسی نمائندوں اور ایک پلیٹ فارم پر یکجا کیا

اسلام آباد (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کے اعزاز میں معروف پاکستانی نژاد امریکی شخصیت ڈاکٹر عمران شریف اور عفت

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کی شام کے شہداء کو خراج عقیدت، ابو الخطیب رابطہ پر اسرائیلی حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے شام کے شہداء ابو الخطیب پر اسرائیلی حملے کی مذمت کی ہے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے امریکی وفد ملاقات کر رہا ہے

ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے امریکا کو مطالبات کی فہرست تھما دی

فہرست ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر اور مرکزی مذاکرات کار محمد باقر قالیباف نے امریکا کے حوالے کی، امریکی ٹی وی

مفاہمتی یادداشت کے تحت امریکا نے ایران پر عائد اقتصادی پابندیوں کے خاتمے اور ایران کی تعمیر نو کا منصوبہ شروع کرنے پر بھی رضامندی ظاہر کی

واشنگٹن (این این آئی) ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے امریکا کو مطالبات کی فہرست تھما دی۔ امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق فہرست ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر اور مرکزی مذاکرات کار محمد باقر قالیباف نے امریکا کے حوالے کی۔ ساتھ ہی باقر قالیباف نے امریکا سے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عمل کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کی وفاقی وزیر پیٹرولیم کو ایندھن کی قیمتوں میں کمی کیلئے اقدامات کی ہدایت

کراچی جاکر مقامی طور پر تیار کردہ ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے حوالے سے اقدامات یقینی بنائیں، شہباز شریف کی علی پرویز ملک سے گفتگو

ڈیزل کی مقدار کو زیادہ تر حصہ مقامی ریفائنریز سے پورا ہو رہا ہے، ان کی قیمتوں میں کمی کیلئے وزیر پیٹرولیم ریفائنریز سے مذاکرات کو جلد مکمل کریں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کو مقامی ریفائنریز کی قیمتوں میں کمی کے حوالے سے عوامی ریلیف کیلئے فوری اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ میڈیا کی طرف سے جاری بیان کے مطابق

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کی ہدایت پر ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا 14 واں اجلاس

حساس اور متاثرہ علاقوں میں ریسکیو اور آبادی کے تحفظ کو اولین ترجیح دی جائے، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا 14 واں اجلاس وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور ترکیہ کا علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ترکیہ نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے کوششیں

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

صدر مملکت بلوچستان کی ترقی کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رہے گا، آصف زرداری

صدر مملکت وزیر اعلیٰ بلوچستان ملاقات

بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر بلوچستان کی ترقی کے راستے میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم ان کی یہ کوششیں ہر قیمت پر ناکام بنائی جائیں گی

بلوچستان کے عوام امن کے خواہاں ہیں، امن، ترقی اور عوامی خوشحالی کیلئے وفاقی حکومت کا تعاون صوبائی حکومت کے لیے انتہائی اہم ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

اسلام آباد (ن ن) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ملاقات کی، جس میں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صدر مملکت نے بلوچستان کی ترقی کیلئے عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات اور امن کے قیام کیلئے وفاقی حکومت کے تعاون

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں، سابق وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ بھی ہمراہ ہیں

ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد ہی پائیدار استحکام کی بنیاد ہے، نواب رئیسانی

عمران خان کے معاملے میں اعتماد کی بحالی کی کوشش محسوس ہوتی ہے، بلوچ پر امن افراد کے معاملے میں بھی ریاست اعتماد سازی کرے

پاکستان کے حکمرانوں کو یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ پاکستان ایک کثیر القومی ریاست ہے اور یہ افراد کی بازیابی ریاست کا فرض ہے

کوئٹہ (یو این اے) چیف آف ساراوان اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی حکومت الیکشن کمیشن کی اہم تعیناتیوں پر عمل شروع کرنے کے لیے تیار

وزیراعظم شہباز شریف اور اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے مابین پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) چیف الیکشن کمشنر اور

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سخاوت اور معاشرتی خدمت کی اپنی دیرینہ روایات پر فخر ہے، اسحاق ڈار

آفات کے حوالے سے ہمارے تجربے نے بار بار پاکستانی عوام کی استقامت، یکجہتی اور جذبہ تعاون کو ثابت کیا ہے، نائب وزیراعظم

انسانی خدمت کے لیے سرگرم تمام افراد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، انسانیت کی خدمت کے اصولوں سے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتا ہوں

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ عالمی یوم

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

طالبان رجیم میں افغانستان کے حالات دن بدن بگڑ رہے ہیں، فرانس

طالبان رجیم کے 5 سالہ قبضے کے دوران انسانی حقوق کی پامالیوں پر عالمی تشویش برقرار

پیرس (مانیٹرنگ ڈیسک) این این آئی طالبان رجیم

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آپریشن کے وقت ڈاکٹر میری ویڈیو بنا رہا تھا، خواجہ آصف کا انکشاف

نواز شریف سمیت ہم سب کو جب بھی صحت کے مسائل ہوئے تو سرکاری ہسپتالوں میں بھیجا گیا، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے انکشاف کیا ہے کہ میرے آپریشن کے وقت بانی پی ٹی آئی کا نمائندہ ڈاکٹر موبائل سے میری ویڈیو بنا

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ٹیکنالوجی برآمدات میں 18 فیصد اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی آئی ٹی اور

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خلیج فارس میں امریکی تسلط کے بعد کا نظام ابھر رہا ہے، محسن رضائی

خلیج فارس میں امریکی تسلط کے بعد کا نظام ابھر رہا ہے، سربراہ قومی سلامتی کونسل ایران

تہران (این این آئی) ایران کی قومی سلامتی کونسل

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

قومی اسمبلی کا اجلاس ملتوی کر دیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وفاع وطن کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنیوالے قومی ہیرو ہیں، صدر زرداری

راشد منہاس شہید کی برسی کے موقع پر مادر وطن کیلئے ان کی بے مثال قربانی کو بھرپور خراج عقیدت پیش

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید کا 55 واں یوم شہادت (آج) ملک بھر میں منایا جائے گا

دلے والا (آن لائن) نشان حیدر پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید کا 55 واں یوم شہادت

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاک ایتھوپیا خیر سگالی منصوبوں کیلئے مواقع موجود ہیں، رانا تنویر حسین

رانا تنویر حسین اور ایتھوپیا کے سفیر کی زیر صدارت اجلاس، زراعت اور لائیو اسٹاک میں صلاحیتوں سے استفادہ کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے پاکستان میں ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر عمر حسین ادبا کے ہمراہ اعلیٰ سطح

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

باہمی احترام فلاحی معاشرے کی حقیقی بنیاد ہیں، سپیکر قومی اسمبلی

پارلیمان پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے قانون سازی کرنے کیلئے پر عزم ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

صحت کے معاملے کو سیاست سے الگ رکھنا چاہیے، عطا تارڑ

جیل مینوئل کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو صحت کی تمام سہولتیں فراہم کی جا رہی تھیں اور دی جاتی رہیں گی، صحت کے معاملے پر سیاست نہیں کرتے

بیگم کلثوم نواز کی بیماری پر جس کم ظرفی کا مظاہرہ کیا گیا وہ سب کے سامنے ہے، بیماری کا مذاق اڑانا پی ٹی آئی کا وطیرہ رہا ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے کبھی بھی صحت کے معاملے پر سیاست نہیں کی، صحت کے معاملے کو سیاست سے الگ رکھنا چاہیے، جیل مینوئل کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو صحت کی تمام سہولتیں

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بھارتی پروازوں کیلئے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں توسیع

پاکستان ایئر پورٹ اتھارٹی نے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں توسیع کا نیا نوٹم جاری کر دیا

فضائی حدود کی بندش کا سلسلہ 23 اپریل 2025 سے شروع کیا گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی پروازوں کیلئے پاکستان کی فضائی حدود کی بندش میں 24 ستمبر تک توسیع کر دی گئی۔ پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی (پی

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ طلال چوہدری کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

عمران خان کی ہسپتال منتقلی کیس میں اضافی دستاویزات جمع، نواز شریف، آصف زرداری کا بھی ذکر

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہسپتال منتقلی کے کیس میں عظمیٰ خان نے

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی کابینہ کے 29 مہینوں کے دوران 67 اجلاس، 2 ہزار 5 سو سے زائد فیصلے کیے گئے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی کابینہ کے 29 مہینوں کے دوران 67 اجلاس ہوئے جن

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آپریشن سے قبل ایچ آئی وی سکریننگ کو یقینی بنایا جائیگا، مصطفیٰ کمال

زیر صدارت اجلاس میں انسداد ایچ آئی وی پروگرام پر عملدرآمد، نگرانی کے نظام، جاری اقدامات کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی زیر صدارت وزارت صحت میں ایچ آئی وی/ایڈز سے متعلق جوائنٹ ورکنگ گروپ کا اجلاس

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ نے نجی ہسپتال کا دورہ نہیں کیا، سرکاری ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) سرکاری ذرائع نے کہا ہے کہ اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ نے نجی ہسپتال کا

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سرکاری بجلی میٹرز کو اے ایم آئی میٹرز سے تبدیل کیا جائے، سیکرٹری پاور ڈویژن

ایک ماہ کے اندر 90 فیصد سرکاری کنکشنز کو اے ایم آئی میٹرز پر منتقل کیا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) سیکرٹری پاور ڈویژن ڈاکٹر

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

طلال چوہدری سے گوگل کے سینئر ڈائریکٹر کی قیادت میں وفد کی ملاقات

خوف و ہراس پھیلاؤ سے بچنے کیلئے سوشل میڈیا کی انتہائی موثر نگرانی ناگزیر ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت داخلہ طلال

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آبنائے ہرمز کی صورتحال پر غیر یقینی، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں مزید بڑھ گئیں

لندن (این این آئی) آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل کی برآمدات کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال کے باعث عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں مسلسل چوتھے روز اضافہ ہو گیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق سرمایہ کار تہران اور واشنگٹن کے متضاد بیانات کا جائزہ لے رہے ہیں کہ آبنائے ہرمز سے

بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ڈیزل کی قیمت میں 30 سے 32 روپے فی لیٹر کمی کا امکان

خطے میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، مشکل وقت ضروری ختم ہو گا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ اور وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے آئل

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

حکومت اور ریاست کی جوڑی، کسی سازش کی گنجائش ہی نہیں، طلال

پی ٹی آئی نے عدالتی فیصلے پر مٹھائی جلد کھا لی ہے، انہیں مٹھائی کھانے میں تھوڑا انتظار کرنا چاہیے تھا، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، 2027 میں شنگھائی تعاون تنظیم سربراہی اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے 2027 میں پاکستان کی میزبانی میں ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم سربراہی اجلاس کے حوالے سے یہاں ایک اجلاس کی صدارت کی۔ بدھ کو دفتر خارجہ کے مطابق چیئرمین سی ڈی اے نے اجلاس کو مختلف ترقیاتی اور انفراسٹرکچر منصوبوں پر پیش رفت بارے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی حکومت کا نیشنل بینک کی قیادت میں تبدیلی کا فیصلہ کرلیا

ظفر مسعود نیشنل بینک کے نئے صدر/سی ای او کے مضبوط امیدوار بن گئے

لاہور (آن لائن) وفاقی حکومت نے دو بڑے سرکاری بینکوں کی قیادت میں تبدیلی کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق بینک آف پنجاب کے

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کے ٹیکس نظام سے کسی بھی طبقے کو باہر نہیں رکھا جاسکتا، محمد اورنگزیب

حکومت کا مقصد تمام کاروباری طبقات کو قومی ٹیکس دائرے میں لانا اور ٹیکس نظام کو آسان، شفاف اور کاروبار دوست بنانا ہے

آسان ٹیکس سکیم کے تحت ایپ میں رجسٹرڈ دکانداروں کی سیل پر ایک فیصد ٹیکس عائد ہوگا، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے ریٹیلر اسکیم ایپ کے اجرا کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے ٹیکس نظام سے کسی بھی طبقے کو باہر نہیں رکھا جاسکتا، حکومت کا مقصد تمام کاروباری طبقات کو قومی ٹیکس دائرے میں لانا اور ٹیکس نظام کو آسان، شفاف اور کاروبار دوست بنانا ہے، چھوٹے دکانداروں اور تاجروں کے لیے متعارف کرائی گئی آسان ٹیکس سکیم اسی مقصد کی جانب اہم قدم ہے۔

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

غزہ اسرائیلی حملہ، 5 حماس رہنما جاں بحق

نشانہ بنائے گئے افراد اسرائیلی فورسز پر حملوں کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، صیہونی فوج

اسرائیلی فوج نے ان رہنماؤں کی شناخت ظاہر نہیں کی جنہیں نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا گیا ہے

غزہ (این این آئی) غزہ شہر کی بندرگاہ کے قریب ایک اسرائیلی ڈرون حملے میں کم از کم پانچ افراد جاں بحق ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلاول زرداری کی محمود خان اچکزئی اور راجہ ناصر عباس سے ملاقات

اپوزیشن کا پارلیمانی کمیٹیوں میں شمولیت پر پی ٹی آئی چیئرمین سے مشاورت کے بعد فیصلے کا اعلان

کوئٹہ، اسلام آباد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے قومی اسمبلی کے اپوزیشن چیمبر میں نیشنل اسمبلی کے قائد حزب

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید خان ناصر سے امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر ملاقات کر رہی ہیں

چین اور پاکستان کا چھوٹے کاروباری اداروں کی ڈیجیٹل توسیع کیلئے اے آئی تربیتی پروگرام شروع

اسلام آباد (این این آئی) مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے فروغ سے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نواز شریف نے آزاد کشمیر اسمبلی کی مخصوص نشستوں کے لیے پارٹی ٹکٹوں کی منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر جناب نواز شریف نے آزاد

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی کی اپنے قائد کیلئے این آر او کی خواہش اب نئی بلندیوں کو چھو رہی ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی اپنے قائد کیلئے این آر او حاصل کرنے کی خواہش اب نئی بلندیوں کو چھو رہی ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر بیان

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیر خزانہ نے امریکا سے 10 ارب ڈالرز کی مالی سہولت مانگنے کی تصدیق کردی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے امریکا سے 10 ارب ڈالرز کی مالی سہولت مانگنے کی تصدیق کرتے ہوئے ستمبر تک درخواست پر پیش رفت کا امکان ظاہر کیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین سینیٹ کی پرتگالی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

اقتصادی تعلقات کو مزید وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں، گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں پرتگال کے سفیر عزت مآب پالو میگوئل گیدیز ڈومنگیز نے منسٹرز انکلیو اسلام آباد میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

عمران خان کوئی ڈیل نہیں کر رہے، بیرسٹر گوہر

عمران خان کے علاج سے متعلق سپریم کورٹ کے آرڈر پر عملدرآمد ہونے دیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

معیاری درسی کتاب کسی بھی تعلیمی نظام کی بنیاد ہوتی ہے، راحیلہ درانی

جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نصابی کتب کی تیاری کے لیے مصنفین، ایڈیٹرز، جائزہ کاروں اور دیگر متعلقہ ماہرین کی تربیت ناگزیر ہے

بلوچستان کی درسی کتب صوبے کے معروف ماہرین تعلیم، محققین، ماہرین مضمون اور قابل اساتذہ کی علمی و تحقیقی کاوشوں کا نتیجہ ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے زیر اہتمام بک رائٹرز، مصنفین، ایڈیٹرز، صوبائی جائزہ کاروں، کمپوزنگ و لے آؤٹ، نگران طباعت اور پرنٹرز کی استعداد کار میں اضافے کے لیے تین روزہ افتتاحی تربیتی ورکشاپ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بیرون ملک بھیک مانگنے کے الزام میں ایک سال کے دوران 950 پاکستانی ڈی پورٹ

کراچی (این این آئی) بیرون ملک بھیک مانگنے کے الزام میں ایک سال کے دوران 950 پاکستانی ڈی پورٹ کیے گئے۔ پاکستان سے باہر جا کر بھیک مانگنے کے الزام میں امریکا سمیت مختلف ممالک سے ایک سال کے دوران 950 پاکستانی ڈی پورٹ کیے گئے جبکہ کراچی ایئرپورٹ

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ نے اغوا برائے تاوان کے ملزم کو 12 سال بعد بری کردیا

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے اغوا برائے تاوان کے مقدمے میں اہم فیصلہ سناتے

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کی امریکی سفارتخانے کے ڈپٹی چیف آف مشن سے ملاقات

پاکستان اور امریکہ کے تعلقات کو پائیدار، ادارہ جاتی اور پارلیمانی شراکت داری میں تبدیل کرنے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد / کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے امریکی سفارتخانے اسلام آباد کی ڈپٹی چیف آف مشن (نائب سربراہ

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ڈسٹرکٹ جوڈیشری کے 6 افسران کے تقرر و تبادلے ہوگئے

سیشن ججز اور ایڈیشنل سیشن ججز کی نئی تعیناتیوں کا نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (یو این اے) چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ کی منظوری سے ڈسٹرکٹ جوڈیشری کے 6 جوڈیشل افسران کے تقرر و تبادلے کر دیے گئے، جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج قلعہ عبداللہ

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کرنا اولین ترجیح ہے، سلیم کھوسہ

عوام کو معیاری سہولیات کی فراہمی اور انفراسٹرکچر کی بہتری کا انحصار محکمہ کی مؤثر اور بروقت کارکردگی پر ہے

صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کرنا صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے کیونکہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں محکمہ مواصلات و

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

غزہ کی صرف تین فیصد زرعی زمین نقصان سے محفوظ ہے، اقوام متحدہ

اکتوبر 2025 سے 17.3 فیصد گر کر یہ اب تک 224 ہیکٹر رہ گئی، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (ایف اے او) نے سیٹلائٹ تصاویر کے تجزیے کا حوالہ دیتے ہوئے خبردار کیا ہے

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پاسپورٹ آفس کے اچانک دورہ کے موقع پر عوام سے بات چیت کر رہے ہیں

پانی زندگی ہے اور پانی کا تحفظ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے، سردار ایاز صادق

بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی معطلی بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے، زیرزمین آبی ذخائر کی بحالی آبی تحفظ کے لیے ناگزیر ہیں

پانی کا تحفظ پاکستان کی فوڈ سیکیورٹی، معاشی استحکام اور قومی سلامتی سے براہ راست جڑا ہوا ہے، صاف پانی تک رسائی یقینی بنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی معطلی بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے، پانی زندگی ہے اور پانی کا تحفظ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے، پانی کا تحفظ پاکستان کی فوڈ سیکیورٹی، معاشی استحکام اور قومی سلامتی سے براہ راست جڑا ہوا ہے، پانی کا مسئلہ کسی ایک شعبے تک محدود نہیں رہا بلکہ قومی سلامتی کا معاملہ ہے،

(بقیہ 13 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

اتحاد بین المسلمین کانفرنس، 12 ربیع الاول پر فول پروف سیکیورٹی کا فیصلہ

علما کرام اور تاجروں کا امن و امان کے قیام اور انتظامیہ سے بھرپور تعاون کا اعادہ

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاالحق مندوخیل، ایس ایس پی ٹریفک محمد بلوچ، علما کرام، تاجران اور مختلف مکاتب فکر کے نمائندوں کی شرکت سے اتحاد بین المسلمین واتحر فیتھ ہارمونی کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں 12 ربیع الاول، عید میلاد النبی

(بقیہ 1 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک، سپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے ان کے فرزند کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پشین، پولیس کی کارروائی 27 کروڑ روپے مالیت کی منشیات برآمد

برآمد شدہ تمام کیمیکل کو ڈی ایس پی، مجسٹریٹ اور تحصیلدار کی موجودگی میں موقع پر ہی نذر آتش کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے پشین میں پولیس اور ضلعی انتظامیہ نے انٹیلی جنس بیسڈ معلومات پر ہی ایک مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 27 کروڑ روپے مالیت کی منشیات برآمد کر کے تلف کردی اور منشیات کی تیاری کے لیے استعمال ہونے

(بقیہ 2 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)



چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شوکت جوگیزئی سے صوبائی وزیر ایکسائز محمد خان لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے صحافیوں کے وفد کی ملاقات

کوئٹہ اسلام آباد (یو این اے) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ (پی ایف یو جے) اور (آر آئی یو جے) راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹ کی ایگزیکٹو کونسل کے وفد نے صدر پی

(بقیہ 3 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

علی مدد جتک کا کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (رخ ن) صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے آج اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی رہائش گاہ پر جا کر ان کے جواں

(بقیہ 4 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم شدید گرم اور خشک رہنے کا امکان

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں آنے والے دنوں کے دوران موسم شدید گرم اور خشک رہے گا۔ صوبائی

(بقیہ 5 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

قلعہ عبداللہ، میزئی اڈہ کے قریب فائرنگ دو افراد شدید زخمی

قلعہ عبداللہ (یو این اے) ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے میزئی اڈہ، توت اڈہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔

(بقیہ 6 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

حکومت نے جام غلام قادر ٹیچنگ ہسپتال کی ماڈرنائزیشن منصوبے کی منظوری دیدی

55 کروڑ روپے کے فنڈز ہسپتال میں بنیادی سہولیات انفراسٹرکچر کی ڈیولپمنٹ کیلئے مختص کیے گئے ہیں

کوئٹہ (رخ ن) حکومت بلوچستان نے گورنمنٹ جام غلام قادر ٹیچنگ ہسپتال حب کی ماڈرنائزیشن منصوبے کی منظوری دیدی ہے پی ایس ڈی پی کے تحت 55 کروڑ روپے کے فنڈز ہسپتال میں بنیادی سہولیات انفراسٹرکچر کی ڈیولپمنٹ کیلئے مختص کیے گئے ہیں یہ بات ڈپٹی کمشنر حب جمعدار مندوخیل نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کو بریفنگ میں بتاء اس موقع پر ایم ایس جام غلام قادر ٹیچنگ ہسپتال حب کے ایم ایس ڈاکٹر ناظر پیرامیڈیکس اور میڈیکل افسران موجود تھے ڈپٹی کمشنر نے پی ایس ڈی آر کے تحت ہسپتال میں بنیادی سہولیات فراہمی کیلئے ماڈرنائزیشن پلان ہسپتال کے طبی عملے کی حاضری یقینی اور مانیٹرنگ کے موثر اقدامات سے کمشنر آگاہ کیا کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے گورنمنٹ جام غلام قادر 50 بیڈڈ ٹیچنگ ہسپتال کے

(بقیہ 9 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

سیکرٹری محکمہ آبپاشی بلوچستان کی زیر صدارت اہم جائزہ اجلاس

اجلاس میں مکمل کیے گئے منصوبوں اور مستقبل میں شروع کیے جانے والے منصوبوں سے متعلق غور و خوض کیا گیا

کوئٹہ (رخ ن) سیکرٹری محکمہ آبپاشی بلوچستان سہیل الرحمٰن بلوچ کی زیر صدارت محکمہ آبپاشی کا اہم جائزہ اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس میں محکمہ کے اعلیٰ افسران اور متعلقہ شعبوں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، مکمل کیے گئے منصوبوں اور مستقبل میں شروع کیے جانے والے منصوبوں سے متعلق تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس کے دوران متعلقہ افسران نے سیکرٹری آبپاشی کو مختلف ترقیاتی منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت، تعمیراتی کام کی موجودہ صورتحال، تکمیل کے مراحل، درپیش مسائل اور

(بقیہ 10 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

ڈاکٹر کمالان گچکی پر قاتلانہ حملہ، معجزانہ طور پر محفوظ رہے

کوئٹہ (آن لائن) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ فاطمہ جناح ڈیزیز ہسپتال کوئٹہ کے ڈاکٹر کمالان گچکی پر قاتلانہ حملہ کیا گیا وہ معجزانہ طور پر محفوظ رہے پولیس نے کارروائی شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب فاطمہ جناح ڈیزیز ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر کمالان گچکی کے گھر پر فائرنگ کی گئی جس میں وہ ان کے اہلخانہ معجزانہ طور

(بقیہ 15 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

نظم و ضبط کی خلاف ورزی پر ڈی ایس پی عبدالحکیم ملازمت سے برطرف

کوئٹہ (پ ر) سنٹرل پولیس آفس کے ایک اعلامیہ کے مطابق ڈی ایس پی عبدالحکیم (سابق انسپکٹر اسلحہ خانہ لیویز) حال ڈی ایس پی بلوچستان پولیس کو مسلسل غیر قانونی طور پر غیر حاضر رہنے، شدید بدتمیزی اور کسی بھی سرکاری اظہار وجوہ کے نوٹس کا جواب نہ دینے پر سرکاری ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہے۔

پولیس کی کارروائی کرایہ داری ایکٹ سمیت دیگر جرائم میں ملوث 8 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے کرایہ داری ایکٹ سمیت دیگر جرائم میں ملوث 8 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ہزاروں روپے، اسلحہ برآمد کر کے غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 14 افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا۔ متعدد گاڑیوں سے کالے شیشے اور بغیر نمبر پلیٹ کے متعدد موٹر سائیکلیں بند کر دیں۔ ایس ایس پی

(بقیہ 16 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

کیسکو کے سابق سی ای او اور چیف انٹرنل آڈیٹر کیخلاف ایف آئی اے کا مقدمہ درج

دوہری ملازمت، اختیارات کے ناجائز استعمال اور جعلی تقرری کے الزامات پر تحقیقات کا آغاز

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) بلوچستان زون نے اس وقت کیکوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے سابق چیف ایگزیکٹو آفیسر یوسف شاہ خان اور چیف انٹرنل آڈیٹر محمد احمد بلال کے خلاف دوہری ملازمت، جعلسازی، دھوکہ دہی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے الزامات میں مقدمہ درج کر کے

(بقیہ 14 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

اوتھل، بکران کوسٹل ہائی وے پر گیس باؤزر میں آتشزدگی کے آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر ٹرالر اور موٹر سائیکل میں تصادم، دو افراد جاں بحق

حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، لاشوں کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا گیا، پولیس

وڈھ (یو این اے) وڈھ، کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ وڈھ کے قریب ٹرالر اور موٹر سائیکل میں ہولناک تصادم دو افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی MERC ریسکیو سینٹر 1122 کی ایمرجنسی ٹیم اور وڈھ پولیس جائے حادثہ پر پہنچ گئی۔ تفصیلات

(بقیہ 7 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

نیشنل کلائمیٹ جسٹس یوتھ فلم فیسٹیول میں جامعہ بلوچستان نے پہلی پوزیشن حاصل کرلی

شعبہ صحافت کے طلبہ نے مسلسل دوسری مرتبہ فیسٹیول جیت کر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، ڈاکٹر فہیم بلوچ

کوئٹہ (رخ ن) نیشنل کلائمیٹ جسٹس یوتھ فلم فیسٹیول میں جامعہ بلوچستان کے شعبہ صحافت کے طلبا نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد میں منعقدہ نیشنل کلائمیٹ جسٹس یوتھ فلم

(بقیہ 8 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ قابل مذمت ہے، مرکزی تنظیم تاجران

موجودہ حکومت اور انتظامیہ کو عوام، تاجروں سمیت تمام مکاتب فکر سے کوئی سروکار نہیں

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کی صوبائی کابینہ ایگزیکٹو کمیٹی اور کٹ پیس مارکیٹ کے عہدیداروں نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی اور گیس کی طویل لوڈشیڈنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اور متعلقہ انتظامیہ عوام کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہو چکی ہے جس کی وجہ سے لوگوں کی زندگی اجیرن بن گئی ہے گیس اور بجلی کی کئی گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ نے لوگوں کا کاروبار کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقوں مسجد روڈ، قندھاری بازار، کٹ پیس

(بقیہ 11 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

بلوچستان کا استحکام سیاسی استحکام کیساتھ لازم و ملزوم ہے، مولانا واسع

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام صوبہ بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ بلوچستان کا استحکام سیاسی استحکام کے ساتھ لازم و ملزوم ہے اور بلوچستان کے بنیادی مسائل کے پائیدار حل کے بغیر پاکستان کی پائیدار ترقی اور حقیقی استحکام ممکن نہیں، بدقسمتی سے بعض تلخ زمینی حقائق

(بقیہ 17 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

'میں' میں ہیلتھ کارڈ پروگرام کے تحت گردے کی دوسری کامیاب پیوند کاری مکمل

58 سالہ بھائی نے 53 سالہ بھائی کو گردہ عطیہ کر کے ایثار کی مثال قائم کردی: ترجمان میں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف نفرو یورالوجی میں میں بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے تحت دوسری کامیاب گردہ پیوندکاری مکمل کرلی گئی۔ یہ اہم طبی کامیابی وزیرصحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمن کے وژن کے مطابق، جبکہ چیف ایگزیکٹو آفیسر میں پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق ناصر کی رہنمائی میں حاصل کی گئی۔ کامیاب پیوند کاری کے دوران 58 سالہ دوست محمد نے اپنے 53 سالہ بھائی شیر محمد کو اپنا گردہ عطیہ کیا۔ دونوں کا تعلق ضلع کوئٹہ سے ہے اور ٹرانسپلانٹ کے بعد ڈونر اور ریسپٹ کی حالت تسلی بخش بتائی گئی ہے، جبکہ دونوں تیزی سے روبہ صحت ہیں۔ دوست محمد نے اپنے بھائی کو گردہ عطیہ کرکے

(بقیہ 19 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

ڈاکٹر کمالان گچکی پر قاتلانہ حملے کی مذمت کرتے ہیں، وائی ڈی اے

حملے کے بعد ملزمان کا با آسانی موقع سے فرار ہو جانا انتہائی تشویشناک ہے

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے ڈاکٹر کمالان گچکی پر ہونے والے قاتلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے حملہ آوروں کی فوری گرفتاری اور واقعے میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے مطابق ڈاکٹر کمالان گچکی پر قاتلانہ حملہ کیا گیا، تاہم ڈاکٹر محفوظ رہے اور کسی بڑے نقصان سے بال بال بچ گئے۔ حملے کے بعد ملزمان کا با آسانی موقع سے فرار ہو جانا انتہائی تشویشناک ہے اور اس سے

(بقیہ 20 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

اورماڑہ، مکران کوسٹل ہائی وے پر باؤزر اور کار میں تصادم، 6 افراد جاں بحق

ٹویوٹا کرولا تربت کی جانب جا رہی تھی، جاں بحق افراد میں دو مرد، دو خواتین اور دو بچے شامل ہیں

حادثے کے بعد شاہراہ پر ٹریفک بحال کر دی گئی، دونوں اطراف سے آمدورفت معمول کے مطابق جاری ہے

گوادر (نمائندہ ہمت) اورماڑہ کے قریب مکران کوسٹل ہائی وے N-10 ... [illegible]

(بقیہ 46 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

مولانا ہدایت الرحمان کا گوادر یونیورسٹی اور گرلز ڈگری کالج کا دورہ

یونیورسٹی کی ضروریات کے حل کیلئے گورنر اور وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کرینگے

[illegible]

(بقیہ 12 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

میر حاصل خان بزنجو کی برسی پر نیشنل پارٹی کا خراج عقیدت

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو نے میر جمہوریت میر حاصل خان بزنجو کی برسی کے موقع پر جاری بیان میں میر جمہوریت کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ میر حاصل خان بزنجو جمہوریت، آئین کی بالادستی، عوامی حاکمیت اور قومی خودمختاری

(بقیہ 18 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

خود احتسابی اور دیانت داری اسلام کے بنیادی اصول ہیں، فرحان یوسف

نیب بلوچستان کا "کرپشن کے خاتمے میں طلباء کا کردار" کے موضوع پر آگاہی لیکچر کا انعقاد

کوئٹہ (پ ر) نیب بلوچستان کا لیڈرز اوڈیسی سکول اینڈ کالج کوئٹہ میں "کرپشن کے خاتمے میں طلباء کا کردار" کے موضوع پر آگاہی لیکچر کا انعقاد بدعنوانی کے خلاف جاری آگاہی مہم کے سلسلے میں، نیب بلوچستان نے لیڈرز اوڈیسی سکول اینڈ کالج کوئٹہ میں "بدعنوانی کے خاتمے میں طلبا کے کردار اور نیب کے کام کا طریقہ کار" کے حوالے سے ایک آگاہی لیکچر کا انعقاد کیا۔ لیکچر کا بنیادی مقصد نوجوانوں بالخصوص طلباء کو بدعنوانی کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا اور بدعنوانی سے پاک معاشرے کی تعمیر کے لیے اجتماعی کوششوں کو فروغ دینا تھا۔ نیب بلوچستان کی جانب

(بقیہ 21 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر، بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ... [illegible] ... بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی ماہر تعلیم، کتب رائٹرز، ایڈیٹرز اور جائزہ کاروں کی استعداد میں اضافے کیلئے منعقدہ ورکشاپ کے اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کا ایم ایس فاطمہ جناح ہسپتال پر قاتلانہ حملے کی مذمت

ملزمان کو فوری گرفتار کر کے ہسپتالوں کی سیکیورٹی سخت کی جائے، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (یو این اے) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے فاطمہ جناح ہسپتال کوئٹہ کی حدود میں ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر کمالان گچکی پر ہونے والے مبینہ قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری اور سخت قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ الحمدللہ ڈاکٹر کمالان گچکی حملے میں محفوظ رہے اور ان کی حالت خطرے سے باہر ہے بیان میں کہا گیا کہ ہسپتال ایک مقدس مقام ہے جہاں مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے، ہسپتال کی حدود میں ڈاکٹرز اور طبی عملے پر حملہ قانون کی کھلی خلاف ورزی اور پورے صحت کے نظام کے لیے خطرے کی گھنٹی

(بقیہ 27 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

جے یو آئی کا نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کا مطالبہ

تعلیم یافتہ نوجوان ڈگریاں لیے در بدر پھرنے پر مجبور ہیں مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعداللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ ملاخیل نے کہا ہے کہ حکومت نوجوانوں کے لیے روزگار کے باعزت مواقع پیدا کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوان ڈگریاں ہاتھ میں لیے روزگار کے حصول کے لیے

(بقیہ 28 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

نوابزادہ خالد خان مگسی اور دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر و وفاقی وزیر نوابزادہ خالد خان مگسی، صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی، اور سینیٹر سعید احمد ہاشمی نے اپنے الگ الگ تعزیتی بیان میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق

(بقیہ 31 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

کوئٹہ میں پولیس تھانے پر دستی بم حملوں میں ایک اہلکار زخمی ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پولیس تھانے پر دستی بم حملوں میں ایک اہلکار زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق بدھ کی رات کوئٹہ کے علاقے سیچی بیگ پولیس تھانے پر نامعلوم افراد نے دستی بموں سے حملہ کردیا جس کے نتیجے میں ایک اہلکار وسیم زخمی

(بقیہ 32 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

گوگل مقامی دفتر، ڈیجیٹل تبدیلی کی جانب اہم پیش رفت ہے، شزا فاطمہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ گوگل کا پاکستان میں مقامی دفتر ملک میں ڈیجیٹل تبدیلی کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ اپنے بیان میں شزا فاطمہ نے کہا کہ گوگل کی پاکستان میں آمد ڈیجیٹل معیشت پر عالمی اعتماد کا

(بقیہ 33 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

حب پولیس کی کارروائی مطلوب ملزمان گرفتار غیر اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی

کوئٹہ (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس حب نے ضلع کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے مطلوب ملزمان کو گرفتار کر کے غیر قانونی اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق تھانہ ساکران کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے

(بقیہ 34 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

نوید احمد کا سرفراز خان کی وفات پر تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ بلوچستان کے صوبائی صدر چوہدری نوید احمد، صوبائی جنرل سیکرٹری وحید کاسی، صوبائی نائب صدور عبدالمجید زہری و محمد اعظم جدون، سیکرٹری نشر و

(بقیہ 35 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

کیسکو کی جانب سے بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیے کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمت اور ترقیاتی کام کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 20 اگست کو (بروز جمعرات) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن

(بقیہ 36 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

کمشنر لسبیلہ سائرہ عطا کا جام غلام قادر ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

دوران آپریشن بجلی کی عدم دستیابی پر جی ایم کے الیکٹرک کے خلاف خط لکھنے کی ہدایت

حب (یو این اے) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا نے 50 بستروں پر مشتمل جام غلام قادر ٹیچنگ ہسپتال حب کا دورہ کیا اور آپریشن تھیٹر میں دوران آپریشن بجلی کی عدم دستیابی کا سخت نوٹس لیا۔ کمشنر سائرہ عطا نے ڈپٹی کمشنر حب کو ہدایت کی کہ کے الیکٹرک کی انتظامیہ کے جنرل منیجر کے خلاف اعلیٰ حکام کو فوری طور پر خط لکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی جان سے بڑھ کر کوئی چیز قیمتی نہیں، اسپتال میں بجلی کی فراہمی میں غفلت کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ روزانہ معمول فالٹ دور کرنے میں کے الیکٹرک حکام کی ناکامی ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے۔ صنعتی زون سے بھاری ریونیو وصول کرنے کے باوجود کے الیکٹرک انتظامیہ کا حب کے ساتھ رویہ ناقابل قبول ہے۔ کمشنر نے کہا کہ جام غلام قادر ٹیچنگ ہسپتال میں ماہانہ 400

(بقیہ 22 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

عین الحق مندوخیل کی مسلم لیگ (ن) میں شمولیت سے پارٹی مضبوط ہوگی، جمال شاہ

آئندہ انتخابات میں مسلم لیگ (ن) بھرپور کامیابی حاصل کرے گی، شمولیتی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ عین الحق مندوخیل کی پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت سے پارٹی مزید مضبوط ہوگی، آئندہ انتخابات میں مسلم لیگ (ن) بھرپور کامیابی حاصل کرے گی اور میر سلیم احمد کھوسہ وزیراعلیٰ بلوچستان ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیاسی و سماجی رہنما عین الحق مندوخیل کی پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ، راحیلہ

(بقیہ 23 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

بلوچستان میں ایل پی جی سپلائی پر حملے معیشت کیلئے خطرہ ہیں، سینیٹر عبدالقادر

بلوچستان کے زمینی راستوں میں خلل قومی سپلائی چین کو بھی متاثر کرتا ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ایل پی جی ٹینکروں کو نشانہ بنانے اور نذر آتش کرنے کے واقعات صوبے کے عوام، تجارت اور معیشت پر براہ راست منفی اثرات مرتب کر رہے ہیں۔ اگر صورتحال پر قابو نہ پایا گیا تو آنے والے دنوں میں ایل پی جی کی قلت اور قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ، نوشکی، دالبندین اور تفتان کے راستے آنے والی ایل پی جی سپلائی کو خصوصی سیکیورٹی خطرات

(بقیہ 24 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص اشیاء کیخلاف کارروائیاں تیز

کارروائی میں خراب گوشت، چوہوں کی بیٹ، کاکروچ، گندے کچن سمیت متعدد خلاف ورزیاں سامنے آئیں

کوئٹہ (رخ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے صوبہ میں غیر معیاری اور ناقص اشیاء خوردونوش کی تیاری و فروخت کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کر دیں۔ کوئٹہ، تربت، اوستہ محمد، مسلم باغ، خضدار اور حب سمیت مختلف علاقوں میں فوڈ سیفٹی ٹیموں کی جانب سے معائنے کے دوران 45 فوڈ یونٹس کو جرمانے جبکہ 50 سے زائد مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق بی ایف اے معائنہ ٹیموں نے چکنگ یونٹس، جنرل اسٹورز، سویٹس، ریسٹورنٹس، بیف شاپس، ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، پلیٹ مینوفیکچرنگ یونٹس، مصالحہ پراسیسنگ یونٹس، نان شاپس اور ملک شاپس سمیت مختلف مراکز کا معائنہ کیا۔ کوئٹہ کے علاقوں چیل روڈ، موتی رام روڈ اور شاہ کشاہ روڈ پر کارروائی کے دوران پکوان ہاؤس، باربی کیو پوائنٹ اور آر او

(بقیہ 25 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

موسیٰ خیل، ضلعی انتظامیہ کا یوم آزادی کی مناسبت سے پروقار تقریب کا انعقاد

طلباء نے پرجوش تقاریر، ملی نغموں اور ٹیبلوز کے ذریعے جذبہ حب الوطنی کا اظہار کیا

موسیٰ خیل (رخ ن) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ڈاکیان میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام یوم آزادی کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق مجیک نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جبکہ ان کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل نجیب اللہ کاکڑ اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر حافظ جمال الدین بزدار بھی موجود تھے۔ تقریب میں قبائلی عمائدین اور طلباء نے شرکت کی۔ طلباء نے پرجوش تقاریر، ملی نغموں اور ٹیبلوز کے ذریعے جذبہ حب الوطنی کا اظہار کیا۔ اس پرجوش ماحول میں ایک انتہائی دلکش اور یادگار رہا۔ اس

(بقیہ 26 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

ملکی معیشت کی مضبوطی میں مزدوروں کا اہم کردار ہے، شعیب نوشیروانی

شہید کانکنوں کے لواحقین کیلئے صوبائی حکومت کی پانچ لاکھ کی امدادی رقم میں اضافہ کیا جائے: سلطان محمد خان

کانکنوں کی جان و مال کا تحفظ، حکومت، مائن مالکان اور متعلقہ اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے: عبدالستار

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے ایک وفد نے سلطان محمد خان کی قیادت میں صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے ملاقات کی، اس موقع پر چیف انسپکٹر مائنز محمد عاطف ہزارہ بھی موجود تھے۔ وفد میں عبدالستار، آصف شاہ، عجب خان، شاہنواز زہری، محمد اسد اور احمد خان سمیت دیگر ٹریڈ یونین نمائندے شامل تھے۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی مائنز میں پیش آنے والے حالیہ اور گزشتہ حادثات، کان کنوں کی صحت و سلامتی، حفاظتی اقدامات، مائنز حادثات کے حوالے سے موجودہ قوانین، شہید کان کنوں کے لواحقین کو دی جانے والی حکومتی امداد اور معاوضے کے معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ٹریڈ یونین نمائندوں کے وفد نے

(بقیہ 37 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

امدادی کارکنان بے لوث خدمت کی روشن مثال ہیں، وفاقی وزیر قانون

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ امدادی کارکنان انسانیت، ہمدردی اور بے لوث خدمت کی روشن مثال ہیں، پاکستان انسانی حقوق، احترام انسانیت اور قانون کی حکمرانی پر قائم ہے، انسانی ہمدردی کے موثر نظام میں امداد

(بقیہ 38 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

انسپکٹوریٹ آف مائنز کا حادثات کی روک تھام کے حوالے سے تربیتی پروگرام کا انعقاد

مچھ (رخ ن) انسپکٹوریٹ آف مائنز مچھ کے زیر اہتمام مائنز ورکرز کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے، حفاظتی اصولوں پر موثر عملدرآمد اور کان کنی کے دوران حادثات کی روک تھام کے لیے ایک روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر انسپکٹر آف مائنز مچھ قربان علی عمرانی، الیکٹرک

(بقیہ 39 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

ایران جنگ کو امریکہ کیساتھ یورپ تک لے جاسکتا ہے، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کی جانب سے مذاکرات کا دروازہ بند کیے جانے اور ایران کے اپنی شرائط اور موقف پر ڈٹے رہنے کے باعث صورتحال مزید کشیدگی کی طرف بڑھتی دکھائی دے رہی ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ایرانی ذرائع نے انکشاف کیا کہ ایران اس امکان کا جائزہ لے رہا ہے کہ اگر امریکی صدر ڈونلڈ

(بقیہ 40 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

شام میں ٹنوں کے حساب سے جوہری مواد ملا ہے، سربراہ بین الاقوامی جوہری ادارہ

دمشق (این این آئی) اقوام متحدہ کے جوہری واچ ڈاگ ادارے کے سربراہ نے انکشاف کیا ہے کہ ادارے کے معائنہ کاروں کو شام میں کئی ٹن جوہری مواد ملا ہے۔ شام میں جوہری تنصیبات سے ملنے والے اس مواد کے بارے میں معائنہ کاروں نے

(بقیہ 41 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج میں تدریسی عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

وڈھ بازار میں فائرنگ ایک شخص جاں بحق ایک زخمی

ملزمان مبینہ طور پر وڈھ بازار میں دھماکے اور گاڑیوں پر حملہ میں ملوث بتائے جاتے ہیں

خضدار (آن لائن) بلوچستان کے علاقے وڈھ بازار میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔ جن کے قبضے سے دستی بم اور پسٹل برآمد ہوا نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز وڈھ بازار میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک شدید زخمی ہوگیا جس کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کردیا گیا

(بقیہ 42 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

موجودہ حالات میں مقررہ تنخواہ پر گزارا کرنا مزدور طبقے کیلئے مشکل ہو چکا ہے، خان زمان

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ، مزدوروں کی اجرت میں ماہانہ اضافہ کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد عمر بنگش، عارف خان نیچاری، دین محمد محمد حسنی، ملک وحید کاسی، ملک محمد حسین ہنگورگی، ظفر خان رند، سید منظور شاہ، فضل محمد یوسفزئی، انجینئر نجیب اللہ مری و دیگر رہنماؤں نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ عوام اور خصوصاً مزدور اور محنت کش طبقے کے لیے ناقابل برداشت بوجھ بنتا

(بقیہ 43 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

اوستہ محمد، نومولود بچوں کی بہتر نشوونما کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد

ماں کے دودھ پینے سے بچے کے مدافعتی مضبوط ہوتا ہے، شوکت علی جتوئی

اوستہ محمد (نامہ نگار) محکمہ بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ اور یونیسف کے تعاون سے نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ شوکت علی جتوئی کی جانب سے ماں کے دودھ کی افادیت واہمیت اور نومولود بچوں کی بہتر نشوونما۔ کے حوالے سے آگاہی واک و سیمینار کا انعقاد کیا گیا سیمینار سے اسسٹنٹ کمشنر رمضان اشتیاق ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی ایم ایس سید زین العابدین شاہ ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی عبدالحئی کھوسہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ

(بقیہ 44 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

گوادر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں صحت کے شعبے میں انتظامی نظم و ضبط اور سروس ڈیلیوری کو مزید مؤثر بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی

گوادر، (رخ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور نے کی۔ اجلاس میں ضلع گوادر میں صحت عامہ کی صورتحال، سرکاری و نجی طبی اداروں کی کارکردگی، ہسپتالوں کو درپیش مسائل اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر یاسر طاہر، جی ڈی اے ہسپتال کے سی ای او ڈاکٹر ناصر شیخ، عمانی گرانٹ ہسپتال پسنی کے ڈاکٹر

(بقیہ 29 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

سیف سٹی پراجیکٹ سے نگرانی مزید مؤثر ہوگئی ہے، معاذ الرحمٰن

کسی بھی واقعے کی صورت میں کیمروں کی ریکارڈنگ شواہد کے طور پر بھی اہم کردار ادا کرسکتی ہے

اوستہ محمد (پ ر) سیف سٹی پراجیکٹ کے تحت کیمروں کی تنصیب سے امن و امان کی نگرانی مزید مؤثر ہوگئی ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے اوستہ محمد شہر میں سیف سٹی پراجیکٹ کے تحت مختلف مقامات پر نگرانی کے کیمرے نصب کر دیے گئے ہیں جبکہ منصوبے کے بعض امور پر مزید کام جاری ہے کیمروں کی تنصیب سے شہر میں امن و امان کی صورتحال پر مسلسل اور مؤثر انداز میں نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ مشکوک افراد، جرائم پیشہ عناصر اور مشکوک سرگرمیوں کی نگرانی میں پولیس کو نمایاں مدد مل رہی ہے ان

(بقیہ 30 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

کوئٹہ کے رہائشی حاجی عبدالصمد جمالی، بختاور بی بی، آمنہ، محمد صدیق، جمیلہ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حیات اللہ کاکڑ کی بلوچستان میڈیا فورم کے نومنتخب صدر قیوم بلوچ کو مبارکباد

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں بلوچستان میڈیا فورم کے نو منتخب صوبائی صدر، سینئر جرنلسٹ قیوم بلوچ اور ان کی کابینہ کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ حیات اللہ

(بقیہ 45 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

12 ربیع الاول پر فول پروف سیکیورٹی فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، عمران شوکت

علماء کرام اور انتظامیہ سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے درمیان ہم آہنگی کو بڑھانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں

ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی ٹریفک پلان مرتب کیا جائے گا، ڈی آئی جی کوئٹہ، ایس ایس پی آپریشن

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ 12

(بقیہ 47 صفحہ نمبر6 ملاحظہ فرمائیں)

ڈپٹی ڈائریکٹر نیب فرحان یوسف خان و دیگر طلباء کو بدعنوانی کے خلاف آگاہی و تدارک پر لیکچر دے رہے ہیں

ہمت کوئٹہ / مستونگ

پرنٹر و پبلشر نادر حسین زمرد نے روزنامہ ہمت کوئٹہ / مستونگ قلات پریس کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ ہمت جیل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد

081 - 2005129
081 - 2011314

نیوز سیکشن: 081-2834643
فیکس آفس: 081-2827323

کوئٹہ: انڈیپنڈنٹ پینل کے زیر اہتمام ایڈووکیٹ عبدالستار شیرانی کی جانب سے ہائیکورٹ بار روم میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کے سلسلے میں سپریم کورٹ کے وکلاء کے اعزاز میں دیے گئے استقبالیہ سے خلیل احمد پانیزئی ایڈووکیٹ، میر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ، عبدالمالک بلوچ ایڈووکیٹ، اکرم شاہ ایڈووکیٹ، ملک منیر سکندر ایڈووکیٹ، اسحاق نوتیزئی ایڈووکیٹ، مجید کاکڑ ایڈووکیٹ، اسد اچکزئی، قاری رحمت اللہ، نصیر ننگولی، عبدالستار شیرانی، علی خوشنود، عصمت اللہ مندوخیل، اجمل لون اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

اہم ٹیلی فون نمبر

ہسپتال

بی ایم سی ایمرجنسی	9202617	فاطمہ جناح ٹی بی سینوٹوریم	2853618
پٹیونٹو ہسپتال ایمرجنسی	2836820	چلڈرن ہسپتال	2823705
سول ہسپتال ایمرجنسی	9202017	مائنڈ شہید ٹرسٹ	2828383-2824875
عبدالستار ایدھی	2830832	پاکستان جنرل ہسپتال	2842295-2842...
سینٹر	2830861-115	جیلانی ہسپتال	2447183
کرسچن ہسپتال	2842697	ایل آر ٹی	2850362
فیڈرل میڈیکل سنٹر	9211636	شعبہ حادثہ سول ہسپتال ایمرجنسی	137
ہیلپر آئی ہسپتال	9211087	بی ایم سی ہسپتال	2823618-2830...
ریلوے ہسپتال	9211078	فوجی فاؤنڈیشن میڈیکل سنٹر	664461
لیڈی ڈفرن ہسپتال	2836532	مولانا محمد مراد	0812837296

دیگر اہم نمبرز

پی ٹی سی ایل ایمرجنسی	9202626	لا کالج	2843053
ریڈیو پاکستان	9202393	نادرا	452028
پریس کلب	7 2821731	[illegible]	9021409-111-111-1
گیس ایمرجنسی	119	انکوائری	1217
[illegible]	9202791--9202771	شکایات	1218

مستونگ کے اہم ٹیلی فون نمبرز

سول ہسپتال 895438	ڈی سی او آفس	895453
گرڈ اسٹیشن	895402	واپڈا آفس
895034	ڈسٹرکٹ ناظم	895797
ڈی پی او آفس	895450	جوڈیشل مجسٹریٹ
895888	اسپیشل برانچ	897115
ڈی ایس پی آفس	895009	حبیب بینک
895719 پولیس لائن	895457 سیشن جج	895452
895410	پائلٹ سیکنڈری سکول	☆☆☆☆

اوتھل، محکمہ زراعت کی جانب سے زراعت کالونی کے باہر مٹی کا جمپ قائم

نکاسی سیوریج اور جمپ سے مکین شدید مشکلات کا شکار، متعلقہ حکام فوری نوٹس لے کر مسئلہ حل کریں، اہل علاقہ

اوتھل (یو این اے) محکمہ زراعت لسبیلہ کی جانب سے زراعت کالونی کے باہر مٹی ڈال کر مبینہ طور پر ایک جمپ بنا دیا گیا ہے، جس کے باعث علاقہ مکینوں کو مشکلات کا سامنا ہے اور حادثات کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق جمپ کی وجہ سے آمد و رفت متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک واقعے میں محکمہ زراعت کے اپنے ایک افسر کی گاڑی بھی جمپ میں جا لگی، جس کے نتیجے میں سامنے آنے والی ایک بکری زخمی ہو گئی۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ زراعت کالونی کے مبینہ عدم تعاون کے باعث کالونی کے باہر قائم گھروں کے سامنے سیوریج کا مسئلہ سنگین ہو گیا ہے۔ جبکہ موذی امراض پھیلنے کا بھی خدشہ ہے۔ علاقہ مکینوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ زراعت کالونی کے باہر بنائے گئے جمپ اور سیوریج کے مسئلے کا فوری نوٹس لے کر مناسب نکاسی آب کا انتظام کیا جائے، تاکہ کسی بڑے حادثے اور بیماریوں کے پھیلاؤ سے بچا جا سکے۔

میٹروپولیٹن کارپوریشن پر کرپٹ گروہ کا قبضہ ہے، رحیم کاکڑ

شہر میں صفائی، اسٹریٹ لائٹس اور بلڈنگ کوڈ نام کی کوئی چیز نہیں، کرپشن کرنے والوں کا حساب ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے افسوس کا اظہار کیا ہے کہ ایک طرف صوبے خصوصاً کوئٹہ کو دہشتگردی نے تباہ کر دیا دوسری طرف میٹروپولیٹن کا عملہ ختم ہو چکا ہے صفائی صفا قرار دا ایک کرپٹ گروہ کو دیا ہے شہر کے تمام اسٹریٹ لائٹس خراب اور بند ہو چکی ہے رات کے وقت پر شہر آوارہ کتوں کے حوالے کوئٹہ کے ہوٹل فوڈ اتھارٹی کے حوالے بلڈنگ کوڈ 1935 کا اندازہ کوئٹہ میں بلند و بالا عمارتوں سے لگایا جا سکتا ہے صرف نام نہاد ترقیاتی عمل وہ صرف کرپشن کے حد تک ہے گزشتہ کافی عرصے سے ایک روپے کا کام زمین پر نہیں ہوا ہے ٹیکس کا انتظام بھی پرائیوٹ لوگ وصول کر رہے ہیں کوئٹہ کا مٹن مارکیٹ بلدیہ پلازہ سرکلر روڈ پارکنگ پلازہ بلدیہ ہوٹل ایئرپورٹ روڈ کا ہیگرز ہوم نارکوٹیکس والوں نے قبضہ کیا ہوا جائیداد درج بالا سابق چیئرمین سینیٹ ایک صوبائی وزیر سابق کمشنر ایڈمنسٹریٹر نے یہ کارنامے کئے ہیں سب کا انجام زمانہ دیکھے گا کسی کے ساتھ رعایت نہیں ہوگی کوئٹہ میں باہر سے آکر اقتدار کے مزے کرپشن اور عیاشیاں کرنے والوں کا انجام زمانہ دیکھے گا تحریک انصاف کرپٹ اور بے ضمیروں کو کبھی نہیں چھوڑے گی۔

اوتھل، ملاکھڑا کے فروغ کیلئے نشاندہی شدہ زمین حوالے کی جائے، عہدیداران

107 رجسٹرڈ پہلوانوں کے پاس پریکٹس کے لیے گراؤنڈ نہیں، حکومت فوری سرپرستی کرے، ترجمان ملھ ایسوسی ایشن لسبیلہ

اوتھل (یو این اے) ملھ ایسوسی ایشن لسبیلہ کے عہدیداران نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ لسبیلہ کے ملھ پہلوانوں کی پریکٹس، تربیت اور قدیمی ثقافتی کھیل ملاکھڑا کے فروغ کے لیے نشاندہی کی گئی سرکاری زمین فوری طور پر ایسوسی ایشن کے حوالے کر کے گراؤنڈ کے طور پر مختص کی جائے۔ ملھ ایسوسی ایشن لسبیلہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ایسوسی ایشن 1996 سے اسپورٹس کوئٹہ میں رجسٹرڈ ایک قدیمی تنظیم ہے، جس کے 107 ملھ پہلوان رجسٹرڈ ہیں۔ تاہم افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اتنی بڑی تعداد میں رجسٹرڈ کھلاڑی ہونے کے باوجود ان کی روزانہ کی پریکٹس کے لیے کوئی مستقل گراؤنڈ موجود نہیں، جس کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ملھ پہلوانوں کے لیے ایک مناسب سرکاری زمین کی نشاندہی کی جا چکی ہے اور اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کو باضابطہ درخواست بھی دی جا چکی ہے، لیکن تاحال اس پر کوئی عملی پیش رفت نہیں ہو سکی۔ عہدیداران نے بتایا کہ ملھ ایسوسی ایشن اپنی مدد آپ کے تحت ملاکھڑا کے مقابلوں اور دیگر سرگرمیوں کا انعقاد کر رہی ہے، تاہم محدود وسائل کے باعث متعدد مسائل درپیش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب سندھ، بلوچستان اور دیگر علاقوں سے پہلوان ملاکھڑا فیسٹیول میں شرکت کے لیے آتے ہیں تو ان کے قیام و رہائش کے لیے مناسب سہولیات میسر نہیں ہوتیں، جس سے کھلاڑیوں اور منتظمین دونوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ملھ ایسوسی ایشن نے وفاقی وزیر نواب جام کمال خان عالیانی، پارلیمانی سیکریٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین مگسی اور ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سے اپیل کی کہ بلوچستان کے قدیمی ثقافتی کھیل ملاکھڑا کے فروغ کے لیے فوری عملی اقدامات کیے جائیں اور نشاندہی کی گئی سرکاری زمین ایسوسی ایشن کے حوالے کی جائے تاکہ ملھ پہلوانوں کو باقاعدہ تربیت، پریکٹس اور مقابلوں کے انعقاد کے لیے مستقل گراؤنڈ میسر آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ ملھ بلوچستان، سندھ اور پنجاب کا ایک قدیم، مقبول اور ثقافتی ورثہ ہے، جس کی سرپرستی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے تاکہ اس تاریخی کھیل کو محفوظ رکھتے ہوئے نئی نسل کو اپنی ثقافتی روایات سے جوڑے رکھا جا سکے۔

والبندین میں ماشاء اللہ فروٹ ایجنسی کا افتتاح

کوئٹہ (این این آئی) دالبندین میں ماشاء اللہ فروٹ ایجنسی کی افتتاحی تقریب پروقار انداز میں منعقد ہوئی، جس میں سیاسی، سماجی، قبائلی، صحافتی، کاروباری اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں فروٹ ایجنسی کے اونر حاجی عبدالقیوم، ان کے فرزند محمد جان، مولوی عبدالرحیم، صدر حاجی آغا محمد حسنی، چیئرمین حافظ اسماعیل گورگیج، صدر نکری تورا ساسولی، ممتاز قبائلی شخصیت حاجی شاہ اللہ قمبر زئی، حاجی شوکت اکازی، حاجی عبدالستار نوتیزئی، کرکٹ ایسوسی ایشن کے صدر حیدر عاجز، صحافی شبیر مینگل، مولوی عبدالقیوم، سعید ساسولی، وحید ساسولی، سردار کبیر خارکو، بابو جمعہ خان گورگیج، حفیظ نوتیزئی، میر نہال خان سالائی، عبید محمد ملنگ، منیر اعجباز زئی، صحافی آغا مطلب، محمد عارف نوتیزئی، ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر حسن محمد حسنی، سعد اللہ قمبر زئی، سابق کونسلر محمد یوسف ساسولی اور کونسلر کرم خان گچکی سمیت دیگر معززین نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے حاجی عبدالقیوم اور ان کے فرزند محمد جان کو نئی فروٹ ایجنسی کے آغاز پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ دالبندین میں معیاری اور تازہ پھل و سبزی کی فراہمی کے لیے ایسے کاروباری مراکز کا قیام خوش آئند ہے۔ تقریب کے اختتام پر کاروبار میں برکت، کامیابی اور علاقے کی خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ اور شرکاء کی اعزاز میں بریانی پارٹی بھی دی گئی

سریاب گیس آفس کی منتقلی عوام کیساتھ ناانصافی ہے، غلام نبی مری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن غلام نبی مری نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے جنرل منیجر راحیل ملک اور سریاب زونل منیجر خان محمد بلوچ سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران کوئٹہ سمیت سریاب کے مختلف علاقوں میں گیس کی مکمل بحالی، عوام کو درپیش مشکلات اور گیس کی فوری فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر غلام نبی مری نے کہا کہ سریاب گیس آفس کو کسی بھی صورت میں کسی اور مقام پر منتقل کرنے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی۔ سریاب گیس آفس کی منتقلی سریاب کے عوام کے ساتھ ناانصافی اور عوام دشمن پالیسی کے مترادف ہے، جسے کسی بھی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بولان کے مقام پر 18 انچ کی گیس پائپ لائن متاثر ہوئی ہے، جبکہ 12 انچ کی پائپ لائن سریاب سے گزرتی ہے۔ اس کے باوجود سریاب کے عوام کو گیس کی فراہمی سے نظر انداز کرنا ناانصافیوں کے تسلسل اور عوام دشمن پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ غلام نبی مری نے مطالبہ کیا کہ سریاب سمیت کوئٹہ کے تمام متاثرہ علاقوں میں گیس کی فراہمی فوری طور پر بحال کی جائے اور عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔ ملاقات کے موقع پر پارٹی کے یونٹ سیکریٹری نذیر احمد بلوچ، شبیر احمد اور حاجی سعید احمد بھی موجود تھے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کے جنرل منیجر راحیل ملک اور سریاب زونل منیجر خان محمد بلوچ نے یقین دہانی کرائی کہ عوام کو درپیش گیس کے مسائل کے حل اور گیس کی بحالی کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

گنداخہ کوٹ مگسی کے لیے نادرا یونٹ منظور، عوامی حلقوں کا خیر مقدم

گنداخہ (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کا ایک اور عوام دوست اقدام، تحصیل گنداخہ کے علاقے کوٹ مگسی میں نادرا یونٹ کی منظوری، عوامی حلقوں نے خوش آئند قرار دیتے ہوئے بھرپور خیر مقدم کیا ہے۔ نادرا یونٹ کے قیام سے کوٹ مگسی اور ملحقہ علاقوں کے عوام کو شناختی کارڈ، ب فارم، فیملی رجسٹریشن اور دیگر ضروری دستاویزات کے حصول کے لیے دور دراز علاقوں کا سفر نہیں کرنا پڑے گا، جس سے انہیں وقت اور اخراجات کی بچت کے ساتھ بنیادی شہری سہولیات ان کی دہلیز کے قریب میسر آئیں گی۔ نادرا یونٹ کی منظوری کی خبر پر علاقے کے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی جبکہ عوامی حلقوں، سماجی رہنماؤں اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کے اس عوام دوست اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے ہمیشہ عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کو ترجیح دی ہے۔ عوامی رہنماؤں کا کہنا تھا کہ کوٹ مگسی اور اس سے ملحقہ علاقوں کے لوگوں کو نادرا سے متعلق امور کے لیے طویل سفر اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا، تاہم نادرا یونٹ کی منظوری سے یہ دیرینہ مسئلہ کافی حد تک حل ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام علاقے کے عوام کے لیے ایک اہم سہولت ثابت ہوگا اور اس سے خصوصاً بزرگوں، خواتین، بچوں اور دور دراز علاقوں سے آنے والے شہریوں کو بھرپور فائدہ پہنچے گا۔ سماجی حلقوں نے کہا کہ سردارزادہ فیصل خان جمالی کی عوام دوست پالیسیوں کا مقصد صرف ترقیاتی منصوبوں تک محدود نہیں بلکہ عوام کو بنیادی سرکاری سہولیات ان کے علاقوں میں فراہم کرنا بھی ہے۔

قلات، انجینئر عائشہ زہری نے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا

قلات (یو این اے) انجینئر عائشہ زہری نے ضلع قلات کی پہلی خاتون ڈپٹی کمشنر کے طور پر اپنے عہدے کا باقاعدہ چارج سنبھال کر انتظامی ذمہ داریاں ادا کرنا شروع کر دی ہیں۔ ضلع خضدار سے تعلق رکھنے والی انجینئر عائشہ زہری اس سے قبل ڈپٹی کمشنر آواران سمیت مختلف اہم انتظامی عہدوں پر بہترین خدمات انجام دے چکی ہیں اور اپنے فعال و متحرک طرز حکمرانی کے باعث نمایاں مقام رکھتی ہیں۔ نئی تعیناتی کے بعد ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کی جانب سے ضلع میں امن و امان کے قیام، عوامی مسائل کے فوری حل اور انتظامی امور کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم کاوشوں کی توقع کی جا رہی ہے، جبکہ مقامی حلقوں نے ان کے چارج سنبھالنے کو ضلع کے لیے ایک مثبت پیش رفت قرار دیا ہے۔

میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چیف انجینئر حاجی اسحاق مینگل، ڈاکٹر فرحت حسین ایران میں سکول پر فضائی حملے میں شہید ہونے والے بچوں کی تصاویر نمائش دیکھ رہے ہیں

اوتھل، ایس ایچ او عبدالوحید مگسی کا بوائز ہائی اسکول کا دورہ، نئے پرنسپل کو مبارکباد

پولیس اور تعلیمی اداروں کا باہمی رابطہ طلبہ کی تربیت اور امن و امان کے لیے ضروری ہے، ایس ایچ او اوتھل

اوتھل (یو این اے) ایس ایچ او اوتھل سٹی عبدالوحید مگسی اور اے ایس آئی محمد ہاشم شاہوک نے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل کا خصوصی دورہ کیا، جہاں انہوں نے نئے تعینات ہونے والے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ سے ملاقات کی اور انہیں عہدے کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔ اسکول پہنچنے پر انتظامیہ اور اساتذہ کی جانب سے پولیس افسران کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر پرنسپل محمد سلیم سرپرہ نے عبدالوحید مگسی اور محمد ہاشم شاہوک کو خوش آمدید کہا اور اسکول کا دورہ کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ ایس ایچ او اوتھل عبدالوحید مگسی نے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ ان کی قیادت میں ادارہ مزید ترقی کرے گا اور طلبہ کو معیاری تعلیم کے ساتھ ایک محفوظ، منظم اور مثبت تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے گا۔ عبدالوحید مگسی نے کہا کہ کسی بھی معاشرے کی ترقی میں تعلیمی اداروں کا بنیادی کردار ہے۔ اسکول محض کتابی تعلیم کا مرکز نہیں بلکہ طلبہ کی شخصیت و کردار سازی، نظم و ضبط، اخلاقی تربیت اور انہیں ذمہ دار شہری بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور تعلیمی اداروں کے درمیان مضبوط روابط سے طلبہ میں قانون پسندی، نظم و ضبط اور شہری ذمہ داریوں کا شعور اجاگر کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ ملک و قوم کا مستقبل ہیں اور ان کی تعلیم و تربیت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اساتذہ کو معاشرے کے معمار قرار دیتے ہوئے انہوں نے اسکول انتظامیہ اور تدریسی عملے کی کاوشوں کو بھی سراہا۔ اے ایس آئی محمد ہاشم شاہوک نے بھی نئے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل ضلع لسبیلہ کا ایک اہم تعلیمی ادارہ ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ انتظامیہ، اساتذہ، طلباء اور والدین باہمی تعاون سے ادارے کے تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ دوران ملاقات اسکول کے تعلیمی ماحول، طلبہ کی حاضری، نظم و ضبط، اخلاقی تربیت، صفائی ستھرائی، تعلیمی سہولیات اور ادارے کی مجموعی بہتری کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پرنسپل محمد سلیم سرپرہ نے پولیس افسران کو اسکول کے مختلف امور اور مستقبل کے منصوبوں سے آگاہ کیا۔ محمد سلیم سرپرہ نے کہا کہ ان کی اولین ترجیح اسکول میں ایسا سازگار تعلیمی ماحول قائم کرنا ہے جہاں طلبہ بلا خوف و دبا تعلیم حاصل کریں، اپنی صلاحیتوں کو نکھاریں اور مستقبل میں ملک و قوم کے لیے مفید اور ذمہ دار شہری بنیں۔

16 بھتیجوں نے زمین کا پانی بند کر دیا، دھمکیاں دی جا رہی ہیں، رحمت گل جعفر

کوہلو (یو این اے) رحمت گل جعفر نے کوہلو ڈسٹرکٹ پریس کلب میں ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ وہ ہوسڑی کا رہائشی ہے اور اس کے 16 بھتیجوں نے مبینہ طور پر اس کی زمینوں کا پانی بند کر دیا ہے، جبکہ اس کے اکلوتے بیٹے کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ رحمت گل جعفر کا کہنا تھا کہ انہوں نے معاملے کے حوالے سے پولیس سے رابطہ کیا، تاہم انہیں تاحال کوئی خاطر خواہ جواب نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ ہوسڑی علاقہ کے مسائل کے حل کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ایک نمائندہ بھی مقرر کیا گیا ہے، لیکن متعلقہ ریکارڈ تاحال انہیں فراہم نہیں کیا گیا۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے زمینوں کے پانی کی بندش اور مبینہ دھمکیوں کے معاملے کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور انہیں متعلقہ ریکارڈ فراہم کیا جائے۔ دوسری جانب میڈیا نمائندوں کی جانب سے ضلعی انتظامیہ کوہلو سے رابطہ کیا گیا تو انتظامیہ کا کہنا تھا کہ اس معاملے پر اعلیٰ حکام کو خط لکھ کر آگاہ کیا جا چکا ہے، تاہم دیگر انتظامیہ کی جانب سے تاحال متعلقہ ریکارڈ فراہم نہیں کیا گیا۔

موشی پال حضرات کو معیاری علاج و ویکسینیشن کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر عبدالنعیم کھوسو

جانوروں کی صحت کی بہتری سے معیشت مضبوط ہوگی اور گوشت و دودھ کی پیداوار بڑھے گی

سیوی (یو این اے) ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک اینڈ ریسرچ ڈاکٹر عبدالنعیم کھوسو نے کہا ہے کہ مویشی پال حضرات کو درپیش مسائل کا حل، جانوروں کی بروقت و معیاری ویکسینیشن، علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی اور لائیو اسٹاک کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا محکمہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کا شعبہ نہ صرف دیہی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے بلکہ ہزاروں خاندانوں کا روزگار بھی مویشی پالنے سے وابستہ ہے، اس لیے محکمہ لائیو اسٹاک کی ذمہ داری ہے کہ مویشی پال حضرات کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کے قیمتی جانوروں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں ڈاکٹر عبدالنعیم کھوسو کا کہنا تھا کہ مویشیوں کی صحت بہتر ہوگی تو گوشت اور دودھ کی پیداوار میں بھی اضافہ ہوگا جس سے نہ صرف عوام کو معیاری غذائی اشیا میسر آئیں گی بلکہ مویشی پال حضرات کی آمدن میں بھی اضافہ ممکن ہوگا۔ انہوں نے محکمہ کے فیلڈ اسٹاف پر زور دیا کہ وہ دیہی علاقوں میں اپنی موجودگی یقینی بناتے ہوئے مویشی پال حضرات کو علاج، ویکسینیشن اور ضروری رہنمائی فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ مویشی پال حضرات کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے جانوروں کی صحت اور صفائی کا خصوصی خیال رکھیں، کسی بھی بیماری کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں فوری طور پر محکمہ لائیو اسٹاک کے متعلقہ عملے سے رابطہ کریں تاکہ بروقت تشخیص اور علاج کے ذریعے بیماری کو مزید پھیلنے سے روکا جا سکے انہوں نے کہا کہ مویشی پال حضرات ملک و صوبے کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، ان کے مسائل کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، محکمہ لائیو اسٹاک دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔

بارکھان، بجلی کی بندش سے بستی بجار خان حسیانی کی واٹر سپلائی معطل، عوام پانی کو ترس گئے

شدید گرمی میں خواتین و بچے دور دراز سے پانی لانے پر مجبور، واٹر سپلائی کو فوری سولر پر منتقل کیا جائے، اہل علاقہ

بارکھان (یو این اے) بارکھان کی یونین کونسل چوہڑ کوٹ، بستی بجار خان حسیانی میں بجلی کی مسلسل بندش کے باعث واٹر سپلائی کا نظام مکمل طور پر معطل ہو گیا ہے، جس سے بستی اور گرد و نواح کے مکینوں کو پینے کے پانی کی شدید قلت کا سامنا ہے۔ مقامی شہریوں کے مطابق پہلے بجلی سے واٹر سپلائی چل رہی تھی، مگر دیہی علاقوں کی بجلی معطل ہونے سے اب پانی کی فراہمی بالکل بند پڑی ہے۔ شدید گرمی کے موسم میں پانی نہ ہونے کے باعث خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگوں کو دور دراز علاقوں سے پانی لانے میں سخت مشکلات درپیش ہیں۔ بستی بجار خان حسیانی کے عوام نے کمشنر کوہ سلیمان اور ڈپٹی کمشنر بارکھان سے زوردار مطالبہ کیا ہے کہ عوام کی بنیادی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس واٹر سپلائی کو فوری طور پر سولر سسٹم پر منتقل کیا جائے تاکہ بجلی کی بندش سے بے نیاز ہو کر شہریوں کو پینے کا صاف پانی مسلسل میسر آ سکے۔

صوبائی حکومت نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے وژن پر عمل پیرا ہے، عبدالصمد شاہی

گوادر (آن لائن) پرنسپل ووکیشنل ٹریننگ سینٹر گوادر عبدالصمد شاہی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے وژن پر مؤثر انداز میں عمل پیرا ہے۔ حکومت مختلف فنی و تکنیکی تربیتی پروگراموں کے ذریعے نوجوانوں کو جدید مہارتوں سے آراستہ کر رہی ہے تاکہ وہ باعزت روزگار حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ خود روزگاری کے مواقع سے بھی بھرپور استفادہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ووکیشنل ٹریننگ سینٹر گوادر میں نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ معیاری فنی و پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ ملکی و صوبائی معیشت میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بن سکیں۔

کوئٹہ، کمشنر ایف بی آر رحمت اللہ درانی سے ٹیکس بار ایسوسی ایشن بلوچستان (رجسٹرڈ) کے چیئرمین سید سلیم رضا کی قیادت میں وفد کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

چھتر، پیپلز پارٹی نصیر آباد کے صدر میر محمد بلال خان عمرانی کا متحرک سیاسی کردار، عوامی حلقوں میں پذیرائی

چھتر (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے صدر و چیئرمین مارکیٹ کمیٹی میر محمد بلال خان عمرانی نے قلیل عرصے میں اپنے متحرک سیاسی کردار، عوامی رابطوں اور مسلسل عوامی خدمت کے باعث سیاسی و سماجی حلقوں میں ایک نمایاں مقام حاصل کر لیا ہے۔ میر محمد بلال خان عمرانی کا عوام کے ساتھ براہ راست رابطہ، علاقے میں مسلسل موجودگی اور لوگوں کے مسائل سننے کے لیے ہر وقت دستیاب رہنا ان کے سیاسی طرز عمل کو دیگر روایتی سیاست سے منفرد بناتا ہے سیاسی و سماجی حلقوں کے مطابق میر محمد بلال خان عمرانی نے اپنی سیاست کو محض بیانات اور دعوؤں تک محدود رکھنے کے بجائے عوام کے درمیان رہنے اور ان کے مسائل کو قریب سے سمجھنے کو ترجیح دی ہے۔ مختلف علاقوں سے آنے والے افراد اور کارکنان سے ملاقاتیں، ان کے مسائل سننا اور متعلقہ حکام تک عوامی مسائل پہنچانے کے لیے کردار ادا کرنا ان کی سیاسی سرگرمیوں کا اہم حصہ بن چکا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کسی بھی سیاسی رہنما کی اصل پہچان اس کا عوام کے ساتھ رابطہ اور مشکل وقت میں ان کے درمیان موجودگی ہوتی ہے، اور میر محمد بلال خان عمرانی اس حوالے سے مسلسل متحرک دکھائی دے رہے ہیں۔ ان کا عوام کے ساتھ دوستانہ اور رابطہ رکھنے والا انداز کارکنوں اور عام شہریوں میں بھی پذیرائی حاصل کر رہا ہے ان کی مستقل مزاجی، سیاسی سرگرمیوں میں تسلسل اور عوامی مسائل پر توجہ انہیں مستقبل کے ایک مضبوط سیاسی رہنما کے طور پر سامنے لانے میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔

بیرسٹر غلام رسول عمرانی کی شر ہاؤس آمد، سردار عبدالستار شر سے اہم ملاقات

علاقے میں پائیدار امن، بھائی چارے اور قبائلی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے مشترکہ اقدامات پر اتفاق

چھتر (یو این اے) صوبائی وزیر وزیر برائے لیبر اینڈ مین پاور و عمرانی قبیلے کے سربراہ بیرسٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی کی شر ہاؤس آمد، سردار عبدالستار خان شر اور سردارزادہ عبدالغفار خان شر سے ملاقات تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر برائے لیبر اینڈ مین پاور و عمرانی قبیلے کے سربراہ بیرسٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے گوٹھ سردار اللہ وریا خان شر میں واقع شر ہاؤس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چیف آف شر شوری پاکستان سردار عبدالستار خان شر اور سردارزادہ عبدالغفار خان شر سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ٹکی ممتاز خان عمرانی سمیت دیگر شخصیات بھی ان کے ہمراہ تھے شر ہاؤس آمد پر سردار عبدالستار خان شر اور سردارزادہ عبدالغفار خان شر نے صوبائی وزیر بیرسٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی کا خیر مقدم کیا ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے مختلف امور، علاقائی صورتحال، موجودہ سماجی و قبائلی معاملات اور باہمی روابط سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے شر اور عمرانی قبائل کی معزز شخصیات نے باہمی احترام، رواداری اور قبائلی روایات کی پاسداری کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا۔ رہنماؤں نے اس امر پر زور دیا کہ علاقے میں پائیدار امن، بھائی چارے اور باہمی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے تمام قبائلی و سماجی طبقات کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے ملاقات میں علاقائی مسائل اور عوامی نوعیت کے معاملات بھی زیر بحث آئے، جبکہ باہمی روابط کو مزید مضبوط بنانے اور مستقبل میں بھی رابطوں کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔

نبی اکرم کا اسوہ تعلیم، حکمت، تدریج اور عملی تربیت کا بے مثال شاہکار

محترم قارئین۔ تاریخ انسانیت میں معلم اعظم حضرت محمد مصطفی کا اسلوب تربیت اور طریقہ تدریس ایک ایسا درخشاں باب ہے، جس کی نظیر ملنا محال ہے۔ آپ کی پوری حیات مبارکہ علم و حکمت کا ایسا بحر بے کنار تھی جس نے عرب کے بدوی اور ناخواندہ معاشرے کو قلیل عرصے میں دنیا کی سب سے مہذب اور بااخلاق قوم بنا دیا۔ آپ کا طرز تعلیم محض نظریہ یا خشک معلومات کی منتقلی پر مبنی نہیں تھا بلکہ اس میں مخاطب کی نفسیات، فہم کی سطح، عملی تجربے، اور حالات کی نزاکتوں کو کامل درجے میں مدنظر رکھا جاتا تھا۔ اگر آپ کی تحویل تدریس اور



کرنٹ کیم کا نانہ
احمد خان اچکزئی

طریقہ تعلیم کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے کہ آپ نے مشکل سے مشکل اور پیچیدہ سے پیچیدہ مفاہیم کو نہایت سادہ، عام فہم اور دل نشین انداز میں لوگوں کے قلوب و اذہان میں راسخ کیا۔

حدیث جبریل اس کی سب سے نمایاں عملی مثال ہے، جہاں حضرت جبریل علیہ السلام نے ایک عام انسان کے روپ میں آکر سوال و جواب کی نشست قائم کی اور دین کے بنیادی ارکان، یعنی اسلام، ایمان اور احسان کے تمام تر تصورات کو جلی اور واضح انداز میں امت کے سامنے رکھ دیا۔ اس مکالماتی اور سوال و جواب کے انداز نے یہ درس دیا کہ جب معلم اور متعلم کے درمیان ابلاغ کا راستہ کھلتا ہے تو دین کے گہرے اور باریک مضامین بھی انتہائی سہولت اور آسانی کے ساتھ عام فہم بن جاتے ہیں۔ آپ کا دوسرا بڑا تدریسی اور تربیتی اصول عملی مثالوں اور حقیقت پسندی کے ذریعے بات کو ذہن نشین کرانا تھا۔ اس کی ایک واضح ترین مثال اونٹ کو باندھنے اور توکل کے صحیح مفہوم سے متعلق ہدایت ہے۔ جب ایک صحابی نے محض دعاؤں اور توکل کے زعم میں اونٹ کو کھلا چھوڑ دینے کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے مختصر مگر جامع الفاظ میں فرما کر اس غلط فہمی کا قلع قمع کر دیا اور واضح کیا کہ حقیقی توکل کا مطلب اسباب کو اختیار کرنے سے غفلت برتنا نہیں ہے، بلکہ انسان پر لازم ہے کہ وہ پہلے اپنی پوری محنت اور عمل انجام دے اور اس کے بعد نتیجہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر چھوڑے۔ یہ محض تین الفاظ نہیں تھے بلکہ انسانی زندگی میں محنت اور دعا کے درمیان توازن قائم کرنے کا ایک کامل فلسفہ تھا جس نے سستی اور کاہلی کے خاتمے کی بنیاد رکھی۔ اسی طرح آپ کی حکمت عملی کا ایک اور روشن باب معاشی خود کفالت اور ہنر مندی کو فروغ دینا تھا۔ ایک انصاری صحابی کی غربت اور سوال کرنے کی عادت کو ختم کرنے کے لیے آپ نے ان کے گھر کا معمولی سامان نیلام کروا کر کلہاڑی خریدوائی اور انہیں لکڑیاں کاٹ کر بیچنے کا عملی راستہ دکھایا۔ آپ کا یہ اقدام بتاتا ہے کہ انسان کو مستقل بنیادوں پر سہارا دینے یا وقتی خیرات فراہم کرنے کے بجائے اسے اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا اور رزق حلال کے حصول کا طریقہ سکھانا ہی حقیقی انسانی ہمدردی اور اعلیٰ ترین تدریسی بصیرت ہے۔ آپ کا ایک اور مؤثر تربیتی اسلوب اہم ترین نصیحت کو مختصر رکھنا اور اسے بار بار دہرانا تھا تاکہ بات سننے والے کے دل و دماغ میں پختہ ہو جائے۔ جب ایک شخص نے بار بار آپ سے جامع نصیحت کا تقاضا کیا تو آپ نے ہر بار صرف ایک ہی جملہ دہرایا کہ "غصہ نہ کرو"۔ اس مختصر اور تکرار پر مبنی ہدایت نے یہ واضح کیا کہ جذبات پر قابو پانا اور غصے کو کنٹرول کرنا ہی انسان کی اخلاقی و روحانی اصلاح کا سرچشمہ ہے۔ آپ کے ان تمام واقعات سے جو عالمگیر اصول سامنے آتے ہیں، ان میں آسانیاں پیدا کرنا، خوشخبری دینا، اور تدریج کا راستہ اختیار کرنا سب سے نمایاں ہیں۔ آپ نے مکہ کے تیرہ سالہ دور میں صرف عقیدہ و توحید کی آبیاری کی اور جب قلوب ایمان کی روشنی سے منور ہو گئے تو مدینہ کے دور میں قانونی و اجتماعی احکامات نافذ فرمائے۔ آپ نے ایک دم سے احکامات کا بوجھ نہیں ڈالا بلکہ لوگوں کے مزاج اور ماحول کے مطابق آہستہ آہستہ اصلاح کا عمل جاری رکھا۔ یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرام آپ کے خلق عظیم، صبر اور بلا جبر تدریس کے شیدائی تھے اور حضرت عمر فاروق سمیت تمام جلیل القدر صحابہ نے اس بات کا اعتراف کیا کہ کائنات میں نبی کریم سے بہتر اور شفیق استاد کوئی نہیں گزرا جو بغیر کسی ڈانٹ ڈپٹ، مار پیٹ یا سختی کے محض محبت، حکمت اور شفقت سے انسانی قلوب کو تسخیر کر لیتے تھے۔

نوٹ: اس مضمون سے ادارے کا متفق ہونا ضروری ہے

اطلاع عام

ریئل اسٹیٹ سیکٹر میں کمپیٹیشن سے متعلق

مسائل پر کھلی سماعت

کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان کمپیٹیشن ایکٹ ۲۰۱۰ کے تحت ملک میں تمام تجارتی اور معاشی سرگرمیوں میں آزادانہ کمپیٹیشن کو یقینی بنانے، معاشی کارکردگی کو بہتر بنانے اور صارفین کو کمپیٹیشن مخالف رویوں سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ ایکٹ کی دفعہ 29(c) کے تحت کمیشن کو پاکستان میں کمپیٹیشن کی صورتحال کو متاثر کرنے والے معاملات پر کھلی سماعت منعقد کرنے اور ان معاملات پر اپنی رائے کا عوامی سطح پر اظہار کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

کمیشن نے ریئل اسٹیٹ سیکٹر میں کمپیٹیشن مخالف سرگرمیوں، بالخصوص گمراہ کن مارکیٹنگ کے طریقوں سے متعلق متعدد شکایات اور تحفظات کا مشاہدہ کیا ہے اور اس حوالے سے شکایات موصول بھی ہو رہی ہیں۔ ان میں جھوٹے یا گمراہ کن دعوے، گمراہ کن اشتہارات، پوشیدہ چارجز، اور منصوبوں کی منظوری، خصوصیات یا دیگر اہم معلومات سے متعلق غلط بیانی شامل ہیں۔

اگرچہ کمیشن ایسی سرگرمیوں کے خلاف انفورسمنٹ کارروائیاں کر چکا ہے، انکوائریاں مکمل کی گئی ہیں اور مختلف مقدمات میں آرڈرز بھی جاری کیے گئے ہیں، تاہم اس شعبے میں کمپیٹیشن سے متعلق مسائل کو مزید بہتر طور پر سمجھنے کے لیے وسیع تر شراکت داروں کی آراء اور تجربات سے استفادہ ضروری ہے۔ اسی مقصد اور وسیع تر عوامی مفاد میں کمیشن ریئل اسٹیٹ سیکٹر میں کمپیٹیشن سے متعلق مسائل پر کھلی سماعت منعقد کر رہا ہے۔

صارفین، سرمایہ کاروں، ڈویلپرز، بلڈرز، ریئل اسٹیٹ سے وابستہ افراد، ایسوسی ایشنز اور دیگر تمام متعلقہ فریقین کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ اس سماعت میں شرکت کریں اور اپنے تجربات، تحفظات اور تجاویز سے کمیشن کو آگاہ کریں۔ سماعت کے دوران پیش کیے جانے والے موقف اور تحفظات کو سنا اور ریکارڈ کیا جائے گا، اور انہیں کمپیٹیشن ایکٹ، 2010 کے تحت کمیشن کی رائے اور سفارشات کی تیاری میں مدنظر رکھا جائے گا۔

سماعت کا شیڈول	رجسٹریشن کے لیے رابطہ کریں
تاریخ: جمعرات، 27 اگست 2026	راجہ تیمور حسن 051-9100260 (Ext334)
وقت: شام 4:00 بجے تا 6:00 بجے	محترمہ سیرت ارشد 051-9100260 (Ext 273)
مقام: کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان، نویں منزل، آئی ایس ای ٹاورز، جناح ایونیو، اسلام آباد	ای میل: advocacy@cc.gov.pk
رجسٹریشن کی آخری تاریخ: 25 اگست 2026	

www.cc.gov.pk

کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان
برابری، سب کے لیے

PID(I)1599/26

NOTICE INVITING TENDER

THE EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CW,PP&H DEPARTMENT KHUZDAR INVITES BIDS FROM ELIGIBLE BIDDERS FOR EXECUTION OF FOLLOWING WORKS FOR THE YEAR 2026 BASED ON COMPOSITE SCHEDULE RATES 2026 ON PERCENTAGE RATES

Tender Fee 500 PKR and Bid Security 2% for each work

S. No	Name of Work/s	Estimated Cost
1	REPAIR AND RENOVATION OF SCHOOL KILLI HAJI HAKEEM WAHERWADH (BEMIS 03714) BSDI PHASE-III TSE-2627081169763	3,960,621
2	REHABILATION OF BOYS HIGH SCHOOL NURGAMA ZEHRI DISTRICT KHUZDAR BDSI PHASE-III TSE-2627081169843	2,475,683
3	ESTIBLISMENT OF COMPUTER LAB AT GOVT: GIRLS HIGH SCHOOL KHUZDAR BSDI PHASE-III TSE-2627081169863	19,902,493
4	REPAIR/ RENOVATION AND PROVISION OF SMART BOARD FOR GBHSCHOOL KATTAN DISTRICT KHUZDAR BSDI PHASE-III TSE-2627081169893	4,974,804
5	REPAIR AND RENOVATION, SOLARIZATION OF RHC HOSPITAL KARKHKHUZDAR BSDI PHASE-III TSE-2627081169903	10,946,997
6	Renow/ Solarization of Govt Girls School Panjakan, Zehri (BEMIS 09966)BSDI PHASE-III TSE-2627081169763	3,960,621
7	SMART CLASS ROOMS FOR CITY SCHOOL KHUZDAR 16931 BDSIPHASE-III TSE-2627081169943	9,951,282

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over for all works can be seen in bidding documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **500 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **08 SEP, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **08 SEP, 2026** till **11:00 AM** . **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM Address:** OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CW PP&H DEPARTMENT KHUZDAR DC COMPLEX KHUZDAR **Phone no:** 3337898665 Email: saleemrazzaq361@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CW,PP&H DEPARTMENT KHUZDAR

DPRQ/PRQ No.923/19-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ہمت

حالات حاضرہ

چائے کا بڑھتا شوق اور انتظامیہ کی بڑھتی ذمہ داری

دوستوں نے کافی عرصے سے درخواست کر رکھی تھی کہ آپ مختلف معاشرتی، عوامی اور قومی معاملات پر لکھتے ہیں، اس وقت ملک اور بالخصوص بلوچستان، خاص طور پر کوئٹہ میں چائے کے شوقین لوگوں کی تعداد بہت زیادہ ہے، لہٰذا اس موضوع پر بھی قلم اٹھایا جائے۔ بظاہر یہ ایک معمولی سا موضوع محسوس ہوتا ہے، لیکن اگر غور کیا

تحریر۔ ذوالفقار علی طارق قادری

جائے تو چائے کا ایک کپ ہماری روزمرہ زندگی، معاشرتی روایات، کاروباری سرگرمیوں، عوامی صحت، صفائی، قیمتوں، شہری نظم و ضبط اور حتیٰ کہ امن و امان سے بھی کہیں نہ کہیں جڑا ہوا ہے۔

کوئٹہ شہر میں شاید ہی کوئی ایسا علاقہ ہو جہاں چائے کے ہوٹل موجود نہ ہوں۔ صبح کے اوقات ہوں یا شام کی محفلیں، سردی کی راتیں ہوں یا دوستوں کی بیٹھک، چائے کے ہوٹلوں پر رش دیکھنے کو ملتا ہے۔ کہیں نوجوان بیٹھے گفتگو کر رہے ہوتے ہیں، کہیں بزرگ ملکی حالات پر تبادلہ خیال کر رہے ہوتے ہیں، کہیں کاروباری معاملات زیر بحث ہوتے ہیں اور کہیں دوست کئی گھنٹے ایک کپ چائے کے گرد بیٹھ کر اپنی محفل کو یادگار بناتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں چائے صرف ایک مشروب نہیں رہی بلکہ ایک سماجی روایت بن چکی

ہے۔ ہمارے ہاں مہمان گھر آئے تو اس کی تواضع چائے سے کی جاتی ہے۔ کسی کو کھانے پر بلایا جائے تو آخر میں چائے کا دور نہ ہو تو دعوت ادھوری محسوس ہوتی ہے۔ بعض اوقات تو یہ کہا جاتا ہے کہ کسی مہمان کو روسٹ، تکی اور دیگر انواع و اقسام کے کھانے کھلا دیے جائیں، لیکن اگر آخر میں چائے نہ پلائی جائے تو سمجھیں ساری دعوت اور سارا خرچہ ہی بے کار ہو گیا۔ یہ ہماری معاشرتی زندگی میں چائے کی اہمیت ہے۔

لیکن جب کوئی چیز اتنی بڑی تعداد میں استعمال ہو اور ہماری روزمرہ زندگی کا حصہ بن جائے تو پھر اس کے معیار، صفائی اور قیمت پر سوال اٹھانا بھی ضروری ہو جاتا ہے۔

آج عوام کی طرف سے مختلف ہوٹلوں کے حوالے سے کئی شکایات سامنے آتی ہیں۔ کہیں ایک کپ چائے 70 روپے میں مل رہی ہے، کہیں 80 روپے میں اور کہیں یہی کپ 100 روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے۔ قیمت میں فرق کی اپنی وجوہات ہو سکتی ہیں، لیکن عوام یہ ضرور جاننا چاہتے ہیں کہ قیمت کے ساتھ معیار کا کیا تعلق ہے؟ اگر ایک جگہ 70 روپے کی چائے مل رہی ہے اور دوسری جگہ 100 روپے کی تو صارف کو کم از کم یہ معلوم ہونا چاہیے کہ قیمت میں فرق کیوں ہے۔

کیا دودھ کا معیار مختلف ہے؟ کیا مقدار زیادہ ہے؟ کیا چائے کی پتی بہتر ہے؟ کیا صفائی کا معیار مختلف ہے؟ کیا ہوٹل میں سہولیات زیادہ ہیں؟ یا صرف عوام کی طلب اور مجبوری کو دیکھتے ہوئے قیمت مقرر کی گئی ہے؟

یہ سوالات اپنی جگہ بالکل جائز ہیں۔

اسی طرح بعض شوقین چائے کی جانب سے یہ خدشات بھی سامنے آتے رہے ہیں کہ بعض مقامات پر دودھ کے معیار کے حوالے سے مسائل ہو سکتے ہیں اور کچھ لوگ کیمیکل یا غیر معیاری اشیاء کے استعمال کی بات کرتے ہیں۔ بعض شہری تو یہاں تک شکایت کرتے ہیں کہ کچھ ہوٹلوں میں چائے میں ایسی چیزیں استعمال کی جاتی ہیں جو صحت کے لیے نقصان دہ ہو سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر نشہ اور چیزوں کا بھی استعمال کیا جاتا ہے ان کی وجہ سے گردوں پر بہت اثر جب تک ان ہوٹلوں میں چائے نہیں پی جاتی تب تک انسان کو چین نہیں آتا۔

ان دعووں کی حقیقت کیا ہے، اس کا فیصلہ متعلقہ محکمہ صحت، فوڈ سیفٹی کے ماہرین اور لیبارٹری ٹیسٹ ہی کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر عوام کی جانب سے شکایات مسلسل سامنے آرہی ہوں تو متعلقہ اداروں کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ان شکایات کو سنجیدگی سے لیں، نمونے حاصل کریں، ان کا سائنسی بنیادوں پر تجزیہ کریں اور اگر کسی مقام پر غیر معیاری یا مضر صحت اشیاء کے استعمال کی تصدیق ہو جائے تو قانون کے مطابق کارروائی کریں۔

عوام کو صرف تسلی نہیں چاہیے، انہیں اعتماد چاہیے۔

چائے کے معیار کے ساتھ ساتھ پانی کا صاف ہونا بھی انتہائی ضروری ہے۔ چائے بنانے میں استعمال ہونے والا پانی صاف ہو، دودھ معیاری ہو، چینی اور چائے کی پتی محفوظ ہوں اور چائے تیار کرنے والے برتن صاف ہوں۔ کپ، گلاس، چمچ، دیگچی، کیتلی اور دیگر برتنوں کی صفائی بھی باقاعدگی سے ہونی چاہیے۔

ایک طرف اگر شہری اپنی صحت کے حوالے سے فکرمند ہیں تو دوسری طرف ہوٹل مالکان کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ صفائی صرف سرکاری کارروائی سے بچنے کے لیے نہیں بلکہ اپنے گاہکوں کی صحت اور اپنے کاروبار کی ساکھ کے لیے ضروری ہے۔

کاروبار صرف منافع کمانے کا نام نہیں، اعتماد قائم رکھنے کا نام بھی ہے۔

ملک بھر میں سالانہ اربوں روپے کی چائے استعمال کی جاتی ہے۔ اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ چائے ہماری معیشت اور معاشرت دونوں میں کتنی اہمیت اختیار کر چکی ہے۔ ہزاروں ہوٹل، چائے خانے، دودھ فروش اور دیگر کاروبار اس پورے نظام سے وابستہ ہیں۔ جب اتنی بڑی تعداد میں عوام روزانہ چائے استعمال کرتے ہیں تو اس کے معیار کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہاں سے بات صرف صحت تک محدود نہیں رہتی بلکہ شہری نظم و ضبط اور امن و امان کا پہلو بھی سامنے آتا ہے۔ اکثر اوقات یہ بات بھی دیکھنے اور سننے میں آتی ہے کہ بعض جرائم پیشہ عناصر عوامی مقامات اور ہوٹلوں کو اپنی سرگرمیوں کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ کسی ہوٹل میں بیٹھ کر لوگوں کی نقل و حرکت پر نظر رکھنا، کسی شخص کا تعاقب کرنا، اس کے آنے جانے کے معمولات معلوم کرنا یا راستے میں اسے لوٹنے کی کوشش کرنا انتہائی تشویش ناک معاملہ ہے۔ یہاں بھی ضروری ہے کہ تمام ہوٹلوں کو شک کی نظر سے نہ دیکھا جائے۔ ہزاروں ہوٹل ایسے ہیں جہاں عام شہری اطمینان سے بیٹھتے ہیں، کاروبار کرتے ہیں اور دوستوں کے ساتھ چائے پیتے ہیں۔

لیکن جہاں کسی مقام کو جرائم پیشہ افراد اپنی سرگرمیوں کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کریں، وہاں انتظامیہ کی نگرانی اور بروقت کارروائی ضروری ہو جاتی ہے۔ شہر میں ایسے مقامات بھی ہو سکتے ہیں جہاں ہوٹل رات گئے تک کھلے رہتے ہیں اور وہاں غیر معمولی سرگرمیوں کا امکان پیدا ہو جاتا ہے۔ اس لیے انتظامیہ کو چاہیے کہ ہوٹلوں کے لیے مناسب ٹائم ٹیبل اور ضابطہ؟ کار مرتب کرے۔ اس کا مقصد کاروبار بند کرنا یا کسی جائز روزگار میں رکاوٹ ڈالنا نہیں ہونا چاہیے بلکہ شہری امن و امان، تاجروں اور عوام دونوں کے تحفظ کو یقینی بنانا ہونا چاہیے۔

رات گئے تک کھلے رہنے والے ہوٹلوں اور دیگر عوامی مقامات کے حوالے سے واضح قواعد ہوں۔ اگر کسی علاقے میں جرائم کی شرح زیادہ ہو یا کسی ہوٹل کے بارے میں مسلسل شکایات موصول ہوں تو وہاں پولیس اور متعلقہ انتظامیہ کو خصوصی نگرانی کرنی چاہیے۔

کیونکہ اگر کسی جگہ کو جرائم پیشہ افراد اپنی آماجگاہ بنانے لگیں تو نقصان صرف ایک شخص کا نہیں ہوتا، پورا معاشرہ متاثر ہوتا ہے۔

کوئٹہ جیسے شہر میں جہاں شہری پہلے ہی مختلف مسائل سے دوچار ہیں، وہاں امن و امان کا مسئلہ کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔

شہری چاہتے ہیں کہ وہ شام کو گھر سے نکلیں، دوستوں کے ساتھ بیٹھیں، چائے پئیں اور اطمینان کے ساتھ واپس اپنے گھروں کو جائیں۔ انہیں یہ خوف نہیں ہونا چاہیے کہ کسی مقام پر بیٹھنے کے بعد کوئی ان کی نگرانی کر رہا ہے یا ان کے گھر جانے کے راستے میں کوئی واردات ہو سکتی ہے۔

یہاں پولیس اور ضلعی انتظامیہ کا کردار انتہائی اہم ہے۔

چیک اینڈ بیلنس کا مطلب یہ نہیں کہ ہر کاروباری شخص کو مجرم سمجھ لیا جائے؛ اس کا مطلب یہ ہے کہ قانون سب کے لیے یکساں ہو اور مشکوک سرگرمیوں کو بروقت روکا جائے۔

ہوٹل مالکان بھی اس سلسلے میں انتظامیہ کے معاون بن سکتے ہیں۔ اگر کسی مقام پر مشکوک افراد مسلسل آتے جاتے ہوں، کسی شہری کی مشکوک انداز میں نگرانی کی جا رہی ہو یا کوئی غیر معمولی سرگرمی نظر آئے تو متعلقہ اداروں کو اطلاع دینا بھی شہری ذمہ داری کا حصہ ہے۔

ہمیں نوجوان نسل کے حوالے سے بھی سنجیدگی سے سوچنا ہوگا۔ آج بہت سے نوجوان گھنٹوں ہوٹلوں اور چائے خانوں میں بیٹھتے ہیں۔ اگر یہ وقت مثبت گفتگو، مطالعہ، کاروباری منصوبہ بندی، تعلیم، دوستوں کے ساتھ صحت مند سرگرمی یا معاشرتی شعور کے لیے استعمال ہو تو یہ محفلیں معاشرے کے لیے مفید ثابت ہو سکتی ہیں۔ لیکن اگر انہی جگہوں پر نشہ، جرائم، بدتمیزی یا دیگر منفی سرگرمیوں کو فروغ ملنے لگے تو پھر والدین، ہوٹل مالکان، انتظامیہ اور پورے معاشرے کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

نوجوان کسی بھی معاشرے کا مستقبل ہوتے ہیں۔ انہیں خراب ماحول سے بچانا صرف والدین کی ذمہ داری نہیں؛ ریاست، انتظامیہ، تعلیمی اداروں، مذہبی و سماجی شخصیات اور کاروباری طبقے سب کو اپنا حصہ ڈالنا ہوگا۔ یہاں ایک اور اہم پہلو بھی ہے: چائے کے ہوٹلوں پر ہونے والی گفتگو۔ یہ جگہیں اگر مثبت سوچ کے مراکز بن جائیں تو کیا ہی خوب ہو۔ نوجوان یہاں ملکی حالات پر گفتگو کریں، کتابوں پر بات کریں، تعلیم اور روزگار کے مواقع تلاش کریں، کاروبار کے نئے راستے سوچیں، معاشرتی مسائل پر غور کریں اور ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھائیں۔ چائے کی محفل اگر علم، شعور اور مثبت سوچ کی محفل بن جائے تو اس سے بہتر معاشرتی سرگرمی اور کیا ہو سکتی ہے؟ لیکن اگر یہی جگہیں جرائم پیشہ افراد، منشیات فروشوں یا منفی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے لگیں تو انتظامیہ کو خاموش نہیں رہنا چاہیے۔

ہمیں توازن قائم کرنا ہوگا۔ ایک طرف ہوٹل مالکان کا جائز کاروبار اور روزگار محفوظ رہے، دوسری طرف عوام کی صحت، جان و مال اور امن و امان بھی محفوظ ہو۔

یہی اصل چیک اینڈ بیلنس ہے۔ انتظامیہ کو چاہیے کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں چائے کے ہوٹلوں کا باقاعدہ جائزہ لے۔ صفائی کے

انتظامات چیک کیے جائیں، پانی اور دودھ کے معیار کے نمونے لیے جائیں، استعمال ہونے والے برتنوں کی صفائی دیکھی جائے، کھانے پینے کی اشیاء کی میعاد اور معیار کی جانچ کی جائے، قیمتوں کے حوالے سے شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور ایسے مقامات پر خصوصی نظر رکھی جائے جہاں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی یا مشکوک سرگرمیوں کی شکایات سامنے آتی ہوں۔ اسی طرح رات گئے تک کاروبار کرنے والے ہوٹلوں کے لیے واضح ضابطہ بنایا جائے، تاہم اس ضابطے کا نفاذ قانون کے مطابق اور تمام کاروباری افراد کے لیے یکساں ہونا چاہیے۔

ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ کسی بھی شکایت کو صرف افواہ سمجھ کر نظرانداز نہیں کرنا چاہیے، اور نہ ہی کسی افواہ کو حقیقت سمجھ کر کسی کاروبار یا شخص کو بدنام کرنا چاہیے۔ تحقیق، ثبوت اور قانون ہی وہ راستہ ہے جس سے معاشرہ درست سمت میں آگے بڑھ سکتا ہے۔

چائے کا ایک کپ بظاہر بہت معمولی چیز ہے، لیکن اس کپ میں ہمارے معاشرے کی کئی تصویریں چھپی ہوئی ہیں۔ اس میں ہماری مہمان نوازی بھی ہے، ہماری محفلیں بھی ہیں، ہماری ثقافت بھی ہے، ہماری معیشت بھی ہے اور ہماری روزمرہ زندگی بھی۔ لہٰذا ہم چائے کے شوق کو برا نہیں کہتے۔ چائے پینا کسی معاشرتی جرم کا نام نہیں۔ مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب معیار پر سمجھوتہ ہو، صفائی کو نظرانداز کیا جائے، قیمتوں میں بے ضابطگی ہو، عوام کی صحت سے کھیلنے کی کوشش کی جائے یا کسی کاروباری جگہ کو جرائم پیشہ سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے دیا جائے۔ چائے اچھی ہو، ذائقہ بہترین ہو، قیمت مناسب ہو، پانی صاف ہو، برتن پاکیزہ ہوں، ماحول محفوظ ہو اور محفل میں سکون ہو یہی ایک عام شہری کی خواہش ہے۔

عوام نے جو شکایات اور خدشات سامنے رکھے ہیں، انتظامیہ کو ان کا نوٹس لینا چاہیے۔ اگر شکایات درست نہیں تو تحقیقات کے ذریعے حقیقت عوام کے سامنے لائی جائے، اور اگر کہیں واقعی خرابی موجود ہے تو اسے دور کیا جائے۔

کیونکہ حکومت اور انتظامیہ کی ذمہ داری صرف بڑے منصوبے بنانا نہیں، بلکہ شہری کی روزمرہ زندگی کو محفوظ، باوقار اور پُرسکون بنانا بھی ہے۔

آخر میں چائے کے ہوٹل مالکان سے بھی یہی گزارش ہے کہ آپ کے پاس آنے والا ہر شخص صرف گاہک نہیں بلکہ آپ کے کاروبار پر اعتماد کرنے والا شہری ہے۔ اس اعتماد کو برقرار رکھیں۔ صاف پانی استعمال کریں، معیاری اشیاء استعمال کریں، برتن صاف رکھیں، قیمت واضح رکھیں اور اپنے ہوٹل کے ماحول کو ایسی سرگرمیوں سے محفوظ رکھیں جو معاشرے اور نوجوان نسل کے لیے نقصان دہ ہو سکتی ہیں۔

اور انتظامیہ سے بھی یہی گزارش ہے کہ چیک اینڈ بیلنس ضرور ہو، مگر انصاف اور قانون کے دائرے میں ہو۔

کوئٹہ کی چائے کی محفلیں ہماری ثقافت کا خوبصورت حصہ ہیں۔ انہیں ختم نہیں کرنا، انہیں بہتر بنانا ہے۔ چائے کے کپ کو خوف، بیماری یا جرائم کی علامت نہیں بننے دینا؛ بلکہ اسے ایسی محفل کا ذریعہ بنانا ہے جہاں ذائقے کے ساتھ گفتگو ہو، گفتگو کے ساتھ شعور ہو، شعور کے ساتھ ذمہ داری ہو اور ذمہ داری کے ساتھ ایک محفوظ معاشرہ تشکیل پائے۔

ایک کپ چائے صرف چائے نہیں یہ معیار، صحت، کاروباری دیانت، شہری ذمہ داری اور معاشرتی امن کا بھی امتحان ہے۔

☆☆☆☆

☆☆

ڈیموکریسی اور سوشل میڈیا

سلمان علی

ڈیموکریسی کا بحران:

اس ہفتے بھی سوشل میڈیا پر عوامی اضطراب نمایاں رہا اور پاکستان داخلی طور پر مختلف مسائل میں گھرا نظر آیا۔ آزاد کشمیر کے انتخابات، پیٹرول کی قیمتوں اور میر رضا کے قتل سے لے کر جشن آزادی کی تیاریوں تک، مختلف داخلی امور زیر بحث رہے۔ علاقائی سطح پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا مشترکہ طور پر ایک میز پر آنا بھی خاصی اہمیت کا حامل رہا۔ ایران امریکہ جنگ کسی طور نہیں تھم رہی۔ غزہ مستقل جل رہا ہے، یہ الگ غم ہے۔ ان سب کے علاوہ بھی دنیا پر مجموعی نظر ڈالیں تو جو تبدیلیاں سامنے آرہی ہیں، ان میں یہ نکتہ اہم ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کے امریکہ کا اقتدار سنبھالنے کے بعد کیا ہو رہا ہے؟ مبصرین، تجزیہ کاروں، تھنک ٹینکس میں یہ مباحث چل پڑے ہیں کہ کیا ہم اب 'گلوبل آرڈر' سے 'ڈس آرڈر' کی طرف جا رہے ہیں؟ یہ جو نئی قسم کی سیاسی تحریکیں سامنے آرہی ہیں وہ کس نوعیت کی ہیں، جیسے نیپال، بنگلہ دیش، بھارت کو ہی ہم اگر مثال میں شامل کر لیں تو یہ بات سمجھی جا سکتی ہے۔ عالمی سطح پر پیوٹن، چین میں شی جن پنگ اور یورپ میں رائٹ ونگ کا ابھرنا... یہ سب 'ڈیموکریسی کے بحران' کا اظہار کر رہا ہے۔ عالمی ادارے نظم و ضبط کے قیام کے لیے بنائے گئے، لیکن غزہ حملوں کے بعد وہ قابض اسرائیل کے کیس میں فیصلے، مذمتیں، قراردادیں دے دے کر اپنی وقعت کھو چکے ہیں۔ تو اب کس بات کی 'ڈیموکریسی' باقی ہے؟

ہمیں یہ بات نہیں بھولنی چاہیے کہ جدید سیاسی تاریخ صرف 300 سال ہے، اس پر ایک طالب علمانہ نظر ڈالیں تو صاف نظر آتا ہے کہ ڈیموکریسی یا جدید سیاسی نظم کا یہ سارا سفر مستقل اپنے بحرانات کو حل کرنے کے نام پر مزید نئے مسائل میں دھنستا چلا جا رہا ہے۔ یہ بحران حادثاتی یا ادارہ جاتی نظر نہیں آتا ہے کیونکہ ہمارے پاس ایسی کئی مثالیں جمع ہو چکی ہیں جو ثابت کرتی ہیں کہ 'ڈیموکریسی' کا بحران وجودی ہوتا ہے، کئی بڑے ممالک ہیں جو بغیر ڈیموکریسی کو اپنائے بھی وہ مقام پا گئے جس کا 'ڈیموکریسی' دعویٰ کرتی تھی۔ مغرب سے پھوٹنے والی مذہب اور روایت سے بغاوت کے نتیجے میں جدیدیت اور اس کے نظریات نے جنم لیا۔ اس نے جو نیا سیاسی نظم تشکیل دیا اس میں 'ڈیموکریسی' کو ایک نمایاں خصوصیت کے طور پر متعارف کرایا۔ آپ نوٹ کر لیں کہ مغرب کا مقبول ترین بیانیہ یہ رہا ہے کہ جمہوریت ہی انسانی تاریخ کا حتمی، جامع اور سب سے بہترین سیاسی و معاشی نظام ہے۔ مگر ہمارے پاس آج 2026ء میں دینے کے لیے کئی مثالیں جمع ہو چکی ہیں جن کی بنیاد پر کہا جا سکتا ہے کہ یہ بات قطعی جھوٹ اور بے بنیاد ہے کہ 'ڈیموکریسی' کسی قسم کی 'ترقی' یا موثر نظم اقتدار کی ضامن ہے۔ ڈیموکریسی کی کوکھ سے بھی کئی مسائل و تضادات سامنے آچکے ہیں جو بتاتے ہیں کہ اس نے دنیا کی آنکھوں پر جھوٹ اور دھوکے کا لبادہ ڈال کر یہ کام کیا ہے۔

پہلا تضاد:

اکیسویں صدی کے ابھرتے ہوئے سائنسی، سیاسی اور ٹیکنالوجیکل حقائق نے اس نظام کے بنیادی دعووں کے اندر چھپے سنگین تضادات کو برہنہ کر دیا ہے۔ جمہوریت کے پہلے تضاد میں ہم اس کے ترقی کے دعوے کو دیکھتے ہیں۔ 'ڈیموکریسی' کا کلیدی دعویٰ ہے کہ آزادی، انتخابات اور جمہوری اداروں کے بغیر کوئی ملک پائیدار ترقی، معاشی استحکام اور تکنیکی پیش رفت حاصل نہیں کر سکتا۔ اس بات کو یورپ و امریکہ کی حد تک تو مختلف تاویلوں سے مانا جا سکتا ہے، مگر ہم بات شروع کریں گے چین سے۔

چین: چین نے مغرب کے پیش کردہ جمہوری ماڈل کو مکمل طور پر مسترد کیا۔ افیون زدہ چین

غربت سے نکل کر دنیا کی سب سے بڑی مینوفیکچرنگ و تکنیکی معیشت بن چکا ہے۔ چین کی غیر معمولی ترقی نے ثابت کر دیا کہ مغربی ڈیموکریسی اور عوام کی رائے وغیرہ جیسے جعلی نعروں پر مبنی 5-5 سالہ انتخابی سیاسی کشمکش سے کہیں زیادہ موثر معاشی نتائج اس کی سخت آمریت والی ایک مخلص گورننس نے دیے ہیں۔

سنگاپور: سنگاپور کے بانی لی کوآن یو نے ایک 'کنٹرولڈ جمہوریت' یا آمریت کے تحت تیسری دنیا کے ایک غریب جزیرے کو دنیا کے امیر ترین اور محفوظ ترین مالیاتی مرکز میں بدل دیا۔ اس کا مشہور قول تھا کہ 'جمہوریت سے زیادہ اہم نظم و ضبط، قانون کی حکمرانی اور معاشی پیش رفت ہے۔ میں نہیں مانتا کہ جمہوریت خود بخود ترقی کی طرف لے جاتی ہے۔ میں مانتا ہوں کہ آزادی کی زیادتی سے بے ترتیبی اور بدنظمی جنم لیتی ہے۔'

دبئی: خلیجی ممالک بالخصوص دبئی نے بغیر کسی پارلیمانی الیکشن یا اپوزیشن کے دنیا کا بہترین انفرا اسٹرکچر، سیاحت اور بزنس حب قائم کیا۔ سب جانتے ہیں کہ وہاں بادشاہت یعنی ملوکیت قائم ہے۔

روانڈا: 1994ء کے شدید ترین نسل کشی سانحے کے بعد روانڈا نے ڈیموکریسی نافذ کرنے کے بجائے ایک طاقتور مرکزی حکومت قائم کی۔ آج روانڈا کو افریقہ کا ''سنگاپور'' کہا جاتا ہے، جہاں بدعنوانی کا خاتمہ ہوا اور انفرا اسٹرکچر میں تیز ترین ترقی ہوئی۔

ملائشیا: ملائشیا نے زراعت پر مبنی ایک غریب ملک سے دنیا کے سب سے بڑے تکنیکی و الیکٹرانکس ایکسپورٹر بننے تک کا سفر مغربی لبرل جمہوریت کے بغیر طے کیا۔ اس نے دنیا کو دکھایا کہ سیاسی استحکام، سخت انتظامی کنٹرول، اور روایتی و اخلاقی اقدار کی پاسداری کرتے ہوئے بھی اعلیٰ ترین عالمی ترقی حاصل کی جا سکتی ہے۔ ملائشیا نے باریسان نیشنل (BN) کے چھ دہائیوں پر محیط طویل اور مستحکم اقتدار کے تحت ترقی کی۔ ڈاکٹر مہاتیر محمد کے 22 سالہ دورِ اقتدار میں اپوزیشن اور پریس کی آزادی پر سخت کنٹرول رکھا گیا اور سیاسی کشمکش کو دبا کر معاشی ترقی پر تمام تر توجہ مرکوز رکھی گئی۔

دوسرا تضاد:

ڈیموکریسی کے دوسرے تضاد کو ہم 'عوامی حاکمیت بمقابلہ پاپولزم' کے عنوان سے آج اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتے ہیں۔ جمہوریت کا دوسرا سب سے بڑا نعرہ ''عوام کی رائے، عوام کے لیے، عوام کی بنیاد پر'' ہوتا ہے۔ جب یہی عوام اپنے ووٹ کے ذریعے کسی رہنما کو منتخب کرتے ہیں جو روایتی اشرافیہ یا لبرل سیٹ اپ کے مزاج کے خلاف ہو، تو سارے جمہوری ادارے اور ذرائع ابلاغ اس عوامی رائے کو جمہوریت کے لیے وجودی خطرہ قرار دے دیتے ہیں۔ سوشل میڈیا اور پاپولزم سے معاشرے میں سیاسی پولرائزیشن شدید ہوتی جا رہی ہے۔ آج اس کی سب سے نمایاں مثال امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ خود ہے۔

ٹرمپ امریکہ کے نچلی و درمیانی سطح کے عوام کے نمایاں ووٹ حاصل کر کے دوسری مرتبہ امریکا کا صدر بن گیا۔ اس نے حلف اٹھاتے ہی واشنگٹن ڈی سی کے قائم شدہ نظام یعنی امریکی اسٹیبلشمنٹ کو چیلنج کیا۔ اس کے جواب میں لبرل میڈیا اور اداروں نے اس پر جمہوری نظام کو تباہ کرنے کا الزام لگایا۔ پاپولزم کی بنیاد پر وہ جب چاہے کسی بھی ملک پر حملہ کر دیتا ہے، پھر کانگریس میں جاتا ہے۔ ایسے بے شمار فیصلے ہیں جو وہ پاپولزم کی بنیاد اور اپنے صدارتی عہدے کے اختیارات کے دائرہ کار کو وسیع کر کے کر لیتا ہے۔ یہ سارے فیصلے عالمی سطح پر مکمل غیر جمہوری کہلاتے ہیں۔

دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت بھارت میں مودی دو بار سے زائد زبردست عوامی اکثریت کے ساتھ منتخب ہو چکا ہے، لیکن لبرل جمہوری مبصرین کا ماننا ہے کہ مودی کا پاپولسٹ بیانیہ جمہوری اداروں (عدلیہ، الیکشن کمیشن، فری پریس) کو کھوکھلا کر رہا ہے۔ وہاں پھیلتا ہوا ہندتوا، عالمی لبرل ڈیموکریسی آرڈر کے لیے خطرہ ہے۔ اس کے علاوہ وکٹر اوربان (ہنگری) اور رجب طیب اردوان (ترکیہ) الیکشن جیت کر اقتدار میں آئے لیکن یورپی یونین اور مغرب انہیں غیر لبرل قرار دیتے ہیں کیونکہ انہوں نے اقتدار پر گرفت مضبوط کر کے روایتی لبرل اداروں کو مفلوج کر دیا ہے۔

یہ اتنی نمایاں مثالیں ہیں جن سے آپ جمہوریت کے دعوے کے تضاد کو بخوبی سمجھ سکتے ہیں۔

ہمت

"اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مالدار ہونے میں کوئی خطرہ نہیں ہے اور تندرستی اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مالداری سے بہتر چیز ہے اور قلب کی خوشی اور انبساط اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے"۔

پاکستان منفرد سیاحتی مقامات کی فہرست میں شامل

دی ٹیلی گراف نے پاکستان کو دنیا کے ان چند منفرد مقامات کی فہرست میں شامل کیا ہے جہاں برف پوش پہاڑ، پرسکون وادیاں، قدیم تہذیب اور مہم جوئی آج بھی سیاحوں کو ایک منفرد دنیا دریافت کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ یہ ٹریول فیچر معروف ٹریول رائٹرز جینیفر کٹ ایلن اور سارہ مارشل نے تحریر کیا ہے، جس میں انہوں نے اپنے قارئین کو پاکستان کے ان دلفریب مقامات کی سیاحت کی ترغیب دی ہے۔ دی ٹیلی گراف نے خوبصورت وادی ہنزہ، بلند گلیشیئرز، جنگلی پھولوں سے بھرے میدانوں اور شاہراہ قراقرم کو بھی نمایاں کیا ہے۔ شاہراہ قراقرم کو انجینئرنگ کا شاندار کارنامہ قرار دیتے ہوئے پہاڑی علاقوں کے لوگوں کی سادگی اور مہمان نوازی کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ اس فہرست میں ترکمانستان، گیبون، انگولا، تیمور لیستے، نکاراگوا، گیانا، آرمینیا، جمہوریہ کانگو اور انڈونیشیا بھی شامل ہیں۔ پاکستان بلاشبہ دنیا کے لیے ایک منفرد اور دلکش سیاحتی مقام ہے۔ دنیا بہت خوبصورت ہے، اسے مزید خوبصورت بنانے کے لیے کئی ممالک نے بڑے جتن کیے ہیں، مگر پاکستان ایسا ملک ہے جہاں قدرتی حسن کے نظارے خود دنیا کو اپنی جانب دعوت دیتے ہیں۔ ہم معاشی زبوں حالی کا رونا تو روتے رہتے ہیں، لیکن حکومت صرف سیاحت کے شعبے پر بھرپور توجہ مرکوز کر لے تو پاکستان ترقی اور خوشحالی کی منزل اسی ایک شعبے کے ذریعے حاصل کر سکتا ہے۔ برف پوش پہاڑ اور پرسکون وادیاں پاکستان کے منفرد سیاحتی مقامات میں شامل ہیں۔ یہ بلاشبہ ایک خوش آئند خبر ہے، لیکن اس خوشی کے ساتھ ایک سنجیدہ سوال بھی ہمارے سامنے کھڑا ہے۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث ہمارے برف پوش پہاڑ تیزی سے پگھل رہے ہیں اور پرسکون وادیاں بار بار آنے والے سیلابوں کی نذر ہو رہی ہیں۔ ایسے میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ متعلقہ سرکاری ادارے سیاحتی مقامات کے تحفظ اور ملک میں سیاحت کے فروغ کے لیے کیا اقدامات کر رہے ہیں؟ بین الاقوامی ادارے بارہا خبردار کر چکے ہیں کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے، لیکن ہمارے کان پر جوں تک نہیں رینگ رہی۔ اگر ہم نے اپنے پہاڑ، گلیشیئر، وادیاں، جنگلات اور دریاؤں کو محفوظ نہ کیا تو آنے والی نسلوں کے لیے سیاحت کے یہ حسین مقامات صرف تصویروں اور کتابوں میں باقی رہ جائیں گے۔

نوجوانوں کے روشن مستقبل کی جانب اہم قدم

پاکستان نوجوانوں کا ملک ہے، آبادی کا ایک بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے اور یہی نوجوان ملک کی سب سے بڑی افرادی قوت، معاشی قوت اور مستقبل کی امید ہیں۔ اگر نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید ہنر، باعزت روزگار، کاروباری مواقع اور فیصلہ سازی میں موثر کردار فراہم کیا جائے تو پاکستان اپنی نوجوان آبادی کو ایک مضبوط معاشی اثاثے میں تبدیل کر سکتا ہے۔ اسی چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان میں نوجوانوں کے روزگار کے لیے نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کا اجرا ایک اہم اور خوش آئند پیش رفت ہے۔ 12 اگست 2026 کو انٹرنیشنل یوتھ ڈے کے موقع پر اسلام آباد میں اس پالیسی کا اجرا کیا گیا، جس کے ذریعے حکومت نے نوجوانوں کو تعلیم، ہنر، روزگار، کاروبار اور جدید معیشت کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ایک جامع قومی سمت متعین کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ پالیسی محض نوجوانوں کو ملازمتیں فراہم کرنے کا منصوبہ نہیں بلکہ پاکستان کی نوجوان نسل کو قومی معیشت کا فعال اور پیداواری حصہ بنانے کا ایک وسیع فریم ورک ہے۔ اس کا بنیادی مقصد تعلیم اور روزگار کے درمیان موجود فاصلے کو کم کرنا، مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنر پیدا کرنا، نوجوانوں ...

زراعت، صنعت، تجارت، صحت، تعلیم، سیاحت، ای کامرس، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں ملک کی معیشت کو طاقت دے سکتے ہیں۔ آج کی دنیا تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے۔ مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل معیشت، روبوٹکس، ای کامرس، سائبر ٹیکنالوجی اور جدید صنعتی مہارتیں روزگار کے روایتی تصور کو تبدیل کر رہی ہیں۔ ایسے میں صرف ڈگری حاصل کرنا کافی نہیں۔ نوجوانوں کو ایسی مہارتیں بھی حاصل کرنا ہوں گی جو ملکی اور عالمی مارکیٹ میں مطلوب ہیں۔ نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیم، مہارت اور روزگار کو ایک دوسرے سے مربوط کرنے پر زور ...

محمود خان

... رہی ہے۔ اقتصادی سروے 2025-26 کے مطابق پالیسی کا مقصد نوجوانوں کو تعلیم، اسکلز ڈویلپمنٹ اور روزگار کے مواقع سے ایک مربوط ادارہ جاتی نظام کے ذریعے جوڑنا ہے۔ نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ نوجوانوں کو تعلیم مکمل کرنے کے بعد روزگار کی ...

[illegible]

یادگار فتح

صائمہ صدیق

[illegible]

مکہ دفاعی معاہدہ یا امریکی حکمت عملی کا نیا جال؟

سلیم قریشی

[illegible]

بھارتی پنجاب میں احتجاج، خالصتان تحریک میں نئی جان

بھارت میں مسلمانوں، سکھوں اور دیگر اقلیتوں کے خلاف ... قابل توجہ ہے کہ بھارتی پنجاب میں احتجاج کا یہ سلسلہ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ...

اصغر علی شاد

[illegible]

یہ سب ٹھیک مگر عوام کی باری کب آئے گی؟

مطلوب احمد وڑائچ

[illegible]

دھوکے بازی اور بدعنوانی کا تسلسل

ڈاکٹر رحیم غالب

[illegible]

نئے صوبے مگر کیوں اور کیسے

سرفراز راجا

[illegible]

شاید یہ میرا آخری سال ہو، رونالڈو نے ریٹائرمنٹ کا عندیہ دے دیا

مستقبل کی مکمل منصوبہ بندی کر رکھی ہے، فٹبال سے دور ہونے کے بعد خود کو مصروف رکھنے کیلئے بہت سی چیزیں ہیں، انٹرویو

لزبن (آئی این پی) پرتگال سے تعلق رکھنے والے دنیا کے مقبول ترین فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے ریٹائرمنٹ سے متعلق اپنے منصوبوں کے حوالے سے لب کشائی کر دی۔ کرسٹیانو رونالڈو نے اشارہ دیا ہے کہ رواں سیزن بطور فٹبالر ان کا ممکنہ طور پر آخری سیزن ہوگا، جس کے بعد وہ شاندار کیریئر کو الوداع کہہ سکتے ہیں۔ 41 سالہ رونالڈو نے منگل کو اپنی ساتھی جارجینا روڈریگز سے شادی کی اور اب وہ اپنے مستقبل کو خاندان کے گرد ترتیب دینے پر غور کر رہے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق رونالڈو نے اپنی شادی کے بعد دیے گئے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ 'یہ شاید فٹبال میں میرا آخری سال ہو، اور میں ایک شاندار میراث چھوڑنا چاہتا ہوں۔ رونالڈو نے کہا کہ انہوں نے اپنے مستقبل کی مکمل منصوبہ بندی کر رکھی ہے اور فٹبال سے دور ہونے کے بعد ان کے پاس خود کو مصروف رکھنے کے لیے بہت سی چیزیں ہیں۔ رونالڈو نے مزید کہا کہ وہ زیادہ تفریح، زیادہ سفر، پیڈل کھیلنے اور دیکھنے کے ساتھ ساتھ اپنی حاصل کردہ کامیابیوں سے لطف اندوز ہونا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آخرکار یہ 25 سال کی قربانیوں پر مشتمل سفر رہا ہے۔ واضح رہے کہ 5 مرتبہ بیلن ڈی اور اور 5 مرتبہ چیمپئنز لیگ جیتنے والے رونالڈو نے انگلینڈ، اسپین، اٹلی اور سعودی عرب میں لیگ ٹائٹلز اپنے نام کیے ہیں۔ وہ مینز انٹرنیشنل فٹبال میں سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی بھی ہیں۔ پرتگال کے کپتان گزشتہ تقریباً چار سال سے سعودی پرو لیگ کی چیمپئن ٹیم النصر کا حصہ ہیں، جہاں ان کے معاہدے کی مدت میں ابھی ایک سال باقی ہے۔ جب جولائی میں رونالڈو سے پوچھا گیا تھا کہ کیا یہ ان کا آخری فیفا ورلڈ کپ ہوگا تو انہوں نے کہا تھا کہ وہ اپنے خاندان سے مشاورت کے بعد "پرسکون ذہن کے ساتھ "اس بارے میں فیصلہ کریں گے۔

شراب پی کر گاڑی چلانے کا کیس، ڈیوڈ وارنر سزا یافتہ قرار، جرمانہ عائد

سڈنی (آئی این پی) سابق آسٹریلوی ٹیسٹ کرکٹر ڈیوڈ وارنر کو شراب پی کر گاڑی چلانے کے جرم میں سزا یافتہ قرار دے کر ان پر جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ ڈیوڈ وارنر کے شراب پی کر گاڑی چلانے کے کیس کی آسٹریلوی عدالت نے سماعت کی۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق ڈیوڈ وارنر کے اعتراف جرم کے بعد عدالت نے انہیں سزا سنائی ہے، وارنر پر 1500 آسٹریلوی ڈالرز جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔ دوران سماعت ڈیوڈ وارنر کے وکیل اولیس احمد نے عدالت سے ان کو سزا یافتہ قرار نہ دینے کی استدعا کرتے ہوئے کہا ہے کہ وارنر کی غلطی کو دنیا بھر میں میڈیا نے کور کیا، ان کے مالی معاہدوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ جس پر عدالت نے کہا کہ شراب پی کر گاڑی چلانے کی حوصلہ شکنی کے لیے پیغام دینا بہت اہم ہے۔



انگلش کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی تربیتی کیمپ میں شریک ہیں

گال ٹیسٹ میں سری لنکن بلے باز کے آؤٹ ہونے پر بھارتی کھلاڑی خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

شاہد آفریدی کا لاپتہ ہونے والا پالتو کتا مل گیا، نہال ہو گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان واسٹار آل راؤنڈر شاہد خان آفریدی کا گزشتہ روز گم ہونے والا پالتو کتا مل گیا جس پر انہوں نے خوشی کا اظہار کیا۔ سابق کپتان کا پالتو کتا گزشتہ روز اسلام آباد میں کھو گیا تھا، شاہد آفریدی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری پیغام میں اپنے پالتو کتے کی گمشدگی کی اطلاع دی تھی۔ شاہد آفریدی نے لکھا تھا کہ یہ کتا انہوں نے خاندان کے فرد کی طرح پالا تھا جو صرف 30 دن کی عمر میں ایک شدید بیماری سے بھی صحت یاب ہو کر بچ گیا تھا اب لاپتہ ہے۔ تاہم شاہد آفریدی نے سوشل میڈیا پر اپنے کتے کی واپسی کی اطلاع شیئر کرتے ہوئے کہا کہ میرا کتا مل گیا ہے اور بحفاظت گھر پہنچ گیا ہے۔ سابق کپتان نے اپنے پیغام میں کہا کہ ان تمام لوگوں کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ جنہوں نے سوشل میڈیا پر میری پوسٹ کو سپورٹ کیا، اس شاندار کمیونٹی کے تعاون کے بغیر یہ ممکن نہیں تھا۔

وسیم اکرم کی طرف سے آسٹریلیا کے خلاف ٹیسٹ میں تاریخی کامیابی پر بنگلا دیشی ٹیم کی تعریف

کراچی (این این آئی) آسٹریلیا کے خلاف ٹیسٹ میں تاریخی کامیابی پر لیجنڈ وسیم اکرم نے بنگلا دیشی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ سابق کپتان وسیم اکرم نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں لکھا کہ طاقتور آسٹریلیا کے خلاف بنگلا دیش نے شاندار کامیابی حاصل کی یہ جیت ظاہر کرتی ہے کہ بنگلا دیش نے ٹیسٹ کرکٹ میں کتنی بہتری کی ہے اور ان کی ترجیحات کیا ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اوپنر تنزید نے شاندار سنچری اسکور کی جب کہ میں حسن محمود سے بہت متاثر ہوں جنہوں نے خوبصورت لینتھ گیند کی، مناسب ٹیسٹ لینتھ پر بولنگ کی۔

پاکستان میں ایک ہی سپر اسٹار ہے لیکن ہم اسے عزت نہیں دیتے، اظہر محمود

بابر اعظم سابق کھلاڑیوں اور سوشل میڈیا پر موجود ناقدین کے رویے سے خاصے دل برداشتہ تھے، اظہر محمود

لاہور (آئی این پی) پاکستان کے سابق آل راؤنڈر اظہر محمود نے بابر اعظم کے دفاع میں کھل کر بات کرتے ہوئے سابق کرکٹرز اور کرکٹ تجزیہ کاروں کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ اسکائی اسپورٹس سے گفتگو کرتے ہوئے اظہر محمود نے کہا کہ پاکستان کے واحد سپر اسٹار بلے باز کو مسلسل تنقید کا سامنا ہے اور انہیں وہ عزت نہیں دی جا رہی جس کے وہ حقدار ہیں۔ اظہر محمود نے کہا کہ بابر انتہائی شرمیلے مزاج کے انسان ہیں اور گزشتہ کچھ عرصے کے دوران انہیں کافی مشکلات سے گزرنا پڑا۔ انہوں نے بتایا کہ انگلینڈ کے خلاف آخری سیریز کے بعد بابر کے ٹیم سے باہر رہنے کے دوران تقریباً پانچ ماہ تک ان کے ساتھ وقت گزارا۔ اظہر کے مطابق بابر سابق کھلاڑیوں اور سوشل میڈیا پر موجود ناقدین کے رویے سے خاصے دل برداشتہ تھے۔ اظہر محمود نے کہا کہ بابر میں کچھ خامیاں ضرور ہیں جن میں بہتری کی گنجائش ہے تاہم وقت کے ساتھ وہ زیادہ سمجھدار اور پختہ ہوئے ہیں۔ ان کے مطابق کپتان ہونے کی صورت میں بابر زیادہ پر اعتماد نظر آتے ہیں جبکہ قیادت سے ہٹنے کے بعد بعض اوقات تنقید کے باعث خود کو محدود کر لیتے ہیں۔

بنگلا دیش کے ہاتھوں تاریخی شکست

آسٹریلوی کپتان نے تبدیلیوں کا عندیہ دیدیا

سڈنی (آئی این پی) ڈارون ٹیسٹ میں بنگلا دیش نے آسٹریلیا کو 9 وکٹوں سے شکست دے دی، جس پر کپتان پیٹ کمنز نے ٹیم کی ناقص کارکردگی کا اعتراف کرتے ہوئے دوسرے ٹیسٹ کے لیے ممکنہ تبدیلیوں کا عندیہ دیا ہے۔ آسٹریلیا اور بنگلا دیش کے درمیان ڈارون میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میں مہمان ٹیم نے تاریخی فتح اپنے نام کی۔ بنگلا دیش نے چوتھے روز چائے کے وقفے سے قبل آسٹریلیا کو 9 وکٹوں سے شکست دی۔ آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز نے میچ کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹیم کی تیاری میں کوئی کمی نہیں تھی، اس لیے شکست کا کوئی بہانہ نہیں بنایا جا سکتا۔ ان کے مطابق بنگلا دیش نے ہر شعبے میں آسٹریلیا کو آؤٹ کلاس کیا۔ کمنز نے کہا کہ پہلے روز وکٹ میں ابتدائی طور پر کچھ مدد موجود تھی لیکن آسٹریلوی بیٹرز کو زیادہ دیر کریز پر رکنا چاہیے تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک مرتبہ ٹیم پیچھے ہو گئی تو واپسی مشکل ہو گئی۔ آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا تاہم پوری ٹیم پہلی اننگز میں صرف 198 رنز پر آؤٹ ہو گئی۔ جواب میں بنگلا دیش نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 426 رنز بنائے اور آسٹریلیا پر دباؤ بڑھا دیا۔ دوسری اننگز میں بھی آسٹریلوی بیٹرز توقعات پر پورا نہ اتر سکے۔ جیک ویدرالڈ دونوں اننگز میں صرف 23 اور صفر رنز بنا سکے جبکہ مارنس لبوشین دوسری اننگز میں اچھی شروعات کو بڑی اننگز میں تبدیل نہ کر سکے۔ دوسرے ٹیسٹ سے قبل ٹیم میں تبدیلیوں کے سوال پر پیٹ کمنز نے کہا کہ ابھی میچ ختم ہوا ہے، اس لیے فیصلہ کرنا قبل از وقت ہوگا، تاہم ٹیم مینجمنٹ آئندہ میچ کے لیے ٹیم کے امتزاج پر غور کرے گی۔ آسٹریلیا کے لیے واحد نمایاں کارکردگی جوش ہیزل ووڈ کی رہی، جنہوں نے پہلی اننگز میں 6 وکٹیں حاصل کر کے ٹیسٹ کرکٹ میں 300 وکٹیں مکمل کیں۔ کیمرون گرین نے بھی ہوم گراؤنڈ پر اپنی پہلی ٹیسٹ سنچری اسکور کی۔ سابق آسٹریلوی کپتان رکی پونٹنگ نے شکست سے قبل ہی ٹیم میں تبدیلیوں کی ضرورت پر زور دیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ دوسرے ٹیسٹ کے لیے نئے اوپنر اور نمبر 3 پر متبادل کھلاڑی کو موقع دینے پر غور ہونا چاہیے۔

پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کرکٹ ٹورنامنٹ 12 ستمبر سے شروع ہوگا

اسلام آباد (آئی این پی) پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کرکٹ ٹورنامنٹ 12 ستمبر سے شروع ہوگا۔ ڈیپارٹمنٹس کے فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ میں 8 ٹیمیں شامل ہیں، ہر راؤنڈ میں 4 میچز کھیلے جائیں گے۔ پریذیڈنٹ ٹرافی کے میچز پشاور، ایبٹ آباد، اسلام آباد اور راولپنڈی میں کھیلے جائیں گے۔ پریذیڈنٹ ٹرافی کا فائنل 24 سے 28 اکتوبر تک کھیلا جائے گا۔ ٹرافی میں کے آر ایل، اسٹیٹ بینک، غنی گلاس اور ایم آئی ٹی سلوشنز شامل ہیں سوئی ناردرن، پی ٹی وی، او جی ڈی سی ایل اور کنگز مین اکیڈمی بھی ٹورنامنٹ کا حصہ ہیں۔ ٹورنامنٹ کے شیڈول میں پی سی بی نے ردوبدل کر دیا۔

شعیب ملک کے بیٹے اذہان کا والد کو فٹبال چیلنج، ویڈیو وائرل

دبئی (آئی این پی) سابق پاکستانی کرکٹر شعیب ملک کے بیٹے اذہان مرزا ملک نے اپنے والد کو فٹبال کا دلچسپ چیلنج دے کر مداحوں کے دل جیت لیے۔ شعیب ملک ان دنوں دبئی میں اپنے بیٹے اذہان کے ساتھ وقت گزار رہے ہیں، دونوں کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں باپ بیٹا فٹبال کھیلتے دکھائی دے رہے ہیں۔ ویڈیو میں اذہان نے والد کو چیلنج کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ مرتبہ ان کا دن اچھا نہیں تھا اور وہ میچ ہار گئے تھے، لیکن اس بار وہ جیتیں گے۔ اذہان نے 10 کوششوں میں 4 گول کرنے کا ہدف رکھا اور شرط عائد کی کہ اگر وہ جیت گئے تو شعیب ملک انہیں اسپائیڈر مین کی فلم دکھانے سینما لے کر جائیں گے۔ دونوں کے درمیان خوبصورت باپ بیٹے کی یہ نوک جھونک اور کھیل کے لمحات سوشل میڈیا صارفین کو خوب پسند آ رہے ہیں۔

بھارت کی ٹی 20 لیگز میں بکیز کا کھلاڑیوں، ٹیم منیجرز اور مالکان سے رابطے کا انکشاف

میچز کی نگرانی کی جائے گی، بکیز کے جھانسے میں آنے والے کھلاڑیوں یا مالکان کو نہیں بخشا جائے گا، بھارتی کرکٹ بورڈ

نئی دہلی (آئی این پی) بھارت میں ریاستی سطح پر کھیلی جانے والی ٹی ٹوئنٹی لیگز میں میچ فکسنگ کیلئے مشکوک سرگرمیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق مختلف لیگز میں بکیز کا کھلاڑیوں، ٹیم منیجرز اور مالکان سے رابطے کا انکشاف ہوا ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق جون سے اگست تک تامل ناڈو، ممبئی، کرناٹک، دہلی اور پنجاب میں لیگز کھیلی جاتی ہیں۔ بھارتی ممنوعہ علاقے میں موبائل فون لانے پر تامل ناڈو کے آل راؤنڈر پر 1 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا، مختلف لیگز میں ممنوعہ حد کے اندر 6 کھلاڑی موبائل استعمال کرتے ہوئے پکڑے گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ کے اینٹی کرپشن یونٹ نے ریاستی ٹی ٹوئنٹی لیگز کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا ہے۔ بی سی سی آئی کا اے سی یو ریاستی ٹی ٹوئنٹی لیگز کے میچز کی نگرانی کرے گا، ہوٹلوں میں کھلاڑیوں اور آفیشلز کی ملاقاتوں پر بھی کڑی نظر رکھی جائے گی۔ بی سی سی آئی کے سیکرٹری دیواجیت سائکیا کا کہنا ہے کہ بکیز کے جھانسے میں آنے والے کھلاڑیوں یا مالکان کو بخشا نہیں جائے گا، کھیل کے وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

جورجیا ہنٹر بیل کے 1500 میٹر دوڑ میں طلائی تمغے کی بدولت شاندار اختتام

24 سالہ ایمی ہنٹ نے مکسڈ 4×100 میٹر ریلے میں ٹیم کو یورپین ریکارڈ 39.97 سیکنڈز کے ساتھ فتح دلائی

برمنگھم (این این آئی) ایمی ہنٹ اور دینا ایشر سمتھ کی شاندار کارکردگی اور جورجیا ہنٹر بیل کے 1500 میٹر دوڑ میں طلائی تمغے کی بدولت گریٹ برٹین نے یورپین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کا اختتام شاندار انداز میں کیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 24 سالہ ایمی ہنٹ نے مکسڈ 4×100 میٹر ریلے میں جرمنی کے چیلنج کو پیچھے چھوڑتے ہوئے ٹیم کو یورپین ریکارڈ 39.97 سیکنڈز کے ساتھ فتح دلائی۔ اس ٹیم میں ڈیوڈ، جیرمیا ازو، ڈارنیل ہیوز اور دینا ایشر سمتھ پر مشتمل اس کوارٹیٹ کی کامیابی کے ساتھ ہی ایمی ہنٹ نے ایک ہی ایونٹ میں 100 میٹر، 200 میٹر، ویمنز میٹر 4×100 اور مکسڈ ریلے کے ساتھ اپنا چوتھا طلائی تمغہ جیت کر کیریئر کی بہترین تاریخ رقم کی۔ اس فتح کے بعد دینا ایشر سمتھ مجموعی طور پر 8 گولڈ اور 11 میڈلز کے ساتھ یورپین چیمپئن شپ کی 92 سالہ تاریخ کی کامیاب ترین ایتھلیٹ بن گئی ہیں۔ دوسری جانب 32 سالہ جورجیا ہنٹر بیل نے ویمنز 1500 میٹر فائنل پر مکمل کنٹرول برقرار رکھتے ہوئے طلائی تمغہ اپنے نام کیا، جو پچھلے دو سالوں میں ان کا ساتواں بین الاقوامی میڈل ہے۔ گریٹ برٹین نے ایونٹ میں مجموعی طور پر 9 گولڈ سمیت 19 میڈلز حاصل کیے، تاہم اٹلی نے مینز 4×400 میٹر ریلے کے سنسنی خیز فائنل میں برٹین کو محض 0.03 سیکنڈز سے ہرا کر میڈل ٹیبل پر پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ مینز 4×400 میٹر ریلے میں سلور میڈل جیتنے والی برطانوی ٹیم کے میتھیو ہڈسن سمتھ مجموعی طور پر 9 میڈلز کے ساتھ چیمپئن شپ کی تاریخ کے کامیاب ترین مرد ایتھلیٹ بن گئے ہیں۔ ویمنز لانگ جمپ میں جازمن سائیڈرز نے زخمی ہونے کے بعد بہترین واپسی کرتے ہوئے 6.99 میٹر کی چھلانگ لگائی لیکن اٹلی کی لاریسا سے صرف ایک سینٹی میٹر پیچھے رہ کر سلور میڈل حاصل کر سکیں۔ علاوہ ازیں ویمنز 4×400 میٹر ریلے ٹیم نے بھی ہالینڈ کے بعد دوسری پوزیشن حاصل کرتے ہوئے سلور میڈل اپنے نام کیا۔

جی بی آر سی وینڈرز کی ٹریننگ سیشن میں شریک کھلاڑی پریکٹس کر رہی ہیں

امریکہ کیساتھ محدود جنگ ایران کیلئے فائدہ مند کیوں ہو سکتی ہے؟

عامر عظیمی

اس ہفتے کے آغاز میں اردن میں ایک امریکی اڈے پر ایران کے اچانک میزائل حملے کی وضاحت مشکل تھی۔ اس حملے نے عملاً امریکہ اور ایران کے درمیان براہ راست لڑائی میں موجود نازک وقفہ ختم کر دیا اور واشنگٹن کو ایران کے اندر دوبارہ حملے شروع کرنے پر آمادہ کیا۔ یہ غیر معمولی بھی تھا۔ اگر تہران کی ترجیح جنگ بندی حاصل کرنا ہوتی تو پھر اس حملے کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔ لیکن اگر ایرانی قیادت یہ سمجھتی ہے کہ ایک کنٹرول میں رکھی گئی محاذ آرائی اسے زیادہ سٹریٹجک فائدہ دے سکتی ہے، تو یہ فیصلہ زیادہ قابل فہم ہو جاتا ہے۔ ایک ممکنہ وضاحت یہ ہے کہ تہران کا خیال ہے کہ خطرات کے باوجود ایک محدود جنگ اس کے مفادات کے لیے بہتر ہے۔ آج دونوں فریق مکمل جنگ کے لیے تیار دکھائی نہیں دیتے۔

واشنگٹن نے ایک بہت وسیع علاقائی تنازع میں بہت کم دلچسپی ظاہر کی ہے، جو خطے میں توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو خطرے میں ڈال سکتا ہے، مزید ممالک کو اس میں شامل کر سکتا ہے، تیل کی قیمتیں بڑھا سکتا ہے اور امریکی فوجی وسائل پر مزید دباؤ ڈال سکتا ہے۔ ایران بھی ممکنہ طور پر مکمل جنگ سے بچنے کی کوشش کرے گا کیونکہ اس کا کمزور فضائی دفاع، غیر محفوظ صنعتی بنیادی ڈھانچہ اور پابندیوں سے محدود معیشت نقصانات کی تلافی کو مسلسل زیادہ مشکل اور مہنگا بنا دیتے ہیں۔ ایران شاید اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ موجودہ حالات میں فوری اور مکمل فوجی فتح حاصل کرنا ممکن نہیں، اس لیے وہ ایسی حکمت عملی اپنانا چاہتا ہے جس میں مخالف فریق پر مسلسل دباؤ برقرار رکھا جائے۔

موجودہ حالات میں ایک طویل جنگ بندی دراصل تہران کو کمزور پوزیشن میں چھوڑ سکتی ہے۔ ایرانی بندرگاہوں کی امریکی بحری ناکہ بندی برقرار رہے گی، پابندیاں برقرار رہیں گی اور ایران بڑی حد تک بین الاقوامی توانائی منڈیوں سے باہر ہی رہے گا۔ دریں اثنا سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر اور خطے کے دیگر تیل اور گیس برآمد کرنے والے ممالک بتدریج اپنی معمول کی برآمدات بحال کر سکتے ہیں جبکہ ایران اقتصادی طور پر تنہا رہے گا۔ ایک محدود تنازع ایران کے لیے اس منظر نامے کو بدل سکتا ہے۔ اگرچہ ایران کو بھاری فوجی اور اقتصادی قیمت چکانا پڑ رہی ہے، آبنائے ہرمز میں خلل اور حوثیوں کے ذریعے 'باب المندب' کے اطراف دباؤ عالمی جہاز رانی، انشورنس اخراجات اور توانائی منڈیوں کو متاثر کرتے رہتے ہیں۔ حتیٰ کہ محدود غیر یقینی صورتحال بھی حکومتوں، بحری جہازوں کے مالکان اور درآمد کنندگان کو ایران کے مطالبات پر توجہ دینے پر مجبور کرتی ہے۔

درحقیقت تہران کا خیال ہو سکتا ہے کہ اس کے پاس اب بھی اثر و رسوخ موجود ہے۔ ایران سفارتی بحث کا رخ بدلنے کی کوشش بھی کرتا دکھائی دیتا ہے۔ غیر محدود جہاز رانی کی آزادی قبول کرنے کے بجائے، اس نے بارہا اشارہ دیا ہے کہ جہاز رانی ایسے قواعد کے تحت ہونی چاہیے جن پر ایران کی رضامندی ہو یا جن کا انتظام ایران کرے۔ اگر یہ تشریح درست ہے تو تہران کا مقصد یہ ہو سکتا ہے کہ آبنائے ہرمز کی کسی بھی آئندہ بحالی میں ایرانی اثر و رسوخ کی عکاسی ہو، نہ کہ جنگ سے پہلے کی صورتحال کی بحالی۔ جاری رہنے والا محدود تنازع ایران کو اس مقصد کے حصول کے لیے دباؤ برقرار رکھنے کا موقع دے گا۔ تہران کے نقطہ نظر سے مکمل جنگ کی حد سے نیچے رہتے ہوئے بحران کو زندہ رکھنا ایسی جنگ بندی قبول کرنے سے بہتر ہو سکتا ہے جو پابندیوں، ناکہ بندی اور اقتصادی تنہائی کو بڑی حد تک برقرار رکھے۔

اس میں اندرونی سیاسی حساب کتاب بھی شامل ہو سکتا ہے۔ ایران کو اب بھی بہت بلند افراط زر، بے روزگاری، اقتصادی مشکلات اور عوامی بے اطمینانی کا سامنا ہے۔ بیرونی تنازعات کے دوران حکومتوں کے لیے اکثر اندرونی مخالفت کو دبانا، سخت سکیورٹی اقدامات کا جواز پیش کرنا اور قومی دفاع کے گرد حمایت اکٹھی کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ اس سے ایران کے اقتصادی مسائل ختم نہیں ہوتے، لیکن ان سے پیدا ہونے والے فوری سیاسی دباؤ میں کمی آ سکتی ہے۔ اس سب کا یہ مطلب نہیں کہ یہ حکمت عملی بھاری اخراجات سے خالی ہے۔ ایران اب بھی بار بار ہونے والے فوجی حملوں اور اقتصادی غیر یقینی صورتحال کا سامنا کر رہا ہے اور اس بات کی کوئی ضمانت نہیں کہ موجودہ توازن برقرار رکھا جا سکے گا۔ یہی وہ بنیادی تضاد ہے جس کا سامنا تہران کو ہے۔ ایک کنٹرولڈ تنازع فی الحال ایک نامکمل امن سے زیادہ اثر و رسوخ فراہم کر سکتا ہے، لیکن قابو میں رکھے گئے تنازعات اکثر بے قابو ہو جاتے ہیں۔ ایران کا خیال ہو سکتا ہے کہ وہ کشیدگی کو اتنی احتیاط سے منظم کر سکتا ہے کہ امریکہ، عالمی توانائی منڈیوں اور علاقائی سفارت کاری پر دباؤ برقرار رہے جبکہ مکمل جنگ سے بچا جا سکے۔

لیکن اس حساب کتاب میں بھی نمایاں خطرات شامل ہیں۔ زیادہ وسیع جنگ کے امکان کے علاوہ، کسی واضح انجام کے بغیر طویل تنازع بتدریج ایک سخت ردعمل کے حق میں بین الاقوامی حمایت کو مضبوط کر سکتا ہے۔ پہلے ہی ایسی علامات موجود ہیں کہ تنازع پھیل رہا ہے۔ سعودی عرب، جو ابتدا میں براہ راست شامل ہونے سے گریز کرنا چاہتا تھا، عراق میں ایران نواز شیعہ گروہوں کے خلاف حملے کر چکا ہے اور حوثیوں کے خلاف فوجی کارروائی بھی کر چکا ہے۔ اگر عالمی تجارت اور توانائی منڈیوں میں خلل جاری رہتا ہے تو وہ دیگر ممالک بھی، جو اب تک غیر جانبدار رہنے کی کوشش کر رہے تھے، ایران پر دباؤ بڑھانے کی کوششوں کی حمایت کے لیے زیادہ آمادہ ہو سکتے ہیں۔ بعض حکومتیں یہ نتیجہ بھی اخذ کر سکتی ہیں کہ زیادہ مضبوط ردعمل کے اخراجات برداشت کرنا بین الاقوامی جہاز رانی اور توانائی کی فراہمی کو متاثر کرنے والے بار بار کے بحرانوں کے ساتھ جینے سے بہتر ہے۔

اوپر بیان کردہ امکانات، جن میں مزید ممالک کا فعال طور پر شامل ہونا بھی شامل ہے، درست ثابت ہوتے ہیں یا نہیں، یہ اب بھی غیر یقینی ہے۔ بہت کچھ اس بات پر منحصر ہو سکتا ہے کہ آیا تہران اپنے اقدامات کو متوازن رکھتے ہوئے ایسی جوابی کارروائی سے بچ سکتا ہے جو امریکہ کے سیاسی اور فوجی حسابات کو بنیادی طور پر تبدیل کر دے۔ اگلا غیر متوقع حملہ یہ طے کر سکتا ہے کہ تنازع کس راستے پر آگے بڑھتا ہے۔

☆☆☆☆



خواہش ہے بطور ہدایتکارہ اپنی الگ شناخت بناؤں، لیلیٰ

فلم "دنگھو" میں سینئر ہدایتکارہ سنگیتا کیساتھ بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا، انٹرویو

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ لیلیٰ نے کہا ہے کہ ہدایتکاری ایک ایسا شعبہ ہے جس میں سیکھنے کا عمل کبھی ختم نہیں ہوتا، فلم "دنگھو" میں سینئر ہدایتکارہ سنگیتا کے ساتھ بطور اسسٹنٹ کام کرتے ہوئے مجھے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا ہے، ان کا تجربہ، کام کرنے کا انداز اور ہر سین پر ان کی گرفت میرے لیے ایک بہترین عملی تربیت ثابت ہو رہی ہے۔ ایک انٹرویو میں لیلیٰ نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ معروف ہدایتکار شہزاد رفیق نے بھی مجھے اپنی آئندہ فلم میں معاونت کی پیشکش کی ہے جسے میں اپنے لیے ایک بڑا اعزاز اور سیکھنے کا بہترین موقع سمجھتی ہوں۔ میری خواہش ہے کہ آنے والے وقت میں بطور ہدایتکارہ اپنی الگ شناخت بناؤں اور ایسے معیاری منصوبے پیش کروں جو ناظرین کو پسند آئیں۔ میں پوری لگن کے ساتھ سیکھ رہی ہوں اور امید ہے کہ مستقبل میں اپنی ہدایتکاری کے ذریعے شائقین کی توقعات پر پورا اتروں گی۔

فلمی خاندان سے ہونے کے باوجود مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، تشار کپور

90 کی دہائی میں اداکاروں کیلئے فائٹ اور ڈانس کی تربیت لینا ضروری تھا، میں اس ماحول میں خود کو بہت الجھا ہوا محسوس کرتا تھا، اداکار

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار تشار کپور نے کہا ہے کہ فلمی خاندان سے تعلق ہونے کے باوجود انڈسٹری میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ایک انٹرویو میں تشار کپور نے بتایا کہ 1990 کی دہائی میں فلم انڈسٹری میں داخل ہونا میرے لیے ایک بڑا جھٹکا تھا، میرا تعلق کاروباری پس منظر سے تھا اور میں نے بچپن سے اداکار بننے کی تربیت حاصل نہیں کی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ میری دلچسپی تعلیم میں تھی، میں نے بیرون ملک تعلیم حاصل کی اور وہاں کام بھی کیا، جب میں فلم انڈسٹری میں آیا تو نئے اداکاروں سے مخصوص انداز، جسمانی ساخت اور رویے کی توقع کی جاتی تھی، میں ایک شرمیلا شخص تھا، اس لئے یہ سب میرے لئے بہت مشکل تھا۔ اداکار کے مطابق 90 کی دہائی میں اداکاروں کے لیے فائٹ اور ڈانس کی تربیت لینا ضروری سمجھا جاتا تھا، میں اس ماحول میں خود کو بہت الجھا ہوا محسوس کرتا تھا اور فلم کی شوٹنگ شروع ہونے سے پہلے ہی اسے چھوڑنے کا سوچنے لگا تھا۔ تشار کپور نے کہا کہ معروف اداکار جیتندر کا بیٹا ہونے کی وجہ سے میڈیا کی بھی مجھ سے بہت زیادہ توقعات وابستہ تھیں جس کیلئے میں نے بہت محنت کی۔

راجیش کھنہ نے 10 مرتبہ ڈمپل سے طلاق کا کہا لیکن وہ نہیں مانی، انیتا اڈوانی

راجیش کھنہ اپنی موت سے قبل ایک دہائی سے زائد عرصے تک انیتا اڈوانی سے قریبی تعلقات میں رہے

ممبئی (این این آئی) آنجہانی سپر اسٹار راجیش کھنہ کی گرل فرینڈ انیتا اڈوانی نے انکشاف کیا ہے کہ راجیش کھنہ نے ڈمپل کپاڈیہ سے 10 بار طلاق مانگی لیکن وہ ان سے طلاق نہ لے سکے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راجیش کھنہ نے 1973 میں ڈمپل کپاڈیہ سے شادی کی تھی اس وقت ڈمپل کی عمر صرف 16 سال تھی، دونوں کی ازدواجی زندگی کا آغاز زور و شور سے ہوا لیکن جلد ہی تعلقات میں تلخی آ گئی، 2 بیٹیوں کی پیدائش کے بعد 1982 میں جوڑے کے درمیان علیحدگی ہو گئی لیکن یہ علیحدگی کبھی قانونی طور پر طلاق کی شکل اختیار نہ کر سکی۔ بعد ازاں راجیش کھنہ اپنی موت سے قبل ایک دہائی سے زائد عرصے تک انیتا اڈوانی سے قریبی تعلقات میں رہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق رواں برس اپریل میں ممبئی ہائیکورٹ کی جانب سے انیتا اڈوانی کی راجیش کھنہ کے ساتھ گزارے وقت کو ایک جائز شادی کے طور پر تسلیم کرنے کی درخواست کو مسترد کر دیا گیا، اس کے برعکس عدالت نے اس رشتے کو کریکٹر آف لائیو ان ریلیشن اپ ایک ایسا رشتہ جو ہندو میرج ایکٹ کے تحت شادی کے تقاضوں کو پورا نہیں کرتا قرار دیا۔ اس پر انیتا اڈوانی نے بھارتی میڈیا سے گفتگو میں برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میرا کیس ہندو میرج پر چلایا گیا جس سے میرا کوئی لینا دینا نہیں، یہاں سے سول میں بھیج دیا جہاں قوانین مختلف ہیں۔ انیتا کا کہنا تھا کہ کہا جاتا ہے کہ ازدواجی تعلق ٹھیک ہو اور اگر کسی کی بیوی موجود ہو، اس کے ساتھ رہ رہی ہے تو آپ اس شخص کے ساتھ تعلق نہیں بنا سکتے لیکن اگر کسی کی بیوی گھر چھوڑ کر چلی جائے، سالوں تک کوئی رشتہ نہ رکھے اس کے بعد کوئی آ کر اس شخص کی زندگی میں اس کی کمی پوری کرے تو وہ بیوی پھر کہیں نہیں رہتی۔ انیتا اڈوانی نے مزید کہا کہ راجیش نے کتنی مرتبہ اپنی بیوی سے طلاق مانگی لیکن انہوں نے نہیں دی، ان کا مطالبہ تھا کہ اگر طلاق چاہیے تو سب کچھ ہمارے نام کر دو، راجیش خود بھی اپنے انٹرویو میں بتا چکے تھے کہ وہ طلاق مانگ چکے ہیں اور انہوں نے یہ طلاق 10 بار مانگی لیکن انہوں نے نہیں دی۔

TENDER NOTICE

TSE-2627081169993 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER PROVINCIAL B&R DISTRICT AWARAN invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Bid Security 2% and Tender Fee Rs. 2000/-**

S#	Name of work	E/Cost
1	WIDENING/ REHABILITATION OF B/T ROAD FROM AWARAN MAIN ROAD TO LANJAR JHAOO AWARAN 10 KM PSDP NO. 1180 / Z2026.0116	294,055,449

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 205,838,814 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm 3 Completed schemes work order with completion certificate Mandatory Call Deposit (CDR)/Bank Guarantee Green challan Receipt PEC Valid, NTN, BRA, Bidder must have completed 50 % at least 3 similar ongoing projects each with cost not less than 50 percent of the estimated cost during the last 5 years Th Bidder must provide affidavit on Non-Judicial Stamp Paper current dateing confirming no conflict of interest did not blacklist no major litigation no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract name of work **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 03 September, 2026till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System **Address:** The Executive Engineer (Roads) Communication Works PP&H Department at Deputy Commissioner Complex Main Bazar District Awaran

Phone no: 0856511200 Email: asadullahbaloch977@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER-ROADS CWPP&H DEPARTMENT AWARAN

DPRQ/PRQNo.928/19-8-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1

جاری کیا، عبوری حکم میں بانی پی ٹی آئی کو شفا ہسپتال منتقل کرنے کی ہدایت کی۔ درخواست میں کہا گیا کہ عدالت کا حکم اختیار سماعت سے تجاوز ہے، اس پر نظر ثانی ہونی چاہیے، بانی پی ٹی آئی کو 5 اگست 2023 کو ایڈیشنل سیشن جج نے 3 سال قید کی سزا سنائی ہے۔ درخواست گزار چیف کمشنر اسلام آباد نے درخواست میں کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی جانب سے اس سزا کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں اپیل دائر کی گئی، اس دوران بانی پی ٹی آئی نے علاج کے لیے شفا ہسپتال منتقل کرنے کی درخواست دی، اسلام آباد ہائی کورٹ نے 12 مارچ کو درخواست مسترد کی، جس کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی گئی۔ درخواست میں کہا گیا کہ بعض صورتوں میں حکومت کی منظوری اور آئی جی جیل خانہ جات کے ذریعے کارروائی ضروری ہے، ہسپتال منتقل کیے گئے قیدی کی پولیس نگرانی بھی لازم ہے، پاکستان پریزن رولز 1978 کے رول 197 میں قیدی کو جیل سے باہر ہسپتال منتقل کرنے کا طریقہ کار موجود ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ آرٹیکل 10 اے منصفانہ ٹرائل اور قانونی تقاضوں کے مطابق کارروائی کا حق دیتا ہے، معاملہ پہلی مرتبہ سپریم کورٹ کے سامنے مقرر ہوا، متعلقہ فریقین کو نوٹس جاری نہیں کیا گیا، بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ پہلے بھی باقاعدگی سے ہوتا رہا، میڈیکل بورڈ کئی بار ان کا علاج کر چکا ہے، صحت کی خرابی پر عدالت کو طبی ماہرین کی رائے لینے کے بعد فیصلہ کرنا چاہیے تھا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز سپریم کورٹ آف پاکستان نے بانی پی ٹی آئی کا تمام میڈیکل ریکارڈ طلب کرتے ہوئے انہیں شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا تھا۔ سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ میڈیکل بورڈ تشکیل دیا جائے، بانی پی ٹی آئی کو سخت سیکیورٹی کے تحت ہسپتال منتقل کیا جائے، ہسپتال کے باہر امن وامان کی صورت حال متاثر نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ 2

مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ابو الظہور ایئربیس پر حملہ بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے۔ پاکستان کی جانب سے کہا گیا ہے کہ اسرائیلی اقدامات خطے کے امن واستحکام کو نقصان پہنچا سکتے ہیں، پاکستان شام کی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کی حمایت کرتا ہے۔ پاکستان نے کہا کہ ابو الظہور ایئربیس پر حملہ بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے۔ پاکستان نے عالمی برادری سے اسرائیل کو خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے والے اقدامات کا محاسبہ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 3

ہے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت امریکا اور ایران، لبنان سمیت ہر محاذ پر فوجی کارروائیاں روکنے پر راضی ہوئے تھے جبکہ ایران ایٹمی ہتھیار حاصل یا تیار کرنے کے حق سے دستبردار ہوا تھا۔ مفاہمتی یادداشت کے مطابق امریکا نے ایرانی بحری ناکہ بندی ختم کرنے اور ایران نے آبنائے ہرمز کھلی رکھنے پر اتفاق کیا تھا۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت امریکا نے ایران پر عائد اقتصادی پابندیوں کے خاتمے اور ایران کی تعمیر نو کا منصوبہ شروع کرنے پر بھی رضامندی ظاہر کی تھی۔ امریکا ایران کے منجمد فنڈز کی بحالی پر بھی راضی ہوا تھا۔

بقیہ 4

ملاقات میں بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے وفاق اور صوبے کے درمیان موثر رابطوں اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر بھی زور دیا گیا صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور عوامی فلاح کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان موثر روابط اور باہمی تعاون ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کے سب سے بڑے صوبے بلوچستان کو اس کی ضروریات اور استعداد کے مطابق خصوصی توجہ اور وسائل کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی۔ صدر مملکت نے بلوچستان میں امن وترقی کے لیے صوبائی حکومت کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی کے سفر میں صوبائی حکومت کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے صدر مملکت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن، ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے وفاقی حکومت کا تعاون صوبائی حکومت کے لیے انتہائی اہم ہے۔

بقیہ 5

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے ملاقات کی جس میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک اور رکن قومی اسمبلی حمزہ شہباز بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کو فوری طور پر کراچی پہنچنے اور آئل ریفائنریز سے مذاکرات کرنے کی ہدایت [illegible]

بقیہ 6

[illegible]

CORRIGENDUM

The office of Assistant Director Local Govt Kachhi before 24 August 2026 The above TSE-2627081148363 No/PRQ No.591/04-08-2026 is required to download the amended Bidding Document(s). The other terms and conditions shall remain same submitted electronically latest by 27 August, 2026 till 11:00 AM through supplier dashboard.

Assistant Director
Local Govt Kachhi

PRQ No.917/19-8-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgprbalochistan

اسحاق ڈار کی ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان سے ٹیلیفونک گفتگو میں علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے بتایا کہ نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان سے ٹیلیفونک گفتگو ہوئی۔ پاکستان اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ کے درمیان علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار اور حاقان فیدان نے حالیہ علاقائی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا، پاکستان اور ترکیہ نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے لیے کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان نے اسحاق ڈار کو ریجنل فور وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کی دعوت دی۔ پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب اور مصر کے وزرائے خارجہ کا اجلاس رواں ماہ استنبول میں ہوگا۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار نے ریجنل فور وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کی دعوت قبول کرلی۔

بقیہ 8

شریف کی جانب سے خصوصی عشائیے کا اہتمام کیا گیا جس میں سفارتی، سیاسی اور کاروباری حلقوں سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات نے شرکت کی۔ عشائیے میں معروف پاکستانی نژاد امریکی بزنس مین، سرمایہ کار اور پاک فوڈز کے سی ای او تنویر احمد نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں پاکستان کے قونصل جنرل سراج خان، امریکی رکن کانگریس لو کوریہ، چین کے قونصل جنرل چن لن اور میکسم گروپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عزیر حسن سمیت دیگر تاجر حضرات اور کمیونٹی شخصیات بھی شریک ہوئیں۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے شرکا سے خطاب بھی کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے شاندار میزبانی پر ڈاکٹر عمران شریف کا خصوصی شکریہ ادا کیا جبکہ تنویر احمد کی خدمات اور تعاون کو سراہتے ہوئے ان کا بھی شکریہ ادا کیا۔ گورنر بلوچستان نے شرکا سے ملاقاتوں کے دوران پاکستان، بالخصوص بلوچستان میں سرمایہ کاری، کاروباری مواقع اور اوورسیز پاکستانی کمیونٹی کے کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ ڈاکٹر عمران شریف اور عترت شریف کی میزبانی میں منعقد ہونے والے اس خصوصی عشائیے نے پاکستانی امریکن کمیونٹی، امریکی سیاسی نمائندوں، سفارتی حلقوں اور کاروباری شخصیات کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا گیا۔

بقیہ 9

انسانی ہمدردی کے موقع پر پاکستان عالمی برادری کے ساتھ مل کر ان تمام انسانی خدمت گاروں اور رضا کاروں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے جو ضرورت کے وقت لوگوں کی مدد کے لیے خود کو وقف کردیتے ہیں۔ بدھ کو دفتر خارجہ کے مطابق انسانی ہمدردی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں ہمدردی، خدمت اور آفات و دیگر ہنگامی حالات سے متاثرہ افراد کے ساتھ کھڑے ہونے کی اہمیت کی یاد دلاتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ یہ اس عزم کی تجدید کا موقع بھی ہے کہ ہم اجتماعی طور پر کمزور اور متاثرہ طبقات کی مدد اور انسانیت کی خدمت کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سخاوت، رضا کارانہ خدمات اور معاشرتی خدمت کی اپنی دیرینہ روایت پر فخر ہے، یہ اقدار ہمارے معاشرے میں گہری جڑیں رکھتی ہیں اور مشکلات کے وقت ہمیشہ ہمارے لوگوں کو متحد کرنے کا باعث بنتی ہیں۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے نتیجے میں آنے والی آفات کے حوالے سے ہمارے تجربے نے بارہا پاکستانی عوام کی استقامت، یکجہتی اور جذبہ تعاون کو ثابت کیا ہے، شہریوں نے وفاقی اور صوبائی اداروں کے ساتھ مل کر متاثرہ آبادیوں کی مدد، امداد اور بحالی کی کوششوں میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس موقع پر میں انسانی خدمت کے لیے سرگرم تمام افراد کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور ہمدردی، یکجہتی اور انسانیت کی خدمت کے اصولوں سے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتا ہوں۔

بقیہ 10

زرداری نے پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید، نشان حیدر کی 55 ویں برسی کے موقع پر مادر وطن کے لیے ان کی بے مثال قربانی کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید نے کم عمری میں وطن کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے جرات، فرض شناسی اور حب الوطنی کی ایسی مثال قائم کی جو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کے سب سے کم عمر نشان حیدر، راشد منہاس کی عظیم قربانی ہماری قومی تاریخ کا ایک روشن باب ہے، جو آنے والی نسلوں کو جرات، عزم اور وطن سے وفاداری کا پیغام دیتی ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ قوم اپنے اس عظیم سپوت، دیگر شہداء اور ان کے اہل خانہ کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر واحترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ وطن کے [illegible]

بقیہ 11

[illegible]

بقیہ 12

[illegible] 4 مارچ 2024 [illegible]

سے اب تک وفاقی کابینہ کے 67 اجلاس ہوئے ہیں۔ موجودہ کابینہ نے مجموعی طور پر 2548 فیصلے کیے ہیں جن میں سے 2173 فیصلوں پر عملدرآمد ہو چکا ہے جبکہ 375 فیصلے ابھی زیر عمل ہیں۔ کابینہ ڈویژن کے وزیر انچارج نے تحریری جواب میں بتایا کہ کابینہ ڈویژن وزارتوں اور ڈویژنوں کی جانب سے کابینہ کے فیصلوں پر عملدرآمد کی نگرانی کرتا ہے۔ تاہم کابینہ ڈویژن کو وزارتوں اور ڈویژنوں کی مجموعی کارکردگی کی نگرانی کا اختیار حاصل نہیں ہے۔

بقیہ 13

کہ غزہ میں صرف تین فیصد زرعی زمین قابل رسائی اور نقصان سے محفوظ ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق رپورٹ میں بتایا گیا کہ اکتوبر 2025 میں جب اسرائیل اور حماس کے درمیان ایک نازک جنگ بندی نافذ ہوئی، تب سے قابل رسائی اور غیر تباہ شدہ فصلوں کا رقبہ 601 ہیکٹر سے کم ہو کر 448 ہیکٹر رہ گیا جو پہلے کی نسبت 25.5 فیصد کم ہے۔ ایف اے او نے کہا، مزید 3,643 ہیکٹر کھیتی قابل رسائی ہے لیکن اسے اتنا زیادہ نقصان پہنچا ہے کہ بحالی کے بغیر کاشت ممکن نہیں۔ محفوظ رسائی بحال کرنے اور کسانوں کو ان کی ضرورت کے مطابق مدد فراہم کرنے کے لیے فوری کارروائی کیے بغیر مقامی خوراک کی پیداوار اور بحالی کرنے کے مواقع معدوم ہوتے رہیں گے، ایجنسی کے دفتر برائے ہنگامی حالات کے ڈائریکٹر رین پالسن نے کہا۔ بحالی میں زرعی سامان کی درآمد پر پابندیاں بھی حائل ہو رہی ہیں اور مویشی پالنے والے لوگ جانوروں کی خوراک اور ادویات حاصل کرنے کے لیے مشکلات کا شکار ہیں۔ گرین ہاؤس کی دستیابی میں بھی کمی آئی ہے اور اکتوبر 2025 سے 17.3 فیصد گر کر یہ اب تک 224 ہیکٹر رہ گئی ہے جو قابل رسائی اور نقصان سے محفوظ ہو۔ ایف اے او نے کہا کہ جنگ بندی کے علاقے کو اسرائیلی فوج کے زیر قبضہ علاقے سے الگ کرنے والی نام نہاد زرد لکیر کے مغرب کی طرف پھیلاؤ کو کم رسائی کی وضاحت بنیادی وجہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ ایف اے او کے مطابق اکتوبر 2023 سے پہلے غزہ کی معیشت میں زراعت کا حصہ تقریباً 10 فیصد تھا اور یہ 560,000 سے زیادہ لوگوں کی روزی کو سہارا دیتی تھی۔

بقیہ 14

اسد اللہ خان کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چمن تعینات کر دیا گیا ہے، جبکہ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لورالائی نذیر احمد لانگو کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بارکھان مقرر کیا گیا ہے، اسی طرح ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خاران عنایت اللہ خان کاکڑ کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لورالائی تعینات کر دیا گیا، جبکہ امید علی بلوچ کو قائم مقام ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خاران مقرر کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق محمد نعیم داوی کو ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ون حب سے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج فورٹ ژوب تعینات کیا گیا ہے۔ محمد یوسف بلوچ کو ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج دالبندین سے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ون حب تعینات کر دیا گیا ہے۔ تقرریوں اور تبادلوں کا اطلاق جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ہوگا۔

بقیہ 15

خان درانی کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ ورکشاپ میں سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر، چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی، سیکرٹری بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر نیاز ترین، ڈپٹی ڈائریکٹر ادارہ نصابیات نجیب اللہ پانیزئی، ڈائریکٹر پائٹ فاطمہ مندوخیل، محکمہ تعلیم کے مختلف مضامین کے بک رائٹرز، مصنفین، ایڈیٹرز، پروفیسرز، اسسٹنٹ پروفیسرز، پی ایچ ڈی اساتذہ و ماہرین، بیورو آف کریکولم اینڈ ایکسٹینشن سینٹر بلوچستان کے نمائندگان، معروف ماہرین تعلیم، محققین، ماہرین مضمون اور بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے افسران نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ بلوچستان کی درسی کتب صوبے کے معروف ماہرین تعلیم، محققین، ماہرین مضمون اور قابل اساتذہ کی علمی و تحقیقی کاوشوں کا نتیجہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان معیاری، جدید اور تحقیق پر مبنی نصابی کتب کی تیاری اور طلبہ کو بہتر تعلیمی مواد کی فراہمی کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کی جانب سے بھرپور محنت، احتیاط اور مسلسل جائزے کے باوجود درسی کتب میں بعض اوقات اغلاط یا بہتری کی گنجائش باقی رہ سکتی ہے، اس لیے نصابی کتب کی مسلسل نظر ثانی، تحقیق اور ماہرین سے رائے لینا ایک مستقل عمل ہونا چاہیے۔

بقیہ 16

بریفنگ دی۔ نائب وزیراعظم نے جاری تیاریوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے تمام متعلقہ فریقین کو تمام انتظامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ نائب وزیراعظم نے اس امر پر زور دیا کہ پاکستان شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاسوں کی کامیاب میزبانی اور اعلیٰ ترین معیار کے انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہے۔ انہوں نے شنگھائی تعاون تنظیم کی کارروائی کو ہموار، منظم اور کامیاب بنانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان قریبی رابطہ کی ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس میں معاون خصوصی برائے وزیراعظم طارق باجوہ، سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ، سیکرٹری داخلہ احمد رضا سرور، چیئرمین سی ڈی اے، نیشنل کوآرڈینیٹر ایس سی او اور متعلقہ وزارتوں کے دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 17

جاری کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ یہ قدرت کا انتقام ہے، تکبر کے ہمالیہ پہاڑ سے آج مارگلہ کی پہاڑیاں بھی بلند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خلوص سے دعا ہے اللہ عمران خان کو تمام بیماریوں سے شفا بخشے، آمین۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی کے بے شمار بانیوں میں سے ایک بانی کو معزز عدلیہ کی جانب سے غیر معمولی ریلیف ملا اور جس انداز میں پوری جماعت نے اس فیصلے پر جشن منایا، وہ اس کی اس شدید خواہش کی عکاسی کرتا ہے کہ کسی طرح اگلے نااہل شدہ قائد کو جیل سے نکالا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ وہی شخص ہے جو ماضی میں دوسرے سیاست دانوں کو جیلوں میں ڈالنے اور ان کے لیے جیل کی زندگی مزید سخت بنانے کے مطالبات کیا کرتا تھا۔ خواجہ آصف نے لکھا کہ ستم ظریفی کا شاید اس سے بڑا ایوارڈ ممکن نہیں کہ جس شخص کو ایک ناقابل شکست اور خود ساختہ مرد آہن کے طور پر پیش کیا گیا، آج اسی کی پوری جماعت اسے جیل سے ہسپتال منتقل کرانے کے لیے فریاد کرتی نظر آ رہی ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ہسپتالوں میں علاج تو پہلے بھی ہوتا رہا ہے اور اب بھی مجھے نیازی صاحب کو فوری، موثر اور مکمل طبی سہولت فراہم کرنے پر کوئی اعتراض نہیں لیکن عدالتی فیصلے پر خوشیاں منانے سے پہلے پی ٹی آئی کو اپنے بیانیے کے ان واضح تضادات کا جواب ضرور دینا چاہیے۔

بقیہ 18

تعمیرات کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری سہولیات کی فراہمی اور

انفراسٹرکچر کی بہتری کا انحصار محکمہ کی موثر اور بروقت کارکردگی پر ہے صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے ان خیالات کا اظہار محکمہ مواصلات وتعمیرات کے جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت اور مجموعی کارکردگی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس تمام زونز کے چیف انجینئرز نئے تعینات ہونے والے چیف انجینئر سبی زون میر محمد کھوسہ چیف انجینئر مکران رخشان زون جہانزیب پانیزئی اور سپرنٹنڈنگ انجینئرز نے شرکت کی اجلاس کے دوران سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے محکمہ کی مجموعی کارکردگی جاری ترقیاتی منصوبوں اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جا رہا ہے

بقیہ 19

مشن) نتالی بیکر سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور امریکہ کے دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی سفارت کاری، علاقائی امن واستحکام، دہشت گردی کے خلاف تعاون، افغانستان کی صورتحال اور دونوں ممالک کے درمیان طویل المدتی اور ادارہ جاتی روابط کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے اس امر پر زور دیا کہ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات کو پارلیمان، حکومت، کاروباری برادری، سول سوسائٹی اور عوامی سطح پر مسلسل اور بامعنی روابط کے ذریعے مزید مستحکم بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکہ کے درمیان باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور دیرپا تعاون کی بنیاد پہلے سے موجود ہے، جسے مزید مضبوط بنانے کے لیے مسلسل سیاسی، پارلیمانی اور سفارتی شمولیت ضروری ہے۔ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر امریکہ کے ساتھ باہمی اعتماد، احترام اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر تعلقات کو آگے بڑھانے کا خواہاں ہے۔

بقیہ 20

کاروباری ترقی، پیداواری صلاحیت میں اضافے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں اس سلسلے میں وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن اور میٹا کے اشتراک سے چھوٹے کاروباری اداروں کیلئے خصوصی تربیتی پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے، مجوزہ پروگرام کے تحت ملک کے 9 شہروں میں ایک ہزار سے زائد کاروباری افراد کو مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال سے متعلق تربیت فراہم کی جائے گی، جس کا مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو ڈیجیٹل معیشت سے منسلک کرنا اور ان کی آن لائن کاروباری استعداد میں اضافہ کرنا ہے۔ یہ تربیتی پروگرام میٹا کے ایشیا پیسفک خطے کے 12 ممالک پر مشتمل سمال بزنس ٹریننگ پروگرام کا حصہ ہے۔ پروگرام کے ذریعے کاروباری افراد کو اے آئی ٹولز، ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال کے ذریعے اپنے کاروبار کو وسعت دینے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ وزارت آئی ٹی کے مطابق مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل مہارتوں کا فروغ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ نجی شعبے اور عالمی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے نوجوانوں اور کاروباری افراد کیلئے نئے مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 21

گیلانی سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات، تجارت و سرمایہ کاری، پارلیمانی تعاون اور عوامی روابط سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان پرتگال کے ساتھ دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، تعلیم، ثقافت اور بلیو اکانومی سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے تجارتی حجم کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اقتصادی تعلقات کو مزید وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں، جن سے استفادہ کرنے کے لیے نئے مواقع تلاش کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے پرتگالی کمپنیوں اور سرمایہ کاروں کو پاکستان میں ابھرتے ہوئے اقتصادی و کاروباری مواقع سے استفادہ کرنے اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری قائم کرنے کی دعوت دی۔

بقیہ 22

اسپیکر سید غلام مصطفیٰ شاہ کی زیر صدارت شروع ہوتے ہی اپوزیشن نے حکومتی وزراء کی عدم موجودگی پر احتجاج کرتے ہوئے کورم کی نشاندہی کر دی، گنتی کرانے پر کورم پورا نہ نکلا، جس کے باعث اجلاس کی کارروائی کورم پورا ہونے تک ملتوی کر دی گئی۔ وقفہ سوالات کے دوران پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی ملک عامر ڈوگر نے کہا کہ سوالات کے جوابات دینے کے لیے متعلقہ وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری ایوان میں موجود نہیں، حکومتی وزراء کی ایوان کی کارروائی چلانے میں دلچسپی سب کے سامنے ہے۔ ملک عامر ڈوگر نے کہا کہ اس ایوان پر عوام کے کروڑوں روپے خرچ ہوتے ہیں، وہ اس وقت تک بائیکاٹ کریں گے جب تک وزراء کی وہ لائنیں مکمل نہیں ہوتیں۔ انہوں نے کہا کہ میں بائیکاٹ بھی کر رہا ہوں اور کورم کی نشاندہی بھی کر رہا ہوں۔ ملک عامر ڈوگر کی تقریر کے دوران ڈاکٹر طارق فضل چوہدری ایوان میں آ گئے، جس پر انہوں نے کہا کہ ''اس سے پہلے کہ خالی کرسیوں کی ویڈیو بناتا، طارق فضل چوہدری آ گئے ہیں۔'' کورم کی نشاندہی کے بعد پی ٹی آئی ارکان ایوان سے باہر چلے گئے، گنتی کرانے پر کورم پورا نہ نکلا اور ڈپٹی اسپیکر نے اجلاس کی کارروائی کورم پورا ہونے تک ملتوی کر دی

بقیہ 23

ممبران کی تعیناتی کیلئے اہم پیشرفت ہوئی ہے اور امکان ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے مابین ملاقات پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوگی۔ اپوزیشن لیڈر اور حکومتی وفد کے درمیان ملاقات کی اندرونی تفصیلات منظر عام پر آ گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت الیکشن کمیشن آف پاکستان کی اہم تعیناتیوں پر عمل شروع کرنے کے لیے تیار ہو گئی ہے۔

بقیہ 24

رہا تھا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں گفتگو میں خواجہ آصف نے کہا کہ سننے میں آ رہا ہے سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد حکومت نے نظر ثانی کی درخواست دائر کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم عدلیہ کے فیصلوں کا دل سے احترام کرتے ہیں، اگر اس فیصلے میں کوئی گنجائش ہے حکومت کا موقف رجسٹرڈ کروانے کی تو ضرور کرے گی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ کل کو سب قیدی بھی کہیں گے ہمارا علاج بھی پرائیویٹ ہسپتالوں میں کروایا جائے، نواز شریف سمیت ہم سب کو جب بھی صحت کے مسائل ہوئے تو سرکاری ہسپتالوں میں بھیجا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میرا جب آپریشن ہو رہا تھا تو وہاں بانی پی ٹی آئی کا ایک

نمائندہ ڈاکٹر موجود تھا، ہسپتال میں جو موبائل سے میری ویڈیو بنا رہا تھا، وہاں پر ڈاکٹروں نے اس شخص کو آپریشن تھیٹر میں پکڑ لیا تھا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ یہ اپنے دور حکومت میں ہمارے ساتھ اس قسم کی حرکتیں کرتے رہے ہیں، ہم چاہیں گے کہ جو بھی شہری کے حقوق یا عدالتی احکامات ہیں ان پر عمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جب یہ اقتدار میں تھے تو کیسی زبان استعمال کرتے تھے، اللہ تعالیٰ تکبر اور ایسی زبان استعمال کرنے سے بچائے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ایک شعر یاد آ رہا ہے، یہ وقت کس کی رعونت پر خاک ڈال گیا، یہ کون بول رہا تھا خدا کے لہجے میں۔

بقیہ 25

منعقد ہوا جس میں ملک میں ایچ آئی وی کی مجموعی صورتحال، انسداد ایچ آئی وی پروگرام پر عملدرآمد، نگرانی کے نظام اور مختلف صوبوں میں جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈیجیٹل ڈیٹا، صوبائی اقدامات اور گلوبل فنڈ کے تعاون سے جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم ٹاسک فورس اور دیگر مجاز فورمز کی جانب سے منظور شدہ سفارشات اور اقدامات پر پیشرفت بھی زیر غور آئی۔ اجلاس میں انجکشن سیفٹی، بلڈ سیفٹی، انفیکشن پریوینشن اینڈ کنٹرول، عوامی آگاہی، ایچ آئی وی وائرل لوڈ ٹیسٹنگ، نگرانی کے نظام، ڈیجیٹل ڈیٹا مینجمنٹ، بارڈر سکریننگ اور وزیراعظم ٹاسک فورس کی سفارشات پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے ہدایت کی کہ ملک بھر میں ہر بڑے یا معمولی آپریشن اور جلد کو چیرنے یا چھیدنے والے طبی عمل سے قبل ایچ آئی وی سکریننگ لازمی طور پر یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کی سہولیات میں ایچ آئی وی کی منتقلی کے خطرات کو مزید کم کیا جائے

بقیہ 26

طلال چوہدری نے کہا ہے کہ جب تک حکومت اور ریاست کی جوڑی قائم ہے کسی سازش کی گنجائش ہی نہیں۔ اپنے بیان میں طلال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی نے عدالتی فیصلے پر مٹھائی جلد کھالی ہے، انہیں مٹھائی کھانے میں تھوڑا انتظار کرنا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیکلیئر کروا کے ریاست سے اپنی مرضی کے کام نہیں کرائے جاسکتے، پہلے بھی کہا تھا جیل حکام اور عدالت ہی ملاقات کرا سکتی ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ یہ تو کہتے تھے کہ نہ 26 ویں ترمیم کو مانتے ہیں نہ پارلیمنٹ کو، یہ تو ان عدالتوں کو نہیں مانتے تھے آج وکٹری کا نشان بنا رہے تھے۔ لیگی رہنما نے کہا کہ ہمیں کسی قیدی کو سہولتیں دینے پر کوئی اعتراض نہیں نہ کبھی اعتراض کیا، جبکہ بانی پی ٹی آئی اپنے دور میں قیدیوں سے متعلق کیا کہا کرتے تھے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ جب تک یہ جوڑی اس پچ پر کھڑی ہے کوئی سازش اس دور میں نہیں ہوگی۔

بقیہ 27

کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ امریکا سے ایکسچینج اسٹیبلائزیشن فیسلیٹی کی تحت درخواست کی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ درخواست امریکی محکمہ خزانہ کے پاس ہے، دونوں ملکوں کے درمیان دو طرفہ قرضوں کی مدت بڑھانے کے لیے بھی مختلف آپشن زیر غور ہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ قرضوں کی مدت 10 سال تک لے جانا چاہتے ہیں، امریکی بینک، سی ڈی ایف اور دیگر اداروں سے بھی بات چیت جاری ہے۔

بقیہ 28

جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی میں مخصوص نشستوں کے لیے نامزدگی کی منظوری دے دی ہے اور پارٹی کے پارلیمانی بورڈ کی سفارشات کی روشنی میں اپنے دستخط سے پارٹی ٹکٹ جاری کر دیے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے آزاد کشمیر اسمبلی کی مخصوص نشستوں کے لیے پارٹی ٹکٹوں کی منظوری دے دی۔ پارلیمانی بورڈ کی سفارشات پر نواز شریف نے اپنے دستخط سے پارٹی ٹکٹ جاری کر دیے۔ خواتین کی مخصوص نشستوں کے لیے مریم زمان، مریم ادریس، بشریٰ قمر اور رفعت عابد کو ٹکٹ جاری کیا گیا۔ اس کے علاوہ بیرون ملک مقیم کشمیریوں کی نشست کے لیے عبدالرحمان ولد محمد بشیر کو مسلم لیگ ن کا ٹکٹ جاری کیا گیا۔ آزاد کشمیر اسمبلی کی مخصوص نشستوں کے لیے مسلم لیگ ن کے امیدواروں کو پارٹی ٹکٹ نواز شریف کے دستخط سے جاری کیے گئے۔

بقیہ 29

اس حملے کے فوری بعد اسرائیلی فوج نے اعلان کیا کہ اس نے شمالی غزہ کے علاقے الشاطہ میں حماس کے کئی رہنماؤں کو اس وقت نشانہ بنایا جب وہ ایک اجلاس میں موجود تھے۔ فوج نے ایک بیان میں دعویٰ کیا کہ جن افراد کو نشانہ بنایا گیا وہ غزہ کے اندر موجود اسرائیلی فوج کے خلاف کارروائیوں کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، مزید کہا گیا کہ یہ فضائی حملہ فورسز کے سر سے خطرہ ٹالنے کے مقصد سے کیا گیا۔ اسرائیلی فوج نے ان رہنماؤں کی شناخت ظاہر نہیں کی جنہیں نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا گیا ہے اور نہ ہی حملے کے مکمل نتائج بتائے۔ حملے کے بعد اسرائیلی وزیر دفاع یسرائیل کاٹز نے اس بات کی تصدیق کی کہ اسرائیل غزہ میں ان تمام سرگرمیوں کے خلاف اقدامات جاری رکھے گا جنہیں وہ اپنے لیے خطرہ سمجھتا ہے، ان کا کہنا تھا کہ منگل کو کی گئی کارروائی میں فوج نے یہی طریقہ کار اپنایا۔

بقیہ 30

پر بھیک مانگنے کی غرض سے بیرون ملک جانے والے 49 مسافروں کو آف لوڈ کر دیا گیا، اعداد وشمار کے مطابق 2025 سے 2026 کے دوران سب سے زیادہ 897 پاکستانی سعودی عرب سے ڈی پورٹ ہوئے۔ متحدہ عرب امارات سے 22، عراق اور عمان سے 11،11، قطر سے 5 جبکہ بحرین اور ملائیشیا سے ایک، ایک پاکستانی کو ڈی پورٹ کیا گیا۔ اعداد وشمار کے مطابق بیرون ملک بھیک مانگنے کے شبہے میں سعودی عرب جانے والے 21 مسافروں کو آف لوڈ کیا گیا۔ بحرین جانے والے 7 جبکہ متحدہ عرب امارات اور قطر جانے والے 5، 5 مسافروں کو بھی آف لوڈ کر دیا گیا۔ عمان جانے والے 4، ملائیشیا جانے والے 3 جبکہ آذربائیجان، ازبکستان، انڈونیشیا اور ترکیہ جانے والے ایک، ایک مسافر کو بھی آف لوڈ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق آف لوڈ کیے گئے تمام مسافروں کو مزید کارروائی کے لیے انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 31

موجودہ صدر اسی ای او ظفر مسعود کو نیشنل بینک آف پاکستان کا نیا صدر اسی ای او تعینات کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ نیشنل بینک آف پاکستان کے صدر اسی ای او کے عہدے کے لیے تین ناموں پر مشتمل سمری منظوری کے لیے سرکولیشن میں بھیج دی گئی ہے۔ اس پینل میں پہلے نمبر پر ظفر مسعود کا نام شامل ہے جبکہ دوسرے نمبر پر یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کے گروپ ایگزیکٹو برائے رسک اینڈ کریڈٹ پالیسی اور گروپ چیف رسک آفیسر عمران

سرور اور تیسرے نمبر پر بینک آف خیبر کے مینجنگ ڈائریکٹر اینڈ سی ای او حسن رضا کا نام درج ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ ظفر مسعود کو 16 اپریل 2026 سے بینک آف پنجاب کے صدر اسی ای او کے طور پر ان کی مدت میں ایک سال کی توسیع دی گئی تھی۔ دوسری جانب نیشنل بینک آف پاکستان کے موجودہ صدر اسی ای او رحمت علی حسنی کی 3 سالہ مدت 7 اگست 2026 کو مکمل ہوگئی ہے۔ انہیں 7 اگست 2023 کو اس عہدے پر تعینات کیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق نئے صدر اسی ای او کی تعیناتی تک انہیں مزید دو ہفتے تک عہدے کا چارج جاری رکھنے کی اجازت دی گئی ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی خواہش ہے کہ بینک آف پنجاب کے طرز پر سود سے پاک اور کم شرح سود کے قرضوں کی اسکیموں کو نیشنل بینک کے ذریعے وفاقی سطح پر نافذ کیا جائے۔ ظفر مسعود کی قیادت میں بینک آف پنجاب کے تحت پنجاب حکومت کی متعدد اسکیموں سے صوبے بھر میں لاکھوں افراد مستفید ہوئے ہیں۔ وزیراعظم چاہتے ہیں کہ نیشنل بینک، ظفر مسعود کی سربراہی میں ان پروگراموں کا دائرہ کار پنجاب سے بڑھا کر ملک کے دیگر صوبوں سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان کے ساتھ ساتھ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر تک پھیلائے تاکہ زیادہ سے زیادہ عوام وفاقی حکومت کی فلاحی اسکیموں سے فائدہ اٹھا سکیں۔

بقیہ 32

ہوئے ملزم عبدالرزاق کی بریت کی اپیل منظور کر لی اور اس کی عمر قید کی سزا کالعدم قرار دے دی۔ سات صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس اشتیاق ابراہیم نے تحریر کیا۔ عدالت نے ملزم کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کرنے کا حکم دیا۔ فیصلے کے مطابق فریقین کے درمیان زمین کا تنازع چل رہا تھا، جبکہ شکایت کنندہ سمیت کوئی بھی شخص مبینہ اغوا کا عینی شاہد نہیں تھا۔ عدالت نے کہا کہ ملزم سے برآمد ہونے والے تین لاکھ روپے بھی مشکوک ہیں، جبکہ تاوان کے نام پر برآمد کی گئی رقم پر کسی قسم کی کوئی نشانی موجود نہیں تھی۔ ٹرائل کورٹ نے مقدمے میں چار ملزمان کو عمر قید کی سزا اور جائیداد ضبط کرنے کا حکم دیا تھا، تاہم لاہور ہائیکورٹ نے تین ملزمان کو بری کر دیا جبکہ عبدالرزاق کی عمر قید کی سزا برقرار رکھی تھی۔ ملزمان کے خلاف 2014 میں نارووال میں اغوا برائے تاوان کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے کے بعد عبدالرزاق بھی بری ہو گئے۔

بقیہ 33

ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے بدھ کو تاجروں اور کاروباری افراد کے لیے آسان ٹیکس ایپ کے اجرا کی تقریب کے موقع پر وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال، ممبر ایف بی آر حامد عتیق اور تاجر رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ تاجروں کی دیرینہ خواہش رہی ہے کہ ٹیکس سکیم کو آسان اور قابل عمل بنایا جائے، اس لیے حکومت نے موجودہ سکیم میں طریقہ کار کو انتہائی سادہ رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی طبقہ اگر قومی دھارے میں شامل نہ ہو تو ٹیکس نظام موثر انداز میں نہیں چل سکتا، حکومت چاہتی ہے کہ چھوٹے دکاندار اور تاجر پیچیدہ طریقہ کار کے بجائے ایک سادہ نظام کے تحت اپنی ٹیکس ذمہ داریاں پوری کریں اور غیر ضروری مشکلات سے محفوظ رہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ تاجر اپنی کاروباری نوعیت اور ضرورت کے مطابق ریگولر ٹیکس سکیم یا خصوصی ٹیکس سکیم میں شامل ہو سکتے ہیں، حکومت کا مقصد ٹیکس کی شرح میں غیر ضروری اضافہ کرنے کے بجائے ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا اور زیادہ سے زیادہ افراد کو قومی مالیاتی نظام کا حصہ بنانا ہے۔

بقیہ 34

اے اے) نے بھارتی پروازوں کے لئے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں توسیع کا نیا نوٹم جاری کر دیا ہے۔ نوٹم کے مطابق بھارت میں رجسٹرڈ تمام بھارتی ایئرلائنز، لیز پر حاصل کردہ طیارے، بھارتی شہریوں کی ملکیت یا آپریٹ کمرشل اور فوجی طیاروں پر پاکستانی فضائی حدود میں داخل ہونے کی پابندی 18 اگست سے نافذ ہے جو پاکستانی وقت کے مطابق 24 ستمبر تک عائد کی گئی ہے۔ یاد رہے کہ یہ سلسلہ 23 اپریل 2025 سے شروع کیا گیا تھا اور اس حوالے سے اب 16 واں نوٹم جاری کیا گیا ہے۔

بقیہ 35

فخر عالم کی زیر صدارت سرکاری بجلی کنکشنوں پر اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب حوالے سے اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاق اور صوبوں میں سرکاری کنکشنوں پر نئے میٹرز کی تنصیب کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ تمام ڈسکوز نے سرکاری اداروں میں پرانے میٹرز کی تبدیلی شروع کر دی ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر سرکاری بجلی کنکشنز پر اے ایم آئی میٹرز لگانے کا عمل جاری ہے۔

بقیہ 36

ریفائنریز کے ساتھ مذاکرات کی ہدایت کی ہے، جبکہ حکومت کی کوشش ہے کہ عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ اوگرا کی جانب سے آج ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا جائے گا۔ خطے میں جنگ کے باعث دنیا بھر میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، تاہم ڈیزل کی قیمتوں میں کمی سے کاشتکاروں اور ٹرانسپورٹرز کو ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ دنوں میں عوام کو مزید خوش خبریاں ملیں گی، حکومت کو عوامی مسائل کا مکمل ادراک ہے اور وزیراعظم کی ہدایت ہے کہ عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لیے مختلف اقدامات کیے گئے ہیں اور ٹارگٹڈ سبسڈی کے ذریعے بھی عوام کو ریلیف دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مشکل وقت ضرور ختم ہوگا، حکومت مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہے۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمت میں اضافہ ہوا ہے جبکہ ڈیزل پیدا کرنے والے ملک روس کو بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ علی پرویز ملک کے مطابق وزیراعظم کی ہدایت پر آئل ریفائنریز کے حکام کے ساتھ دو تین نشستیں ہوئیں، جس کے نتیجے میں آئل ریفائنریز نے ڈیزل کی قیمت میں نمایاں کمی کی یقین دہانی کرائی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈیزل کی قیمت میں 30 سے 32 روپے فی لیٹر کمی کا امکان ہے۔ علی پرویز ملک نے حکومت کے ساتھ تعاون پر آئل ریفائنریز کا شکریہ بھی ادا کیا۔

بقیہ 37

اختلاف محمود خان اچکزئی اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس سے ملاقات کی۔ ملاقات کے موقع پر پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سیکرٹری جنرل اسد قیصر، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے وائس چیئرمین مصطفیٰ نواز کھوکھر، قومی

اسمبلی میں پی ٹی آئی کے چیف وہپ عامر ڈوگر، رکن قومی اسمبلی عادل بازئی اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ترجمان اخونزادہ حسین بھی موجود تھے جبکہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ راجہ پرویز اشرف، شیری رحمان، نوید قمر اور ندیم افضل چن موجود تھے۔

بقیہ 38

بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ عمران خان کوئی ڈیل نہیں کر رہے، میری درخواست ہے عمران خان کے علاج سے متعلق سپریم کورٹ کے آرڈر پر عملدرآمد ہونے دیا جائے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ وفاقی حکومت کی نظرثانی درخواست کو کوئی نمبر تا حال الاٹ نہیں ہوا، میری درخواست ہے کہ اس آرڈر پر عملدرآمد ہونے دیں، اس آرڈر تک پہنچتے پہنچتے بڑا ٹائم لگ گیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ جنہوں نے نورین نیازی کی ملاقات کا وعدہ کیا تھا وہ پورا کیا، اسے سراہتا ہوں، نورین نیازی کی عمران خان سے ملاقات کے بعد میری بات نہیں ہوئی تاہم انہوں نے ملاقات کے بعد بات نہ کرنے کے الفاظ کا لحاظ رکھا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عمران خان کوئی ڈیل نہیں کر رہے، بانی پی ٹی آئی کے جیل میں رہنے کو ناحق سمجھتے ہیں۔

بقیہ 39

کے 5 سالہ قبضے کے دوران افغانستان میں انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں پر عالمی برادری کی تشویش برقرار ہے۔ انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں، خواتین پر سخت پابندیوں اور دہشت گردوں کی سرپرستی کے باعث افغان طالبان رجیم عالمی سطح پر ایک ناپسندیدہ اور ملعون ریاست کی حیثیت اختیار کر چکی ہے۔ فرانس نے افغان طالبان کے قبضے کے 5 سال مکمل ہونے پر افغانستان میں انسانی حقوق کی پامالیوں کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ فرانسیسی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق افغان طالبان رجیم کے دور میں افغانستان گہرے انسانی، معاشی اور سیکیورٹی بحران کا شکار ہے۔ طالبان رجیم میں افغانستان کے حالات دن بدن بگڑ رہے ہیں جو خطے کے استحکام کے لیے بھی خطرہ ہے۔ وزارت خارجہ کے مطابق طالبان خواتین کو عوامی زندگی سے خارج کرنے کے لیے مزید امتیازی قوانین متعارف کرا رہے ہیں۔ فرانس افغان طالبان رجیم سے اپنے بین الاقوامی وعدوں کی پاسداری کا مطالبہ کرتا ہے۔ انسانی حقوق کی پاسداری اور دہشت گردی کے خاتمے تک طالبان سے تعلقات معمول پر آنے کا امکان نہیں ہے۔ اس سے قبل اقوام متحدہ کے 56 رکن ممالک افغان طالبان [illegible] کے 5 سال مکمل ہونے پر رجیم کیخلاف مشترکہ بیان جاری کر چکے ہیں۔

بقیہ 40

چوہدری سے گوگل کے سینئر ڈائریکٹر ڈیوڈ ویلر کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد نے ملاقات کی جس میں ڈیجیٹل سیکیورٹی، دہشت گردی کے خلاف سوشل میڈیا کے موثر استعمال، آن لائن مواد کی بروقت روک تھام اور باہمی تعاون کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گوگل پاکستان کے نمائندے ڈاکٹر کامل گارا بھی وفد میں شامل تھے۔ ملاقات میں وزیر مملکت نے کہا کہ پاکستان محفوظ اور پرامن ڈیجیٹل ماحول کے قیام کے لیے گوگل کے ساتھ تعاون اور رابطہ کاری مزید بڑھانا چاہتا ہے۔

بقیہ 41

کہا ہے کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ عمران خان کے معاملے میں ریاست نے اعتماد کی بحالی کی ایک کوشش کی ہے، اسی طرح بلوچ لاپتہ افراد، بلوچ یکجہتی کمیٹی اور پشتون تحفظ موومنٹ کے زیر حراست افراد کے معاملے میں بھی ریاست کو اعتماد سازی، انصاف کی بالادستی اور قانون کے یکساں اطلاق کو موقع دینا چاہیے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں نواب اسلم رئیسانی نے کہا کہ ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد ہی پائیدار استحکام کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام اور ریاست کے درمیان اعتماد کی بحالی کے لیے انصاف، قانون کی حکمرانی اور تمام شہریوں کے ساتھ یکساں سلوک ضروری ہے۔ ایک اور بیان میں سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نے عالمی یوم انسانیت کے موقع پر کہا کہ پاکستان کے حکمرانوں کو یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ پاکستان ایک کثیر القومی ریاست ہے، جہاں ہر قوم کی اپنی تاریخ، ثقافت، زبان، زمین اور آسمان اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسانیت کو سیاست، اقتدار اور مفادات سے بالاتر رکھنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ ہر قوم کے شہری کی جان ومال، عزت، آزادی اور بنیادی حقوق کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ نواب اسلم رئیسانی نے بالخصوص لاپتہ افراد کے معاملے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ لاپتہ افراد کی بازیابی ریاست کا فرض ہے، رعایت نہیں۔

بقیہ 42

صادق نے کہا ہے کہ انسانی ہمدردی، اخوت اور باہمی احترام فلاحی معاشرے کی حقیقی بنیاد ہیں۔ انسانی جان، عزت اور وقار کا تحفظ مہذب معاشرے کی بنیادی پہچان ہے۔ بدھ کو انہوں نے انسانیت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انسانیت کی خدمت کرنے والے فلاحی اداروں اور فلاحی کام کرنے والی شخصیات کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ دین اسلام انسانیت، ہمدردی، مساوات اور خدمت خلق کا درس دیتا ہے۔ پاکستان گزشتہ کئی دہائیوں سے انسانی بنیادوں پر افغان مہاجرین کی خدمت کر رہا ہے۔ پاکستان دنیا بھر میں عالمی تنازعات اور جنگ سے متاثرہ ممالک میں اقوام متحدہ کے امن مشن میں حصہ لے رہا ہے۔ انسانیت کی خدمت، احترام اور تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانیت کا عالمی دن ہمیں انسانی اقدار کے فروغ کا درس دیتا ہے۔ جنگوں، تنازعات اور قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کی مدد ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے۔ انسانی ہمدردی کسی مذہب، قوم یا سرحد کی پابند نہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ انسانی اقدار کے فروغ کے لیے امن، انصاف اور مساوات کو یقینی بنانا ضروری ہے، پارلیمان معاشرے کے کمزور و پسماندہ طبقات کی فلاح وبہبود کے لیے قانون سازی کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ یوم انسانیت، انسانیت کے احترام، امن اور خدمت کے عزم کی تجدید کا دن ہے۔

بقیہ 43

فراہم کی جا رہی تھیں اور دی جاتی رہیں گی، سپریم کورٹ کے گزشتہ روز کے فیصلے پر نظر ثانی ہونی چاہیے، اس بارے میں وزیر قانون تفصیلات بتا چکے ہیں، کہانیاں بنا کر سیاست نہ کریں، آپ کو عدالت نے ریلیف دیا ہے، سب کچھ ٹھیک ہے اور یہ بہت دیر تک ایسے ہی چلتا نظر آئے گا۔ بدھ کو یہاں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے حوالے سے گزشتہ روز سپریم کورٹ کا فیصلہ آیا، مسلم لیگ (ن) چاہے اقتدار میں ہو یا اپوزیشن میں، اس کی ہمیشہ یہ پالیسی رہی ہے کہ صحت کے معاملے پر سیاست نہیں ہونی

چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جب مسلم لیگ (ن) اپوزیشن میں تھی تو تحریک انصاف برسر اقتدار تھی اور اس وقت بانی پی ٹی آئی وزیراعظم تھے جو سٹیج پر کھڑے ہو کر اپوزیشن کو طعنے دیتے تھے کہ یہ جب جیل جاتے ہیں تو بیمار ہو جاتے ہیں، یہ جیل کے اندر گھر کے کھانے مانگتے ہیں، ایک طوفان بدتمیزی برپا کیا گیا اور اپنی جماعت کے لوگوں سے کہا گیا کہ بیماری کے اوپر بھرپور سیاست کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے بانی پی ٹی آئی کے علاج معالجے اور صحت کے حوالے سے بھی ایسی کوئی بات نہیں کی جس سے یہ تاثر ملے کہ حکومت صحت کے معاملے پر سیاست کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہر قیدی کو آئین وقانون اور جیل مینوئل کے مطابق صحت کی سہولیات کی فراہمی کا حق حاصل ہے، بانی پی ٹی آئی کو بھی یہ سہولیات فراہم کی جاتی رہی ہیں اور آئندہ بھی فراہم کی جاتی رہیں گی، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ جیل میں قیدیوں کو جیل مینوئل کے مطابق طبی سہولیات فراہم کرے، یہ ایک حق ہے جو ہر قیدی کو ملتا ہے مگر کیا کسی مخصوص نجی ہسپتال میں علاج کی سہولت بھی ہر قیدی کو حاصل ہو سکتی ہے؟ وزیر قانون نے اس حوالے سے واضح کیا ہے کہ اس معاملے پر نظر ثانی کی درخواست دائر کی جائے گی تاکہ اس کی وضاحت ہو سکے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ ہماری قیادت یا ہم نے کبھی بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے کوئی ایسی بات نہیں کی جس سے صحت کے معاملے پر سیاست کا تاثر ملے

بقیہ 44

دورہ نہیں کیا، جیل سپرنٹنڈنٹ کا نجی ہسپتال کی سیکیورٹی یا دیگر انتظامات سے کچھ لینا دینا نہیں، سرکاری ذرائع کے مطابق اس حوالے سے سوشل میڈیا پر چلنے والی خبریں فیک نیوز ہیں۔

بقیہ 45

ڈیجیٹل معیشت نے مالی سال 2026-27 کا آغاز مضبوط کارکردگی کے ساتھ کیا ہے، جولائی 2026 میں پاکستان کی ٹیلی کمیونیکیشن، کمپیوٹر اور انفارمیشن سروسز کی برآمدات 417 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں جو جولائی 2025 کے 354 ملین ڈالر کے مقابلے میں تقریباً 18 فیصد زیادہ ہیں۔ ایک سال میں ٹیکنالوجی برآمدات میں 63 ملین ڈالر کا اضافہ اس شعبے کی مسلسل ترقی اور عالمی مارکیٹ میں پاکستانی آئی ٹی سروسز کی بڑھتی ہوئی طلب کو ظاہر کرتا ہے۔ وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد کے مطابق ٹیکنالوجی برآمدات میں مسلسل اضافہ پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کے لیے حوصلہ افزا پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کے شعبے کو مزید وسعت دے کر پاکستان نہ صرف قیمتی زرمبادلہ کما سکتا ہے بلکہ نوجوانوں کے لیے اعلیٰ مہارت اور بہتر روزگار کے مواقع بھی پیدا کر سکتا ہے۔ یہ مضبوط آغاز ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب پاکستان کی آئی ٹی برآمدات مالی سال 2025-26 میں پہلے ہی ریکارڈ سطح پر پہنچ چکی ہیں۔ مالی سال 2025-26 کے دوران ٹیلی کمیونیکیشن، کمپیوٹر اور انفارمیشن سروسز کی برآمدات 4.6 ارب ڈالر رہیں جو گزشتہ مالی سال کے تقریباً 3.8 ارب ڈالر کے مقابلے میں 21 فیصد زیادہ ہے۔ ڈیجیٹل معیشت نے مالی سال 2026-27 کا آغاز مضبوط کارکردگی کے ساتھ کیا ہے، جولائی 2026 میں پاکستان کی ٹیلی کمیونیکیشن، کمپیوٹر اور انفارمیشن سروسز کی برآمدات 417 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں جو جولائی 2025 کے 354 ملین ڈالر کے مقابلے میں تقریباً 18 فیصد زیادہ ہیں۔ ایک سال میں ٹیکنالوجی برآمدات میں 63 ملین ڈالر کا اضافہ اس شعبے کی مسلسل ترقی اور عالمی مارکیٹ میں پاکستانی آئی ٹی سروسز کی بڑھتی ہوئی طلب کو ظاہر کرتا ہے۔ وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد کے مطابق ٹیکنالوجی برآمدات میں مسلسل اضافہ پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کے لیے حوصلہ افزا پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کے شعبے کو مزید وسعت دے کر پاکستان نہ صرف قیمتی زرمبادلہ کما سکتا ہے بلکہ نوجوانوں کے لیے اعلیٰ مہارت اور بہتر روزگار کے مواقع بھی پیدا کر سکتا ہے۔ یہ مضبوط آغاز ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب پاکستان کی آئی ٹی برآمدات مالی سال 2025-26 میں پہلے ہی ریکارڈ سطح پر پہنچ چکی ہیں۔ مالی سال 2025-26 کے دوران ٹیلی کمیونیکیشن، کمپیوٹر اور انفارمیشن سروسز کی برآمدات 4.6 ارب ڈالر رہیں جو گزشتہ مالی سال کے تقریباً 3.8 ارب ڈالر کے مقابلے میں 21 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ 46

کے اجلاس کی صدارت کی، جس میں زراعت، لائیو اسٹاک، غذائی تحفظ، زرعی تجارت، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں دونوں زرعی معیشت رکھنے والے ممالک کے درمیان زرعی تعاون کے وسیع امکانات کا جائزہ لیا گیا اور اس امر پر زور دیا گیا کہ دوطرفہ خیر سگالی کو عملی منصوبوں، تجارتی مواقع اور ادارہ جاتی شراکت داری میں تبدیل کیا جائے۔

بقیہ 47

بحری جہازوں کی آمدورفت معمول کے مطابق جاری ہے یا نہیں۔ برینٹ خام تیل کی قیمت 26 سینٹ یعنی 0.29 فیصد اضافے کے بعد 91.28 ڈالر فی بیرل ہو گئی، جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل 37 سینٹ اضافے کے بعد 85.31 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گیا۔

بقیہ 48

(آج) 20 اگست کو ملک بھر میں منایا جائے گا پاک فضائیہ کے جانباز پائلٹ آفیسر، نشان حیدر کے کم عمر ترین اعزاز یافتہ راشد منہاس شہید کا 55 واں یوم شہادت کل 20 اگست کو عقیدت و احترام سے منایا جائے گا۔ راشد منہاس شہید نے 20 اگست 1971 کو وطن کی حرمت اور سلامتی کا دفاع کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا تھا۔ (آج) 20 اگست کو ملک بھر میں منایا جائے گا پاک فضائیہ کے جانباز پائلٹ آفیسر، نشان حیدر کے کم عمر ترین اعزاز یافتہ راشد منہاس شہید کا 55 واں یوم شہادت کل 20 اگست کو عقیدت و احترام سے منایا جائے گا۔

بقیہ 49

کے سربراہ محسن رضائی نے کہا ہے کہ وہ دنیا کو خلیج فارس میں امریکی تسلط کے بعد کے عالمی نظام میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر ٹرمپ کی جانب سے آبنائے ہرمز کو امریکی علاقہ قرار دینے پر ردعمل میں محسن رضائی نے کہا کہ امریکا میں آبنائے ہرمز کھولنے کی صلاحیت نہ رکھنے اور اس کی ملکیت کا دعویٰ کرنے میں جو خلا ہے وہ اس سوا گیارہ ہزار کلو میٹر فرق سے بھی زیادہ ہے جو واشنگٹن اور آبنائے ہرمز کے درمیان ہے۔ محسن رضائی نے کہا کہ خلیج فارس میں امریکی تسلط کے بعد کا نظام ابھر رہا ہے۔ کے سربراہ محسن رضائی نے کہا ہے کہ وہ دنیا کو خلیج فارس میں امریکی تسلط کے بعد کے عالمی نظام میں خوش آمدید کہتے ہیں۔

عوامی اشتہارات

Himmat Classfied

درستگی ولدیت

میری بیٹی حنا کے برتھ سرٹیفکیٹ میں میرا نام Muhammad Adil لکھا گیا جبکہ میرا درست نام Muhammad Adeel ہے لہٰذا درستگی کیلئے مشتہر ہے۔
المشتہر: محمد عدیل ولد شیخ محمد نصیر

بقیہ 1

ﷺ کے موقع پر مذہبی اجتماعات، جلوسوں اور دیگر پروگرامز کے سکیورٹی و ٹریفک انتظامات کے ساتھ ساتھ اتحاد بین المسلمین، بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور امن و امان کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت نے کہا کہ 12 ربیع الاول کے موقع پر شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور امن و امان کا قیام پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ تمام مذہبی اجتماعات اور جلوسوں کے لیے موثر اور فول پروف سکیورٹی انتظامات یقینی بنائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ تمام متعلقہ اداروں، علماء کرام، تاجران اور مختلف مکاتب فکر کے نمائندوں کے ساتھ مکمل تعاون اور موثر رابطہ کاری کو ...

...

... اللہ بادینی نے کہا کہ 12 ربیع الاول، عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر کوئٹہ جو کہ ماضی میں اپنی مثبت روایات اور روابط کے حوالے سے مشہور تھا ہماری کوشش ہے کہ علماء کرام اور انتظامیہ سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے درمیان ہم آہنگی کو بڑھانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں اور عید میلاد النبی ﷺ کے جلوس اور دیگر پروگراموں کے حوالے سے ان میں اپنی شرکت کو یقینی بناتے ہوئے لوگوں میں مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دیں۔ 12 ربیع الاول کے موقع پر شہریوں کو بھرپور سکیورٹی فراہم کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ مذہبی اجتماعات اور جلوسوں کے دوران فول پروف سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا جبکہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی ٹریفک پلان مرتب کیا جائے گا۔

...

کیا کہ وہ اوران کے معائنہ کاروں کی ٹیم دیر الزور کے جوہری مرکز میں موجود تھے۔ جہاں اب کھدائی اور تلاش کا کام جاری ہے۔ علاوہ ازیں ایک جگہ سے بھی جوہری مواد ملنے کا انہوں نے انکشاف کیا، مگر اس دوسرے جوہری مرکز کے بارے میں کوئی بھی تفصیل ظاہر نہیں کی۔ انہوں نے اپنی ٹیموں کی اس کوشش کے جاری رکھنے کے لیے شامی حکومت کے تعاون کا ذکر کیا اور کہا اس سلسلے میں تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ 42

ملزمان کے قبضے سے 2 دستی بم اور 2 پسٹل برآمد ہوئے یاد رہے کہ ملزمان مبینہ طور پر دوشہ بازار میں دھماکے اور بازار کے لئے سامان لانے والی گاڑیوں پر حملہ کرنے میں ملوث بتائے جاتے ہیں۔

...

جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ائیر پورٹ روڈ، چشمہ، داریم، عمر، ویسٹرن بائی پاس، کلڈنی سینٹر، سی ٹی ایس، آریا ہسپتال، اور یان فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسکے علاوہ زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ، ایف سی، عسکری ون فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسی طرح 21 اگست کو (بروز جمعہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv شہباز ٹاؤن، بروری روڈ، ملک پلانٹ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

RESCHEDULE OF WALK IN INTERVIEW

With reference to Advertisement PRQ No. 755/11-08-2026 dated 11-08-2026, the scheduled walk in interviews for the Recruitment of Doctors & Staff Nurses in Health Department Naseerabad Division on 26th & 27th August, 2026 at 11.00 AM has been rescheduled due to Rabi-Ul-Awwal, 2026 holidays and now the same may be held as per following schedule:

S#	Name of Post	Date of walk in interviews	Time	Venue
1	Medical Officer	08-09-2026	11.00 AM	Commissioner Office Naseerabad Division at Dera Murad Jamali
2	Lady Medical Officer	09-09-2026	11.00 AM	
3	Staff Nurse			

DIVISIONAL DIRECTOR
HEALTH NASEERABAD DIVISION

PRQ No.931/19-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan